خزینۃ الاسرار
و
گنجینہ مجربات
مولفہ
مولانا احمد علی بن شاہ دوست
پنجگوری
AMLIYAAT BOOK'S GROUP

خزینۃ الاسرار
و
گنجینہ مجربات
مولفہ
مولانا احمد علی بن شاہ دوست
پنجگوری

بلیغہ تعالیٰ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ بنی اسرائیل پ ۱۵

خزینۃ الاسرار

مجربات علماء و مشائخ

معالجات روحانی و طبی پر مشتمل ایک نادر کتاب

جس میں ہند و پاک کے اکابرین علماء و مشائخ کے خصوصی عملیات مجربات اوراد و وظائف اور مجرب تعویذات کا نادر مجموعہ۔ زندگی کی اہم ضرورتوں سے متعلق مکمل مدلل جسمانی اور روحانی امراض کا شافی و کافی علاج۔ علاوہ ازیں متقدمین عاملین کاملین جات کے مجربات بھی شامل کر دیئے گئے ہیں۔ غرضیکہ بے شمار کتب عملیات کا لب لباب ہے۔

مؤلفہ

مولانا احمد علی بن شاہ دوست بنجگوری

خلیفہ مجاز مرشد عالم حضرت مولانا حافظ غلام حبیب صاحب چکوال والے و خطیب دکھنی مسجد
و مقیم میگراج المعروف بلوچ سٹریٹ بلد محمد جبیل ٹاؤن نعش گلی مسجد پاکستان چوک کراچی

ناشر: المکتبۃ الحبیب نیو سلطان آباد منگھوپیر کراچی

نام کتاب	خزینۃ الاسرار، مجربات علماء ومشائخ
مؤلف	مولانا احمد علی پنجگوری
بار اول	شوال المکرم ۱۴۱۳ھ
صفحات	۴۸۸
مطبع	ایجوکیشنل پریس کراچی
سرورق	عبد الرؤف
ناشر	المکتبۃ الحبیب
کتابت	عیسٰی سربازی
قیمت	

ملنے کے پتے

۱- المکتبۃ الحبیب کھنی مسجد پاکستان چوک کراچی
۲- ایجوکیشنل پریس پاکستان چوک
۳- المعہد العلمی مفتاح العلوم سوردو پنجگور بلوچستان

19 ذی الحجہ ۱۴۳۴ھ بمطابق 25 اکتوبر 2013ء
بروز جمعۃ المبارک، مولانا احمد علی پنجگوری، منبر محراب پر دوران خطبہ، حرکت قلب بند ہونے سے وصال ہوا۔
انا للہ وانا الیہ راجعون۔

فہرست مضامین مجرّبات مشائخ

حصۂ اوّل

عملیات و تعویذاتِ مولانا احمد علی پنجگوری
خلیفۂ مجاز مرشدِ عالم حضرت مولانا حافظ غلام حبیب صاحب
نقشبندی مجددی قدس سرہ

مضمون	صفحہ
مجرب عمل خواب سے بیدار ہونے کا قرآنی ٹائم پیس	۷۶
بچہ کا دل پڑھنے کے لیے لگ جائے	〃
مجرب المجرب نسخۂ اکسیر برائے اطمینانِ قلب و روح و سکون بخش برائے اعضاء و جوارح	۷۷
سورۂ انشراح تمام جسمانی امراض کے لیے عموماً اور ہمہ اقسام بخار کے لیے خصوصاً شافی و کافی ہے	〃
ہر درد و مرض اور ہر قسم کے سحر و آسیب کے لئے اکسیر علاج	۷۸
برائے ازالۂ سحر و جادو و دیگر امراض	〃
معمول برائے کاٹنے یرقان یعنی پیلیا کے	۷۹
دنیا کی بڑی سے بڑی بلا و مصیبت کے پاش پاش ہونے کے لئے دعائے حزب البحر کا ایٹم بم	۸۰
دافعِ اثرِ سحر ہر قسم	〃
عمل برائے زبان بندی دشمن	۸۱
دیگر برائے زبان بندیِ عدو	〃
استخارہ مجربہ	۸۲
سحر و مرضِ مایوسہ	〃
برائے سکون از زیادتی شہوت و برائے زوالِ شہوت از زنا	۸۳
غلام یا اولاد کہا مانے	〃
برائے ردِ سحر و آسیب	۸۴
برائے رشتۂ دختر (لڑکی)	〃

مضمون	صفحہ
ایک نایاب تعویذ برائے مرضِ شوگر	۸۵
ہر تکلیف و درد کے لئے دم کریں	۸۶
ایڑیوں اور پیر کے پنجوں میں تکلیف کا علاج	〃
جنات و جادو کے سخت اثرات سے بیہوشی طاری ہونے کا علاج	〃
میاں بیوی کے مابین انتہائی ناچاقی کی صورت میں طلاق کی شکل پیدا کرنا	۸۷
چوپائے کے لات مارنے اور نظرِ بد لگنے کا علاج	۸۸
برائے نظر	〃
جو جانور دودھ نہ دے اس کا علاج	۸۹
کلونجی موت کے سوا سب امراض کا علاج ہے	〃
اس گائے یا بکری کی وحشت دور کرنے کے لئے جو اپنے بچے سے نفرت کرتی ہیں	۹۰
برائے تقویتِ دماغ	〃
برائے ضعفِ بصر	〃
مرض ذیابیطس کا علاج	۹۱
تعویذ برائے شفاء ہر درد عرق النساء وغیرہ	〃
ایضاً برائے بیماری ہر قسم	〃
ہر مرض کے لئے	۹۲
حضرت عثمان فرماتے ہیں	۹۳
لاعلاج مرض کا علاج	〃
لاعلاج بیماری کو مفید ہے	〃

تعارف

خزینۃ الاسرار مجربات علماء و مشائخ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

امابعد

اس کتاب کا نام خزینۃ الاسرار مجربات علماء و مشائخ رکھا گیا ہے جو قرآن و حدیث کے علاوہ بھی متعدد کتب بلکہ پچیس کتب کا لب لباب ہے جس میں (۱) حیوٰۃ الحیوان مصنفہ علامہ دمیریؒ (۲) مجربات امام غزالی (۳) مجربات امام سیوطی (۴) آکام المرجان فی غرائب الاخبار واحکام الجان مصنفہ قاضی بدر الدین (۵) شمس المعارف مصنفہ علامہ بونیؒ (۶) اصلی جواہر خمسہ کامل مصنفہ قدوۃ الکاملین حضرت شیخ محمد غوث گوالیاریؒ (۷) فتاویٰ شامی مصنفہ علامہ شامیؒ سے استفادہ کیا گیا ہے۔ غرضیکہ خزینۃ الاسرار مجربات علماء و مشائخ عملیات کے مشہور و معروف خورد و کلاں کتب کا لب لباب اور خلاصہ ہے۔ خزینۃ الاسرار تین حصوں پر مشتمل ہے اور تینوں حصوں کو یکجا کرکے ایک حسین و جمیل جلد میں بند کر دیئے ہیں ویسے ہر حصہ الگ بھی دستیاب ہے۔ تینوں حصوں کا مختصر تعارف ملاحظہ فرمادیں

(۱) حصہ اول بنام مجربات مشائخ جس میں اکابر علماء دیوبند کے ممتاز ترین شخصیتوں کے مجربات قلمبند کر دیئے گئے ہیں۔ اسی طرح علماء باطن مشائخ عظام کے مجربات بھی بطور تبرک شامل کر دیئے گئے ہیں۔

(۲) حصہ دوم کا نام گنجینہ مجربات رکھا گیا ہے جس میں بڑے بڑے بزرگان دین عاملین کرام اور مشائخ عظام، علماء کرام کے روز آزمودہ ورد و وظائف و تعویذات کا تذکرہ ہے

(۳) حصہ سوم کا نام مجربات عاملین کاملین رکھا گیا ہے جس میں پاکستان کے ممتاز ترین عامل کامل محترم جناب محی الدین قریشیؒ کے روزمرہ کے زوداثر ورد و وظائف اور مجربات تعویذات جن کو انہوں نے بذریعہ مؤکلین جنات جمع کر دیئے تھے۔ عاجز واثیم از حضرت قریشی کے مجاز ہونے کے بعد ان مجربات کو جو ڈاکٹری اور طبی اصولوں کے مطابق تجربہ کئے گئے ہیں کتابی شکل میں لانے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ مجربات عاملین کاملین کے اندر انسانی جسم و جسد کے ہر ہر جزو کے امراض کیلئے الگ الگ ورد و وظائف اور شرعی تعویذات تجویز کر دیئے گئے اور بعض اعضاء و جوارح کی جائز تصاویر بھی دی ہوئی ہیں۔ دیگر ہر عضو کے علاج کے لئے کئی تعویذات تجویز کر دیئے گئے بلکہ تمام اعضاء و جوارح کے جمیع امراض کیلئے کئی تعویذات و وظائف کو نمبر واری سے درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ بوقت ضرورت اگر ایک نمبر کا تعویذ و وظیفہ تیر بہدف ثابت نہ ہو تو دو نمبر کا انشاء اللہ یقیناً تیر بہدف ثابت ہوگا۔ اسی طرح سے اگر ضرورت پڑی تو دوسرا نسخہ تیسرا نسخہ الخ بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ یہ چونکہ مؤکلین حضرات کے نمبر واری سے مجربات ہیں اسلئے انشاء اللہ تعالیٰ حتماً ان میں اثرات نمایاں طور پر پائے جائیں گے اس لئے علاج کا یہ طریقہ کار مؤکلین جنات کے نزدیک بہت ہی مشہور و معروف اور مقبول و مرغوب ہے۔ اول تو انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی نسخہ سے تشفی اور تسلی ہوگی

اور دیگر نسخہ جات کے استعمال کرنے کی نوبت ہی نہیں آئیگی۔ حضرت قریشی کی اس بیاض میں بلا
ترتیب تھی عاجز و اثیم نے از ابتداء تا انتہاء اس میں ترتیب قائم کرکے پھر آیتوں کی نشاندہی
کرکے پارہ سورہ اور رکوع متعین کردیئے اور موکلین جنات عاشقین رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے دلبر اور دلآویز عربی اشعار جو بیاض میں غلط سلط اور بے ڈھنگ سا اور بلا
ترتیب کے تحریر تھے ان تمام عربی اشعار کو راقم الحروف نے جمع کرکے صحیح اور درست
کردیئے جس کو حضرت قریشی صاحب دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ حضرت قریشی صاحب کی بیاض
مٹ کر غائب ہوگئی اور مجھ سے ایک نقل طلب کی بندہ نے ان کے لئے ایک نقل بھیج
دی، مگر دوبارہ معلوم ہوا کہ نقل کو بھی شیاطین نے مٹا دیا۔ الحمدللہ وہ بیاض
عاجز کے پاس تاکنون بالکل محفوظ ہے۔ اور بار بار آپ نے اس بیاض کے چھاپنے کی خواہش
ظاہر کی الحمدللہ ثم الحمدللہ عاجز و اثیم نے کافی اضافے کے ساتھ بیاض مکمل کرکے اپنی ضخیم
کتاب بنام خزینۃ الاسرار، مجربات علماء و مشائخ کا مستقل ایک جزو بنادیا تاکہ مجربات
مشائخ کی برکت سے اس کی افادیت پر چار چاند لگے اللہ تعالیٰ کی بڑی سپاس گزاری ہے
کہ کتاب چھپ کر منظر عام پر پہنچ کر ہدیۂ ناظرین ہے۔ باری تعالیٰ سے دعاء ہے
کہ وہ اس کتاب کو مؤلف اور قارئین کرام کی نجات کا ذریعہ اور وسیلہ بنادے

نوٹ: اس کتاب کے مضامین جمع کرتے وقت کامل وضوء کا اہتمام کیا گیا ہے
لہٰذا بلا وضو کے نہ کتاب کو ہاتھ لگانا مناسب اور نہ اس سے تعویذ لکھنا
جائز۔ فقط

ملتمس دعاء:
مولانا حاجی احمد علی بن شاہ دوست پنجگوری
خلیفۂ مجاز مرشد عالم حضرت مولانا حافظ
غلام حبیب صاحب مدیر دارالعلوم حنفیہ چکوال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم، اما بعد

راقم عاجز و اثیم اپنے حضرت شیخ، مرشد عالم حضرت مولانا حافظ غلام حبیب صاحب
نقشبندی مجددی کے مجرب فرمودہ چندے ورد و وظائف اور اپنے اکابر علماء سلف
کے مجرب عملیات و تعویذات و وظائف کو سپرد قلم کرنے کی سعادت حاصل کررہا
ہے تاکہ امت مسلمہ کو سلف صالحین کے معتبر شدہ عملیات و وظائف سے فائدہ حاصل
ہوجائے۔

ایک تو عام عاملین کے اوراد و وظائف، عملیات اور تعویذات ہوتے
ہیں اور دوسرے علماء ربانیین کہ درحقیقت ظاہری اور باطنی طور پر عامل شریعت
ہیں ان دونوں کے عملیات میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ جو حضرات عامل شریعت
نہیں ان کے تعویذات میں وہ قوت باطنی نہیں پائی جاتی جو عامل شریعت کے عملیات
و تعویذات میں پائی جاتی ہے۔ باقی تعویذ و نقش بذات خود تاثیر نہیں رکھتے۔ ہاں
حکم ربی ہوگا یقیناً اس میں اثر پایا جائیگا۔ اسلئے عامل ہمہ تن باری تعالیٰ کی طرف
متوجہ ہو، عاجزی و انکساری کو اپنا شیوہ بنائے اور ساتھ ساتھ مریض کے حق میں
دعاگو اور دعاء جو بھی ہو اور رضائے الٰہی ہر وقت مدنظر ہو، ہر قسم کے دعوے
سے اجتناب کرے۔ صاحب نسبت ہونا ضروری ہے تاکہ قانع بن کر طمع و لالچ
کے مرض سے محفوظ ہو۔ دیگر تعویذ لکھتے وقت حدث اکبر و حدث اصغر سے پاک ہونا
از حد ضروری ورنہ اثر نمودار نہ ہوگا۔ فقط دعاگو اور دعاجو

احمد علی بن شاہ دوست
خلیفۂ مجاز مرشد عالم حضرت مولانا حافظ غلام حبیب صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجرب عمل حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی کو کوئی مہم پیش آئے تو سورۂ یٰسٓ شریف پڑھیں اور ہر مُبِین پر پہنچکر ستّا بار سورۂ فاتحہ مع تسمیہ اول آخر درود شریف کیساتھ پڑھیں

مجرب عملیات و تعویذات

حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند

نقش برائے فتح مقدمہ وغیرہ بر دشمن و تسخیر حکام (بہت مجرب ہے)

۷۸۶

۸	۹۴	۹۷	۱
۹۶	۲	۷	۹۵
۳	۹۹	۹۲	۶
۹۳	۵	۴	۹۸

یا اللہ جل جلالہ بہ برکت این نقش ہر بلا دفع شود جملہ حکام مسخر شوند۔

برائے دردِ زہ (بچہ کی ولادت کے لئے)

یہ تعویذ لکھ کر عورت کے ہاتھ میں دیدے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے

ز	ب
ھ	ط
ج	د

دیگر برائے ولادتِ طفل

ایک نقش لکھ کر حاملہ عورت کو کھلاوے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً بچہ ہوگا۔

خَلَقَ النفس مِنَ النفس خَلَقَہَا وَالّتِی مَا فِی بَطنِہَا

بچہ کو ضد اور رونے سے باز رکھنے کا عمل

اس عبارتِ ذیل کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ ضد، شرارت اور رونے سے باز رہے گا۔

ط ط ط ط ط ط ھی ھی ھی ھی ھی ھی قدوس قدوس
قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس یا اسم فلاں بن فلاں

نوٹ: پہلے فلاں کی جگہ بچے کا نام اور ابن کے بعد فلاں کی جگہ بچے کے باپ کا نام لکھے

برائے عقیمہ (بانجھ)

(حصولِ اولاد کے لئے)

حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر اجودھنی رحمہ نے ارشاد فرمایا کہ یہ کلمات کاغذ کے سات ٹکڑوں پر لکھے اور ہر روز ایک ٹکڑا کاغذ

شکر کے ساتھ باوضو بانجھ عورت کو کھلائے انشاء اللہ لڑکا ہوگا۔

سر جمع سر سر جمع	سر سر شر سر جمع

مجرب عملیات

حضرت الحاج سید عابد حسین صاحب دیوبندی

برائے فراخی رزق

مندرجہ ذیل عمل خلوص نیت اور حصول مقصد کے لئے تیر بہدف ہے لیکن اکلِ حلال اور صدقِ مقال، نیز ظاہری و باطنی طہارت ضروری ہے۔ درود شریف گیارہ مرتبہ، سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اکتالیس مرتبہ۔ بعد ازاں اکتالیس بار یہ دعا پڑھے یَا اللّٰہُ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لِیْ اَبْوَابَ رِزْقِكَ۔

مذکورہ دعا کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

تعویذ برائے تپ ولرزہ (سردی کے بخار کے لئے)

ہاروت	ہاروت	کس	ل
ماروت	ماروت	مع	ف
۲۵۸	۷۸۶	یا شافی	یا کافی

یا شافی الامراض شفا عطا فرما مریض کو تپ ولرزہ وغیرہ سے

مندرجہ بالا تعویذ مریض کو اس طرح پہنایا جائے کہ اس کے گلے سے ملا ہوا رہے

عملیات

حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتویؒ

برائے ادائے قرض

اَلَمْ نَشْرَحْ پوری سورۃ اکہتر مرتبہ بوقتِ مقررہ پڑھے انشاء اللہ قرض سے جلد خلاصی ہوگی۔

نقش برائے آسیب زدہ۔ ہاتھ میں یا گلے میں باندھے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

١	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣
٦	٩	١٦	٣
٥	٤	٥	١٠

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

١١١٥ ١١١١

نقش برائے آسیب زدہ (پلانے کے لئے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

٦	٧	٢
١	٥	٩
٨	٣	٤

وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا

فتیلہ آسیب از منقولات حضرت مولانا محمد اسحٰق صاحبؒ

جن فتیلوں سے آسیب جل جاتا ہے ایسے فتیلوں میں یہ عبارت بڑھا دینا چاہئے اگر نہ گریزد سوختہ شود

فرعون بے عون — ہامان شرمار
عاد ثمود نمرود — ابلیس کلھم

فی النار

نقش برائے استحاضہ (لکھ کر پلائیں)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	قولا	من	رب
قولا	من	رب	رحیم
من	رب	رحیم	مشکل
رب	رحیم	مشکل	کشاید

نوٹ: جن فتیلوں سے آسیب جل کر راکھ ہو جاتا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں ملاحظہ ہوں۔

فتیلہ آسیب زدہ مریض کے دھونی دینے کے لئے

فاما من خفت موازینہ فامہ ہاویہ وما ادرٰئک ماھیہ نار حامیۃ

اللہ	العجل	١٩	١٧	٢٦	٨	٢٩	١	العجل	اللہ
باق	العجل	٢١	١١	١٤	٢٨	١٢	٦	العجل	باق
من	العجل	١٣	٢٢	١٦	٢٤	٧	١٠	العجل	من
کل	العجل	٢٧	٤	٣	٢٠	١٥	٥	العجل	کل
فان	العجل	١٦	٢	٩	١٨	٢٣	٢٥	العجل	فان

اس نقش کے فتیلہ کو نیلے رنگ کے سوتی کپڑے میں لپیٹ کر مریض کو بوقت گھبراہٹ دھونی دیں

برائے مسحور و جنات۔ سات رات تک مندرجہ ذیل فتیلہ جلانا ہے

٧٨٦

١٦	٢	٣	١٣
٥	٧	٦	٨
٩	١١	١٠	١٢
٤	١٤	١٥	١

یہ نقش فتیلہ برائے بھوت، آسیب وغیرہ کے لئے کڑوے تیل وغیرہ میں ڈال کر چراغ میں آسیب زدہ کے سامنے روشن کرے انشاء اللہ مریض صحت یاب ہوگا۔

مُجرّب عملیاتِ
حضرت مولانا خلیل احمد صاحب مہاجر مدنی قدس سرہٗ

بچوں کی بدخوابی، دودھ نہ پینا اور زیادتی گریہ سے نجات کیلئے

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ بچے کے گلے میں باندھیں

برائے ردِّ سحر

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرُ الْقَاھِرُ الْقَائِمُ الْکَافِیْ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ

شَرِّ عَدُوٍّ وَهُوَ اَقْوٰی مِنِّیْ بِرَبِّ مُوَافُوْلِی مِنْهُ مریض خود اپنے اوپر دم کرلے یا دوسرا پڑھ کر اس پر دم کردے تعداد ایک سو گیارہ بار بوقت دفع ہر بلا اور ردِ سحر کے لئے بہت ہی نافع ہے۔

مرضِ لاعلاج کے لئے

سفید طشتری پر سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھ کر یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ لکھا جائے اور آبِ زمزم میں گھول کر قبل طلوع آفتاب چالیس دن متواتر مریض کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کامل طور پر صحتیاب ہوگا۔

بے روزگاری یا قرض کی شکایت دور کرنے کیلئے

یَا مُغْنِیُّ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

مقدمہ وغیرہ کی پریشانی

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ بعد نماز عشاء پانچسو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے۔

سنگین مقدمہ میں کامیابی کے لئے

کچہری یا عدالت میں جانے سے قبل تین یا سات مرتبہ سورہ قریش پڑھ کر سینہ پر دم کرے اور پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم کہہ کر اندر قدم رکھے انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔

عملیات حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

ہر مقصد کے لئے یہ تعویذ

ہر مقصد کے لئے یہ تعویذ لکھ کر دیں

۵۱۱۱ ج ‡ ۱۱۱ ھ ۶

نقش برائے ہر مرض

نقش برائے ہر مرض حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ و حضرت مولانا رفیع الدین صاحب رح

ح ++ ۱۱۱۱ ھ ۶

۱۱۱۵

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں

عملیات وتعویذاتِ

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

سر کا اور دانت کا درد اور ریاح کے لئے

ایک پاک تختی پر پاک ریت بچھا کر ایک میخ سے اس پر یہ لکھو اَبْجَدْ هَوَّزْ حُطِّیْ اور میخ کو زور سے الف پر دباؤ اور درد والا

اپنی انگلی زور سے درد کی جگہ پر رکھے اور تم ایک دفعہ الحمد آخر تک
پڑھو اور اس سے درد کا حال پوچھو اگر اب بھی درد ہو رہا ہو تو اسی
طرح ب کو دباو غرض ایک ایک حرف پر اسی طرح عمل کرو انشاء اللہ
تعالٰی حروف ختم نہ ہونے پائیں گے کہ درد جاتا رہے گا یہی عمل دیگر تمام
اقسام کے درد کے لئے کارآمد اور شافی و کافی ہے

سر کا درد خواہ آدھا سیسی کا یا دوسری طرح کا

آیت ذیل لکھ کر درد کے موقع پر باندھ دیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ (پوری سورت) لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا هُمْ
یُنْزِفُوْنَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ
النَّارِ ۔

سر درد کی مجرب جھاڑ

ایک پرچہ پر بسم اللہ پوری لکھ کر اس کے نیچے موٹے قلم سے حرف
(س) لکھے اور اس کے پہلے شوشہ پر میخ گاڑ کر کسی لکڑی سے بسم اللہ
پڑھ کر سات مرتبہ اس میخ پر لکڑی مارے چند مرتبہ ایسا کرنے سے
بہت نفع ہوگا۔ مجرب ہے

مرضِ ناسور کا علاج

اگر کوئی شخص مرضِ ناسور میں مبتلا ہو جو اکثر گلے میں ہو جاتا ہے
اس کے علاج سے ڈاکٹر اور طبیب عاجز ہیں۔ اس کے واسطے یہ

ایک فقیر کا فرمودہ ہے بہت مجرب ہے وہ یہ ہے کہ اول کچی زمین
پر مریض مصلٰی بچھا کر سجدہ میں پڑ کر عجز و انکساری کے ساتھ بارگاہ
الٰہی میں دعا کرے اور پھر یہ اسماء بہت کثرت سے پڑھنا شروع کرے
جس حالت میں بھی ہو بیٹھا ہو لیٹا ہو ہر وقت پڑھتا رہے انشاء اللہ
تعالٰی چند روز میں خود بخود بہت نفع ہوگا۔ کئی آدمیوں کو اس سے
نفع ہو چکا ہے وہ اسماء یہ ہیں

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

سانپ بچھو یا بھڑ وغیرہ کا کاٹ لینا

ذرا سے پانی میں نمک گھول کر اس جگہ ملتے جائیں اور قُلْ یٰٓاَیُّهَا
الْکٰفِرُوْنَ پوری سورت پڑھ کر دم کرتے جائیں بہت دیر تک ایسا ہی
کریں انشاء اللہ تعالٰی بہت ہی فائدہ ہوگا

باؤلے کتے کا کاٹ لینا

آیت اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا وَّاَكِیْدُ كَیْدًا فَمَهِّلِ
الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا تک ایک روٹی یا بسکٹ کے
چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا روز اس شخص کو کھلانا چاہیے۔
انشاء اللہ تعالٰی ہڑک نہ ہوگی۔

ہر وقت بیداری کے لئے قرآنی ٹائم پیس

اگر وقتِ مقررہ پر اٹھنے میں دشواری ہو تو مندرجہ ذیل آیت ایک

مرتبہ پڑھ کر سورہے (یہ عمل شب و روز دونوں کے لئے ہے) انشاء اللہ تعالیٰ وقتِ مقررہ پر ضرور بیدار ہوگا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتْ لَھُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا خٰلِدِیْنَ فِیْھَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْھَا حِوَلًا ٥ قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِہٖ مَدَدًا ٥ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ کَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّہٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِکْ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖٓ اَحَدًا ٥ پ ١٦ آخر سورۂ کہف ع ١٢

نوٹ : یہ ایک مرتبہ پڑھ لے جس وقت کو ذہن میں متعین کردیگا کہ وقتِ مقررہ پر بیدار ہوجاؤں انشاء اللہ سو فیصد یقینی طور پر ضرور بیدار ہوجائیگا۔

برائے سہولتِ نکاح

بعد نمازِ عشاء یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ گیارہ سو گیارہ بار اول و آخر درود شریف چالیس روز تک متواتر پڑھے اور اس کا تصور کرے انشاء اللہ تعالیٰ مقصود بر آویگا۔ چالیس دن سے پہلے کام ہوجائے تب بھی چالیس دن پورے کرے، چھوڑے نہیں

ناف کے ٹلنے کے لئے

ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

اس نقش کو ناف پر باندھیں۔

تسخیرِ حکام کے لئے مجرب ہے

اس اسماء کو حاکم کے سامنے پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرم ہوجائے گا یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ

حُکّام کو نرم کرنے کا عمل

ان چاروں حروف کو اپنے داہنے ہاتھ کی انگلیوں پر پڑھ کر حاکم کو سلام کرے اور فوراً مٹھی بند کرے حاکم مطیع ہو انشاء اللہ تعالیٰ
الف یا سین میم

برائے اصلاحِ زوجین مجرب ہے،

میاں بیوی میں باہم سلوک کرانے کے لئے یہ لکھ کر دے یا دم کرکے کھلاوے یا پلاوے انشاء اللہ فوراً محبت ہوگی مجرب ہے۔ ناجائز جگہ اس کا استعمال کرنا نقصان کا باعث بنتا ہے یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّ اُنْثٰی وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ اَلِّفْ بَیْنَ فلان ابن فلان وفلانۃ بنت فلان کما اَلَّفْتَ بَیْنَ موسٰی وھارون مَثَلُ کَلِمَۃٍ طَیِّبَۃٍ کَشَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ اَصْلُھَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُھَا فِی السَّمَآءِ تُؤْتِیْٓ اُکُلَھَا کُلَّ حِیْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّھَا وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَذَکَّرُوْنَ

نوٹ : اس میں فلان ابن فلان کی جگہ پر شوہر کا نام لکھے اور فلانۃ

بنت فلاں کی جگہ پر بیوی کا نام لکھے

استخارہ مجرب

اول گیارہ سو مرتبہ اسم الرَّحِیْمُ پڑھے اور بعد ختم ڈیڑھ آنہ دس پیسے نئے کی شیرینی بچیوں میں تقسیم کرے اور یہ نیت کرے کہ اس کا ثواب اولیاء اللہ کو پہنچے بس اب اس کے عامل ہوگئے۔

بوقت ضرورت ایک پرچہ پر صرف الرَّحِیْمُ لکھ کر رات کو سر کے نیچے رکھے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں جو معاملہ دیکھنا ہوگا ضرور معلوم ہو جائے گا۔ (مجرب ہے)

مجرّب عملیات

حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمہ اللہ

سابق محدث دارالعلوم دیوبند

برائے ادائے قرض

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ

مندرجہ بالا دعا کو اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ روزانہ ایک سو ستر مرتبہ پڑھی جائے

برائے قوت حافظہ

مندرجہ ذیل آیات زعفران سے چینی کی طشتری پر تحریر کریں اور

جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ

برائے اضافہ شیر دودھ میں اضافہ کے لئے

دودھ میں اضافہ کے لئے زیرہ سفید پر چالیس مرتبہ سورۂ کوثر اور چالیس مرتبہ یَا رَزَّاقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ پڑھ کر دم کر دیں اور عورت کو کھانے کے لئے دیدیں

تعویذ برائے افزائش رزق و مشاہرہ یعنی تنخواہ

۷۸۶

۱۱۴	۹۴	۱۲۲
۱۱۸	۱۱۰	۱۰۲
۹۸	۱۲۶	۱۰۶

مندرجہ بالا تعویذ دائیں بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت اور ترقی ہوگی۔ (مجرب ہے)

مُجرّب عملیات

حضرت مولانا محمد یٰسین صاحب مدرس دارالعلوم دیوبند

آسیب یا سحر وغیرہ کے معلوم کرنے کا طریقہ

نیلا دھاگہ سوت کا سات تار مریض کے

قد کے برابر لکر اس پر سات مرتبہ یہ آیت قبل از مغرب پڑھے وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ یہ نیلا دھاگہ رات کو مریض کے سرانے یا تکیے کے نیچے رکھا جائے صبح پھر ناپا جائے اگر بڑھ جائے تو آسیب کی علامت ہے۔ گھٹ جائے تو سحر کی۔ اور اگر برابر رہے تو عام مرض ہے

مجرب برائے کشائش رزق حضرت گنگوہیؒ فرماتے ہیں کوئی وقت معین کر کے ہر روز اسی مقررہ وقت پر ۱۱۰۰ مرتبہ یَا بَاسِطُ پابندی سے پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

کشائش رزق کے لئے طلوع صبح صادق کے بعد نمازِ فجر سے پہلے ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

مجرّب شدہ برائے ادائے قرض اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

برائے منظوری درخواست وعرضی لکھی ہوئی درخواست پر بغیر روشنائی یعنی سیاہی کے خالی انگلی سے یہ کلمات لکھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَ الصَّابِرِيْنَ نَصْرًا ۱ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَيْهِ يُسْرًا كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ

نقش برائے مقہوری اعداء

ق	ا	ھ	ر
ھ	ر	ق	ا
ر	ھ	ا	ق
ا	ق	ھ	ر

بچے کے غیر معمولی رونے کا علاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ

یہ لکھ بچے کے گلے میں ڈال دیں

جو بچہ ماں کا دودھ نہ پیے اس کا علاج

یہ آیات لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

برائے گریہ طفل

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ وَاَنْتُمْ سَامِدُوْنَ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا

یہ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالا جائے۔

دفع متلی وقے واضطرابِ قلب

مندرجہ ذیل کلمات زبان سے کہے انشاء اللہ تعالیٰ تکلیف دور

ہو جائے گی۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیٹے عبداللہ کے، عبداللہ بیٹے ہاشم کے، ہاشم بیٹے عبدمناف کے

نیند میں بڑبڑانے کا علاج

اسماء الٰہیہ میں سے یہ چودہ نام لکھ کر گلے میں باندھ لے خواب اور نیند میں بکواس اور بڑبڑانے کی عادت چھوٹ جائے گی۔ وہ نام یہ ہیں
اَللّٰہُ اَلْغَفَّارُ۔ اَلْوَھَّابُ۔ اَلْقَھَّارُ۔ اَلْفَتَّاحُ۔ اَلْقُدُّوْسُ۔ اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔ اَلشَّھِیْدُ۔ اَلصَّمَدُ۔ اَلْمَلِکُ۔ اَلْعَظِیْمُ۔ اَلْکَرِیْمُ اَلْاَکْرَمُ

برائے قوتِ حافظہ اور دفعِ نسیان کے لئے

تفسیر ابن کثیر ج ۱ ص ۲۰۸ میں حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ آیۃ الکرسی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر زعفران سے لکھ کر چاٹنا اور سات مرتبہ لکھ کر چاٹنے کا عمل کرنا بہت نافع اور مفید ہے۔

برائے تحصیلِ علم اور امتحان طلبہ

یا علیم تعلمت بالعلم والعلم فوعلم علمک یا علیم اس دعا کو صبح کی نماز کے بعد پچیس مرتبہ باقی نمازوں کے بعد تین تین مرتبہ پڑھا کریں۔

ایضاً امتحان میں کامیابی کے لئے

بعد نماز صبح سو مرتبہ آیت کریمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّی

کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پابندی سے پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

زہر خوردہ کا علاج

جس شخص نے کوئی زہر کھا لیا ہو اس کو مندرجہ ذیل نقش اور دعا لکھ کر پانی میں گھول کر پلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ زہر اثر نہ کریگا

طہ	طہ	طہ	طہ
طہ	طہ	طہ	طہ
طہ	طہ	طہ	طہ
طہ	طہ	طہ	طہ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا

عملیات

حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانی قدس سرہٗ

سابق مفتی اعظم دار العلوم دیوبند

برائے دردِ سر

ھو	ھو
ھو	ھو

اس تعویذ کو کپڑے میں لپیٹ کر سر پر باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ درد فوراً موقوف ہوگا۔

برائے تپ و لرزہ

ع ططط ططط ططح

مذکورہ نقش مریض کے گلے میں باندھیں۔ جس وقت سردی سے بخار شروع ہو اس وقت ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں اور جب لرزہ پوری شدت پر پہنچ جائے اس وقت دوسرا تعویذ گھول کر پلائیں تیسرا تعویذ لرزہ ختم ہونے کے بعد پلائیں پھر دوسرے روز اسی طرح تین تعویذ لکھ کر گلے میں باندھیں اول تو انشاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں چڑھے گا لیکن اگر بخار کی نوبت آئے تو تینوں تعویذ حسب ترکیب گھول کر پلا دیں۔ اسی طرح تین روز عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی روز کامیابی ہوگی۔ اگر اول دن ہی بخار سے نجات مل جائے تو تعویذوں کو گلے میں باندھا رہنے دیں بعد ازاں ان کو کسی جنگل کے کنوئیں یا دریا وغیرہ میں ڈال دیں۔

عملیات

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی قدس سرہٗ

گنڈہ برائے آسیب

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت کچا ڈیڑھ گز لمبا لیکر اکتالیس بار آیت ذیل پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر اس کے اندر دم کر کے بند کر دیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا (پ۳۰ سورۂ طارق)

گنڈہ برائے حفاظتِ حمل

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لیکر سورہ یٰسین پوری پڑھیں اور ہر مُبِین پر ایک گرہ لگا کر دم کر دیں پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں کُل سات گرہیں ہوں گی حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا۔

گنڈہ برائے بواسیر خونی

کچا سوت سرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس تار لیکر سورہ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ پوری اکیس بار پڑھ کر گرہ لگاتا اور دم کرتا ہے پھر الٹی طرف سے گرہ پر لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ایک بار دم کر دے پھر سیدھی طرف سے ایک بار ہر گرہ پر وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ دم کرتا چلا جائے اور بواسیر والے کی کمر پر باندھ دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ باذن اللہ بہت آرام ہو جائے گا

برائے حفاظت از مار و کژدم وغیرہ جانورانِ موذیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ

گیارہ بار صبح اور شام اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھا جا

لیکن اعتقاد کامل کا ہونا ازحد ضروری ہے

ایضاً برائے حفاظت از جانورانِ موذیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین بار صبح و شام پڑھا کریں

ازالۂ سحر

سات پتے بیری کے لیکر ان کو پیسیں اور سات کنوؤں نلوں کا پانی لے اور اس میں گھول لیں اس پانی پر اکیس اکیس مرتبہ آیۃ الکرسی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر پانی پر دم کردیں اور اس پانی کے تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور بقیہ سے مریض غسل کریں۔ غسل کا پانی ایسی جگہ گھر سے باہر دفن کردیں جہاں ناپاکی (پیشاب پاخانہ) نہ گرتے ہوں۔ یہ عمل چودہ دن کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ مکمل افاقہ ہوگا غسل صبح کو قبل زوال کیا جائے۔

عملیات

حضرت مولانا شاہ عبدالحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تعویذ برائے چیچک

مندرجہ ذیل تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں ڈالدیں اور سوا روپے تعویذ لینے والا بنامِ خدا خیرات کرے (اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

تعویذ برائے حفاظت از ہیضہ

اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھے اور تعویذ باندھنے والے کی طرف سے سوا روپے خیرات کردے۔ تعویذ یہ ہے

الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکابر اولیاء
ولد حضرت شیخ احمد سرہندی مجددی الف ثانی
رضی اللہ تعالیٰ عنہما از شرِ بلائے وبا نگہ دار
اللہ شافی اللہ کافی

تعویذ برائے حفاظت اطفال

اس سے بچے ہر بلا سے محفوظ رہیں گے اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کرکے بچوں کے گلے میں ڈالدے۔ اللہ تعالےٰ اسم کی برکت سے حفاظت میں رکھے گا انشاء اللہ تعالےٰ۔ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ کُلِّھَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

مجرب عملیات وتعویذات

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

مایوس العلاج مریض اور تپ دق اور ٹھہرے ہوئے بخار کیلئے مفید عمل

نماز عصر کے بعد سورۂ مجادلہ (پارہ ۲۸ کے شروع کی سورت) تین بار پڑھ کر ہر مرتبہ مریض پر پھونکا کریں یہ بھی متواتر چالیس روز تک عمل میں لائیں۔ یہ عمل حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنیؒ کے تجربہ میں رہا ہے اور الحمد للہ متعدد مایوس العلاج حضرات شفایاب ہوئے ہیں۔

سحر کے دفعیہ کا عمل

سفید مرغ کو باوضو ذبح کرکے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر "جادو بر سرِ جادوگر" موٹے حروف میں لکھ کر جہاں وہ مریض سویا کرتا ہے اس کاغذ کو چھت پر لٹکا دیں اس طرح سے کہ کاغذ مذکورہ اس مریض کے سینہ پر رہے۔

ردِ سحر کا عمل

جاری پانی دریا یا نہر کا یا سات کنوؤں کا پانی ایک مٹکا بھر کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیات گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۂ فلق اور

سورہ ناس گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو اس پانی میں سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ (بچے ہوئے) پانی سے سر پر پانی ڈال کر نہلائیں۔ بلاناغہ چالیس دن تک یہ عمل کریں آیات یہ ہیں:

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (۸۱) وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (۸۲)

سورۂ یونس کی آیت ۸۱-۸۲

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۚ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۚ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۚ (سورہ اعراف)

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۚ

سورہ طٰہٰ

نوٹ: یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔

جادو وسحر سے شفا کا عمل

کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضوء مندرجہ ذیل آیات ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر پھونکئے اور کھانے میں صرف یہی نمک ملا کر دیا کیجئے۔ چالیس دن متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کریں۔ جس میں یہی نمک ڈالا گیا ہو۔ اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس کا کھانا علٰحدہ پکایا جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جایا کرے یا گھر میں جو سالن

بکتا ہے اس میں ابتداء سے نمک نہ ڈالا جائے جب سالن پک جائے
تو مریض کے لئے علیحدہ نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیں اور گھر کے کھانے
میں بے پڑھا ہوا نمک حسب عادت ڈالا جائے۔ آیات حسب ذیل ہیں
وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ
تَكْتُمُوْنَ ۝ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ
الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ

دودھ کی کمی دور کرنے کا عمل

پسے ہوئے نمک پر وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ
حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ اور آیت اِنَّ لَكُمْ
فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّ
دَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ باوضو گیارہ گیارہ بار پڑھ کر
پھونکیں اور نمک ارہڑ کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں انشاء اللہ
تعالےٰ سو فیصد کامیابی ہوگی۔

تنگدستی اور قرض سے سبکدوشی کیلئے

(۱) بعد نماز عشاء تنہا بیٹھ کر یَا وَهَّابُ چودہ سو چودہ بار پڑھ
کر ذیل کی دعا ایک سو مرتبہ پڑھا کریں
يَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ
الْوَهَّابُ اول آخر درود شریف پڑھنا چاہیے۔ مداومت
کریں۔

تنگدستی دور کرنے کا عمل

بعد نماز صبح	سورۃ	اِذَا جَآءَ	نَصْرُ اللّٰهِ	(آخر تک)	۲۱	مرتبہ
بعد نماز ظہر	〃	〃	〃	〃	۲۲	〃
بعد نماز عصر	〃	〃	〃	〃	۲۳	〃
بعد نماز مغرب	〃	〃	〃	〃	۲۴	〃
بعد نماز عشاء	〃	〃	〃	〃	۲۵	〃

اول آخر درود شریف پڑھنا چاہیئے مداومت پر انشاء اللہ تعالیٰ
ضرور کامیابی ہوگی۔

تنگدستی سے نجات حاصل کرنے کا عمل

روزانہ مغرب یا عشاء کے بعد سورۃ مزمل گیارہ مرتبہ
اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کریں اور جب فَاتَّخِذْهُ
وَكِيْلًا پر پہنچا کریں تو پچیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھا
کریں انشاء اللہ تعالیٰ تنگدستی رفع ہو جائے گی۔ یہ عمل دائمی ہونا چاہیے

قرضہ کی ادائیگی کے لئے

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ
عَمَّنْ سِوَاكَ روزانہ کسی وقت ایک تسبیح یعنی ایک سو مرتبہ
پڑھ لیا کریں۔

مزاروں پر حاضری کے وقت مسنون طریقہ کیا ہے

قبرستان میں پہنچنے، ایصالِ ثواب کرنے والا پُشت قبلہ کی طرف کرے اور رُخ چہرہ صاحبِ مزار کی طرف۔ پھر یہ پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ وَاِنَّا اِنْشَاءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ اَجْمَعِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارُ۔ پھر درود شریف تین بار سورۂ فاتحہ تین بار سورۂ اخلاص بارہ بار۔ درود شریف تین بار پڑھ کر صاحبِ مزار کو بخش کر اس کے تمام گرد وپیش کے مدفونین کے لئے دعائے مغفرت کریں۔ یہ ہے مسنون طریقہ۔

تقریر میں زبان کھلنے کے لئے

چھوٹے مجمعوں میں خود بخود کھڑے ہو جایا کریں۔ تقریر سے پہلے سات پانچ یا تین دفعہ سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ اور رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ پڑھ کر سینہ پر دم کرلیا کیجئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اعانتِ خداوندی شاملِ حال ہوگی نیز خالی کمرہ بند کرکے یہ تصوّر کرتے ہوئے کہ مجمع حاضر ہے تقریر کرنے کی مشق کچھ دنوں کی جائے۔ البتہ مضامین کو غور سے

مطالعہ کیا جائے اور جس موضوع پر تقریر کرنی ہو اگر ممکن ہو تو اوّلاً تنہائی میں اس پر دو تین مرتبہ یا کم از کم ایک دفعہ تقریر کرلی جائے۔ الفاظ کی چمک دمک کی طرف متوجہ ہونا سخت غلط ہے۔ نیت کی درستی ضروری ہے۔ اپنی شہرتِ تقریر، لوگوں کی واہ واہ، ریا وسمعہ وغیرہ مقصود نہ ہونی چاہئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے انشاء اللہ تعالیٰ اعانت ہوگی۔ ڈرنا اور مرعوب ہوکر پیش قدمی سے جھجکنا سخت غلطی ہے۔

مُجرّبُ عملیاتِ

حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق شیخ الادب والفقہ دار العلوم دیوبند

برائے گمشدہ چیز یا شخص

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

کوری ٹھیکری پر یہ نقش لکھے اور دوسری طرف گمشدہ شئی یا شخص کا نام لکھے دو پتھروں کے درمیان کونڈے سے بند کرکے رکھدے انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی

ایک نایاب تعویذ از بعض عارفین

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس موم جامہ کرکے رکھے اگر قتل وغارت

بھی ہو رہی ہوگی اور وہاں سے گزریگا تو کوئی دشمن انشاء اللہ تعالیٰ نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا اور ہر مقصد میں اس کی برکت سے کامیابی ہوگی۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے مرد سیدھے بازو پر باندھے اور عورت اُلٹے (بائیں) بازو پر باندھے اگر گلے میں باندھ لے تب بھی کوئی حرج نہیں۔ بہت ہی مجرب ہے وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶۱۱	۱۶۵۶۲۵	۱۶۵۶۲۱	۱۶۵۶۱۸
۱۶۵۶۲۲	۱۶۵۶۱۷	۱۶۵۶۱۲	۱۶۵۶۲۴
۱۶۵۶۱۶	۱۶۵۶۱۹	۱۶۵۶۲۷	۱۶۵۶۱۳
۱۶۵۶۲۶	۱۶۵۶۱۴	۱۶۵۶۱۵	۱۶۵۶۲۰

عملیاتِ

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ سابق مفتی دارالعلوم دیوبند

حافظہ تیز ہونے کے لئے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر پانی پر دم کرکے طلوع آفتاب کے وقت پیئے تو ذہن کھل جائے گا اور حافظہ قوی ہو جائے گا

حفاظتِ اولاد کے لئے

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اکسٹھ (۶۱) مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچے محفوظ رہیں گے۔

کھیتی کی حفاظت کے لئے

ایک سو مرتبہ پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر کھیت میں دفن کردے تو کھیتی تمام آفات سے محفوظ رہے اور اس میں برکت ہو انشاء اللہ تعالیٰ

برائے حُبّ مجرّب عطا فرمودہٗ حضرت مفتی اعظم ہند مولانا عزیز الرحمٰن صاحبؒ

نوٹ: ان اسماء کو مغرب وعشاء کے درمیان لکھے اور محبت کا نام اور اس کی والدہ کا نام مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور گھر میں دفن کرے

۹۱۹ ‌ ‌ ‌ ‌ اسحہا ویا مرید اجعلہا ما اللاخذ حتی تاتی فلانۃ بنت فلانۃ الی فلان بن فلان وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ۔ محجل اللہ الوحا للہ الطور انم سابقون

ایضًا للحبّ

یکتب یوم الاحد ویلقیہ فی النار۔ صلح صلح صلح صلح صلح صلح صلح صلح صلح صح عیح عیح انس لہ تراجنا ای الآ الحق اما زعار العجل العجل مہدسہ فلان بن فلان علی حب فلان بن فلان

مجرب عملیات حضرت مولانا مفتی دین محمد صاحب

برائے ملازمت

اگر کسی عہدے کے لئے کثیر تعداد میں درخواستیں گزر چکی ہوں اور کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی درخواست منظور ہو تو تین روز تک مندرجہ ذیل آیت سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ

برائے دردِ سر

ازالۂ دردِ سر کے لئے چودہ مرتبہ یا وَہَّابُ ایک سانس میں پڑھ کر دم کرلے اور پیشانی ہاتھ سے پکڑے انشاء اللہ تعالیٰ درد فوری جاتا رہے گا۔

تسکینِ قلب اور نیند کے لئے

بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا کو ایک سو ستر مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قلب کو سکون حاصل ہوگا اور نیند آجائے گی۔

رشتہ اور نسبت میں کامیابی کے لئے

جس شخص کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص اس کی نسبت کے لئے پیغام نہ دیتا ہو تو وہ تازہ وضو کرکے دو رکعت نفل پڑھے

اور نماز سے فارغ ہوکر اپنے مقصد کو پیشِ نظر (دل میں) رکھتے ہوئے سو مرتبہ یا لَطِیْفُ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ میں مقصد پورا ہوجائے گا۔ کم از کم ایک ماہ عمل جاری رکھے۔

امتحان میں کامیابی کے لئے

اگر کسی طالب علم کو نتیجۂ امتحان کے بارے میں تشویش ہو تو وہ تین روز ایک نشست میں روزانہ باوضو قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھے اور گیارہ ہزار مرتبہ یا حَسِیْبُ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ نتیجہ حسبِ مراد نکلے گا

چور وغیرہ سے مکان کی حفاظت کیلئے

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سوجائے اگرچہ چور گھر میں داخل بھی ہوجائیگا تو مالی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا۔

ازالۂ تفکرات کی دعاء

روز و شب میں ایک سو ایک مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھی جائے

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

نظرِ بد کے ازالہ کے لئے

یہ آیت پڑھ کر بچے پر دم کیا جائے یا زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالا جائے مَآ اُغْنِیْ عَنْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ شَیْءٍ اِنِ الْحُکْمُ اِلَّا لِلّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَعَلَیْہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ (پ ۱۳ ع ۲ سورہ یوسف)

مُجرّب متفرق عملیات وتعویذات

ازبیاض محمد شاہ صاحب پھلتی

برائے شناختِ مرض

اگر مرد ہے تو اس کا رات کا چادر یا کرتہ اور اگر عورت ہے تو اس کا اوڑھنا دوپٹہ وغیرہ لے کر پہلے اس کو ناپے اور مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر اس پر دم کر دیں

(۱) سورہ فاتحہ ۳ مرتبہ

(۲) آیۃ الکرسی " "

(۳) شروع سورہ صافات تا لَازِبٍ ۱ "

تینوں قُلْ ، قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک مرتبہ

(۴) قُلْ لَّآ اَمْلِكُ پوری آیت ایک بار سورۂ اعراف پ ۹ تا یؤمنون۔ اور دوبارہ ناپے اگر ایک انگل گھٹے یا بڑھے اثرِ ہمزاد ہے

اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثرِ شیطان ہے۔ تین یا چار انگشت گھٹے یا بڑھے تو اثرِ سحر ہے

برائے ازالہ اثرِ جادو وسحر

یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ

جس پر سحر یا جادو کا اثر ہو تو اس عزیمت کو کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر اکتالیس۴۱ روز نہار منہ صبح کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ سحر کا اثر اتر جائے گا اگر کوئی مریض باہر کا ہو تو اکتالیس۴۱ نقش لکھ کر بھیجدیں۔

علاجِ سحر مکمل

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا ھُنَالِکَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِیْنَ وَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سٰجِدِیْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ رَبِّ مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السَّاحِرُ حَیْثُ اَتٰی

آیاتِ مذکورہ بالا کو گیارہ مرتبہ تازہ پانی پر پھونک کر اس پانی میں سے تین گھونٹ مریض کو پلادیں اور باقی ماندہ سے مریض کو نہلادیں نہاتے وقت پانی کو سر پر ڈالا جائے یہ بھی عمل کم از کم گیارہ دن تک کرے۔

۲۔ آیت مذکورہ بالا ایک ہزار ایک مرتبہ لاہوری نمک پر جو کہ پسا ہوا ہو پڑھ کر دم کریں۔ اور مریض کو کھانے میں چالیس دن تک

کھلادیں

۳- وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ - آیت مذکورہ بالا کو اکتالیس مرتبہ پانی پر پڑھ کر پھونکے اور مریض کو روزانہ یہی پانی پلاویں یہ عمل اور پانی ہر صبح کو تجدید کرلیا کریں

برائے آسیب زدہ بے حد مجرب است

این نقش آیۃ الکرسی درگلو بندد یا دربازو، مجرب است
برائے حب الزوجین بمشک وزعفران نوشتہ برباز و بندد۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ			
۳۵۱۶	۳۵۱۹	۳۵۲۳	۳۵۰۹
۳۵۲۱	۳۵۱۰	۳۵۱۵	۳۵۲۰
۳۵۱۱	۳۵۲۴	۳۵۱۷	۳۵۱۴
۳۵۱۸	۳۵۱۳	۳۵۱۲	۳۵۲۲

فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ

الٰہی بحرمت ہذا النقش فلاں بن فلاں را از آسیب و بھوت وغیرہ محفوظ دار

برائے جملہ امراض بخوراند مجرب است

برائے ہمہ امراض این نقش مفید است

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۵

صحت شو کل بلاد و دیکھو

این نقش سورۃ فاتحہ مفید است برکاغذ یا طشتری چینی نوشتہ و شستہ بخوراند مجرب است

برائے ہر مرض

برائے ہر مرض این نقش بسم اللہ اور حب الزوجین کے لئے باندھیں اور پینے کے لئے دے اور بخار کے واسطے اگر دے تو اوپر آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھے اور نیچے فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ

۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

مجرب برائے ازالہ مرض غیر اہل الاسلام

یہ مندرجہ ذیل نقش لکھ کر پلاسٹک میں لپیٹ کر تین ٹکڑے کپڑے میں سی کر غیر مسلم اپنے سیدھے بازو پر یا گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے مرض کا ازالہ ہو جائے گا۔

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْكُفْرُ بَاطِلٌ
اَلْاِسْلَامُ نُوْرٌ وَالْكُفْرُ ظُلْمَةٌ

مجرب برائے ازالہ مرض

تین پیپل کے پتوں پر كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ لکھ کر تین روز

ایک ایک پتہ چٹا دے انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفا پائے تینوں پتوں پر پورا لکھا جائے کوئی حرف باقی نہ رہے۔

(عملِ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

تعویذ مجرّب برائے دردِ زہ

اس نقش کو لکھ کر عورت کے داہنے ہاتھ پر رکھ دے اور عورت اس کو غور سے دیکھے جلد لڑکا پیدا ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ نقش یہ ہے

ج ح خ ط ظ ع ق ق ی ک ل
٢ ا شم د ہ ہ ا سو ل و ۔

برائے آسیب زدہ بے حد مجرّب است

این نقش آیت کرسی در گلو بند دیا در بازو مجرب است و برائے حبِ زوجین بمشک و زعفران نوشتہ بر بازو بندد۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم سلام قولا من رب الرحیم

٣٥٠٩	٣٥٢٢	٣٥١٩	٣٥١٦
٣٥٢٠	٣٥١٥	٣٥١٠	٣٥٢١
٣٥١٤	٣٥١٧	٣٥٢٤	٣٥١١
٣٥٢٣	٣٥١٢	٣٥١٣	٣٥١٨

فِیْہِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ

الٰہی بحرمۃ ھٰذا النقش فلان بن فلان را از آسیب و بھوت وغیرہ محفوظ دار۔

برائے دفع مسان

جن کے بچے اکثر تلف اور ضائع ہو جاتے ہیں یعنی جن بچوں کو سوکھے کا مرض ہو جاتا ہے اور وہ سوکھ کر کانٹے کی طرح ہو جاتے ہیں اور پھر مر جاتے ہیں۔ ان کا علاج مندرجہ ذیل ملاحظہ فرماویں (مجرب ہے) اس نقش کو آٹے کے دھووں میں دھو کر گرم توے پر ڈال کر اس کی دھونی والدہ اور بچہ دونوں کو دیں

اس نقش کو دھو کر زن و طفل دونوں کو پلائیں۔

ع ١١ ١١ H ح ١١١ ا

ع ١١ ١١ H ١١١

فِیْہِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ

برائے نظر بد حیوانات

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ الخ

آٹے کے پیڑے پر دم کریں اسی طرح دو مرتبہ کریں اور حیوانات کو کھلائیں۔

برائے درد سر درد چشم و آشوب چشم این نقش مجرب است از حد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

١ یا بدوح	٦٠٢ یا بدوح	١١ یا بدوح	٨ یا بدوح
١٢ یا بدوح	٧ یا بدوح	٢ یا بدوح	٦٠١ یا بدوح
٦ یا بدوح	٩ یا بدوح	٢٤ یا بدوح	٣ یا بدوح
١٣ یا بدوح	٤ یا بدوح	٥ یا بدوح	١٠ یا بدوح

فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖۤ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ

مُجرّب عملیات قاری عبدالرحمٰن صاحب مرادآبادی

برائے رحم دلی حاکم و برائے روزگار مجرب ہے

یہ نقش آیت کریمہ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ کا ہے بوقت پیشی روبروئے حاکم یا عدالت تعویذ مذکورہ اپنے پاس رکھے بازو پر باندھے یا دوپٹہ میں باندھ لے یا پگڑی میں رکھ لے انشاءاللہ تعالےٰ کامیابی ہوگی۔ اس نقش کے اصل اعداد ۱۵۰۱ ہیں

۷۸۶

۳۷۵	۳۷۸	۳۸۱	۳۶۷
۳۸۰	۳۶۸	۳۷۴	۳۷۹
۳۶۹	۳۸۳	۳۷۶	۳۷۳
۳۷۷	۳۷۲	۳۷۰	۳۸۲

مصیبت سے نجات کے لئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ جو شخص کسی مصیبت و بلا میں مبتلا ہو اس آیت کو پڑھا کرے انشاءاللہ تعالےٰ مصیبت دور ہوجائیگی اول آخر ایک ایک تسبیح درود شریف کی اور پانچسو مرتبہ اس دعاء کو پڑھا کرے۔

مُجرّب عملیات

از بیاض حضرت مولانا عبدالحئی دائمی صاحب رحمۃ اللہ

دریافتِ دزد چور معلوم کرنا

برگِ ترنج لاکر ہر ایک پر اس آیت کو لکھے اور ہر ایک متہم (جن پر چوری کا الزام ہو، تہمت اور شبہ ہو) کا نام آیت کے نیچے لکھے اور آگ میں جلادے۔ چور کے شکم (پیٹ) میں درد ضرور شروع ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ السارق وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ

نوٹ: برگِ ترنج سے مراد ترنج کے پتے

برائے کامیابی در مقدمہ مجرب ہے

از حضرت مولانا عبدالغنی پھولپوریؒ

اس نقش کی زکوٰۃ یہ ہے کہ مقدمہ والے سے پچاس روپے لے جائیں تب فائدہ ہوگا ورنہ فائدہ کچھ نہ ہوگا

۳۷۵	۳۷۴	۳۷۹		
	۳۸۰	۳۷۶	۳۷۲	
		۳۷۳	۳۷۸	۳۷۷

نقش برائے روزگار

یہ نقش روزگار کے واسطے بازو میں یا گلے میں باندھے اور دکان کے واسطے بھی مفید ہے ایک صندوق گلہ (پیسوں کی پیٹی) میں رکھے اور ایک نقش دکان میں لگائے۔

۷۸۶

۳۱۶۴	۳۱۶۷	۳۱۷۳	۳۱۵۷
۳۱۷۱	۳۱۵۸	۳۱۶۳	۳۱۶۸
۳۱۵۹	۳۱۷۵	۳۱۶۵	۳۱۶۲
۳۱۶۶	۳۱۶۱	۳۱۶۰	۳۱۷۴

نقش دردِ سینہ وصحتِ دل وجگر

یہ نقش دردِ سینہ، صحت دل وجگر کے لئے انتہائی مفید ہے

۷۸۶

۸۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۸۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۸۰
۱۰	۷۹	۴	۱۵

نقش دافع نظرِ بد

۷۸۶

۴۷۷	۴۸۰	۴۸۴	۴۷۰
۴۸۳	۴۷۱	۴۷۶	۴۸۱
۴۷۲	۴۸۶	۴۷۸	۴۷۵
۴۷۹	۴۷۴	۴۷۳	۴۸۵

زن وشوہر میں محبت کے لئے

یہ نقش زن وشوہر کے واسطے مفید ہے۔ ایک نقش اپنے پاس (زن یا شوہر جس کو ضرورت ہو) رکھے اور ایک نقش درختِ انار میں لٹکا دے تاکہ ہوا سے ہلے۔

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷
۶۰۱۲	۶۰۰۶	۶۰۰۵	۶۰۱۷

نقش آسیب ومرض کے واسطے

یہ نقش آسیب کے لئے ہے۔ ایک سر میں، ایک بازو اور ایک گلے میں باندھیں۔

ایضاً برائے سحر وجادو

۷۸۶

۱۴	۱۷۰	۱۱۷۷۵	۷
۱۱۷۷۴	۸	۱۳	۱۸
۹	۱۱۷۷۷	۱۵	۱۲
۱۶	۱۱	۱۰	۱۱۷۷۶

برائے مرضِ ناسُور

اگر کوئی شخص مرضِ ناسور میں مبتلا ہو جو اکثر گلے میں ہو جاتا ہے۔ اس کے علاج سے اکثر اطباء، ڈاکٹر عاجز ہیں۔ اس لئے یہ عمل ایک فقیر کا حل فرمودہ ہے۔ بہت مجرب ہے۔ وہ یہ ہے کہ اول کچی زمین پر مریض مصلّٰی بچھا کر سجدہ میں پڑ کر نہایت عجز وانکساری کے ساتھ بارگاہِ الٰہی میں دعا کرے اور پھر یہ اسماء بہت کثرت سے پڑھنا شروع کرے جس حالت میں بھی بیٹھا ہو یا لیٹا ہو ہر وقت پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں انشاء اللہ تعالیٰ خود بخود نفع ہوگا وہ مبارک اسماء یہ ہیں:

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

برائے ذہن وقوتِ حافظہ

سورۃ اعلیٰ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے یا کسی سے لکھوا کر باندھ لے (موم جامہ کرکے) ذہن اور حافظہ قوی ہوگا۔

بچے کا رونا

مندرجہ ذیل نقش چار عدد لکھیں ایک بچے کے گلے میں ڈالیں اور تین نقش تین روز تک پانی یا ماں کے دودھ میں گھول کر پلائیں بچہ چپ ہو جائیگا۔ نیز آسیب جادو اور نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔

۸	۱۹	۲۲	۱
۲۱	۲	۷	۲۰
۳	۲۴	۱۷	۶
۱۸	۵	۴	۲۳

عملیات حضرت مولانا عبد الغنی پھولپوریؒ

رفعِ قبضِ باطنی اور دفعِ ظلمت کیلئے مجرب ہے

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کے وِرد کو تین سو ساٹھ بار اول و آخر درود شریف تین تین بار کے ساتھ پڑھنا شروع کردے انشاء اللہ تعالیٰ قلب انوار سے بھر جائے گا۔

دشمن کی شکست کے لئے

نقشِ ذیل بازو پر باندھنا دشمن کو شکست دیتا ہے اور مغلوب کرتا ہے ظالم کے شر سے حفاظت کے لئے مجرب ہے۔ نقش یہ ہے:

ر	ھ	ا	ق
ا	ق	ر	ھ
ق	ا	ھ	ر
ھ	ر	ر	ا

مظلوم کی فتح اور کامیابی کے لئے

حکام دنیا کے سامنے یہ نقش عمامہ یا ٹوپی میں رکھ کر جانا بفضلہ تعالیٰ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے:

۳۷۵	۳۷۴	۳۷۹		
	۳۸۰	۳۷۶	۳۷۲	
		۳۷۳	۳۷۸	۳۷۷

ظاہری و باطنی فتوحات کے لئے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ آٹھ سو بار ہر روز پڑھنا عجیب کیمیا ہے۔ تمام ظاہری و باطنی فتوحات اس کی برکت سے کھُل جاتے ہیں۔ حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحؒ نے غنیۃ الطالبین میں اس ورد کو بہت مجرب لکھا ہے۔ بعض کا قول اس کے اسم اعظم کے متعلق بھی ہے۔

ناف ٹلنے کا عمل

ناف ٹلنے کا یہ عمل نہایت مجرب ہے الم ترکیف آخر تک دس بار اول آخر تین تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر پہلے ناف پر دم کریں پھر ہاتھ پر دم کر کے تمام بدن پر مَل لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی۔

عملیات حضرت علامہ سید محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

مچھروں سے حفاظت کے لئے

اگر کہیں مچھروں کی کثرت ہو تو چار کاغذوں پر الگ الگ یہ عدد لکھ کر مکان یا باغ یا کمرہ کے چاروں کونوں پر چپکا دیں انشاء اللہ سب بھاگ جائیں گے

" ۱۲ ۱۲ ۱۱ ۱۱ "

سہولت ولادت کے لئے

دردزہ کے وقت عورت کے بائیں ران پر یہ لکھ کر باندھنے سے ولادت

بالکل ہی سہولت سے ہوگی وہ دعا یہ ہے یَا خالق النفس من النفس ویا مُخرِجَ النفس من النفس خلّصھا ولادت کے فوراً بعد اس دعا کو کھول کر پاک جگہ میں دفن کر دیں

کُتے کے کاٹے کا زہر ختم کرنے کیلئے

اگر کسی کو کُتے نے کاٹ لیا ہو تو یہ عمل کسی نئے برتن پر لکھ کر روغن زیتون سے دھو کر اس شخص کو پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ کتے کا زہر ختم ہو جائے گا مجرب ہے۔ اب ج ا ع ہ ہ د باب اللہ

درد سر کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو یہ حروف لکھ کر سر میں باندھا جائے انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا مجرب ترین عمل ہے د م ہ م ل ہ

دمہ کے مریض کے لئے

سورہ فاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مسلسل دمہ کے مریض کو پلایا جائے۔ بہت مفید ہے۔

عمل برائے استخارہ

اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یَا بَدِیۡعَ الۡعَجَآئِبِ یَا کَاشِفَ الۡغَرَآئِبِ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر بوریہ پر سو جائے۔ غسل کرنا اور کپڑے پہننا اور خوشبو لگانا اس میں ضروری ہے۔

ئ خشخاش اور سونف ایک ہی مقدار میں کوٹ کر صبح و شام ایک ایک چمچ استعمال کیا جائے کافی شافی ہے

عمل برائے استخارہ

بعد نمازِ عشاء دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس کا ثواب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور حضرت خواجہ معین الدین اجمیریؒ اور اپنے باپ دادا کی روح کو پہنچائے اس کے بعد سورہ اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ اور پندرہ مرتبہ یہ پڑھے يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ مِنَ الْحَالِ الْفُلَانِيْ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے سو جائے

عملِ استخارہ

اس نقش کو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سورہے خواب میں ہر بات کا جواب ملیگا

٨	١١	٨٨٣	١
٨٨٢	٢	٧	١٢
٣	٨٨٥	٩	٦
١٠	٥	٤	٨٨٤

عملِ خاص

از حجۃ الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ

وسعتِ رزق کے لئے خاص ورد

وسعتِ رزق کے لئے حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلے کا یہ

ایک خاص ورد ہے۔ بعد نمازِ عشاء گیارہ سو بار یَا مُغْنِیُ (گیارہ تسبیح) پڑھیں اور سورۂ مزمل سات بار روزانہ پڑھیں کہ ہر پانچوں نمازوں کے بعد ایک بار اور صبح کی سنت اور فرض کے درمیان دو بار پڑھیں۔ اس طرح دن رات میں سورۂ مزمل سات بار ہو گئی۔ اگر صبح کی سنت اور فرض کے درمیان وقت کی کمی کے باعث نہ پڑھ سکے تو فرض کے بعد تین بار سورۂ مزمل پڑھ لے۔

عملیاتِ متفرقات از علماء کرام

عملیات برائے مسان

نوٹ: مسان یہ ایک مرض ہے جو بچوں کو عام طور سے لاحق ہو جاتا ہے جس کو سوکھے کا مرض کہا جاتا ہے جس سے بچہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کے بعد روزانہ سوکھتا ہوا چلا جاتا ہے اور سوکھے ہوئے کانٹے کی طرح بن جاتا ہے اور پھر زیادہ زندہ نہیں رہتا رفتہ رفتہ موت کا شکار ہو جاتا ہے اس کا اکسیر علاج یہ ہے کہ اس نقش کو لکھ کر تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مسان کے مرض سے شفاء کاملہ عاجلہ پائے گا۔

٧٨٦

٨	١١	٦٢٤٧	١
٦٢٤٦	٢	٧	١٢
٣	٦٢٤٩	٩	٦
١٠	٥	٤	٦٢٤٨

برائے مسان

ترکیب :- یہ نقش مسان اور آسیب والے کے لئے بھی مفید اور مجرب ہے دونوں مریضوں کے لئے چاہے وہ مسان کا ہو یا آسیب کا چالیس روز برابر ہر روز کاغذ پر لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر نہار منہ صرف فجر کے وقت پلائے انشاء اللہ تعالےٰ مسان والے بچے اور آسیب والے مریض کو شفا ہوگی۔
مسان والے بچے کو نقش گھول کر اس کا پانی پلائیں اور نقش کے کاغذ کو ہر روز بحفاظت رکھتے رہیں اور چالیس روز پورے ہونے پر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں جہاں مچھلیاں ہوں ڈال دیں اور آسیب والا مریض نقش کو دھو کر اس کے کاغذ کو چبا کر اوپر سے وہ پانی پی لے۔ ہر روز یہی عمل کرے مجرب ہے۔

بحق بسم اللہ العلی العظیم

برائے مسان

ترکیب : اس نقش کو لکھ کر مسان والے بچے کے گلے میں ڈالدے۔ انشاء اللہ تعالےٰ مسان کی شکایت جاتی رہے گی۔
دوسرا طریقہ : اس نقش کا یہ ہے کہ اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر رکھ لے اور جب روٹی پکا چکے تو گرم توے پر اس پانی کے چھینٹے دے اور جب اس میں سے دھواں نکلے تو بچے کی ماں اس بچے کو اس دھوئیں کی دھونی دے۔ یعنی چھینٹوں سے نکلنے والا دھواں بچے کے جسم پر لگائے گیارہ روز تک ایسا کیا جائے پانچ یا سات یا نو دن بھی کیا سکتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کو شفاء کامل عاجلہ ہوگی مجرب ہے۔

برائے مسان

جس بچہ کو مسان کے دورے پڑتے ہوں۔ ہاتھ پاؤں کے ٹھنٹ بندھ جاتے ہیں۔ منہ سے جھاگ آتے ہوں۔ آنکھیں چڑھ جاتی ہوں اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ پھر کبھی دورہ نہ پڑے گا۔ اور بچہ صحت یاب ہو جائیگا۔ یہ دونوں طریقے اس نقش کے نہایت مجرب ہیں۔

۱۰۲۰	۱۰۲۴	۱۰۱۰	۱۰۳۶
۱۰۱۲	۱۰۲۴	۱۰۳۲	۱۰۲۲
۱۰۳۰	۱۰۱۴	۱۰۲۰	۱۰۲۶
۱۰۱۸	۱۰۲۸	۱۰۳۸	۱۰۱۶

برائے علاج مسان

ترکیب : اس عبارت کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ مامون و محفوظ رہے گا مجرب ہے

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیمِ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ یَا بَدُّوحُ یَا غَفُورُ۔ اِنَّہٗ مِن سُلَیمَانَ بن دَاوُدَ عَلَیہِمَا السَّلَام اَھیًا اَشرَاھِیًا فِی الشَّعرِ خَالِدٍ اَو مُخلِدٍ اَو بِاسمِہٖ دَرکَاتٍ بِعَونِ اللّٰہِ تَعَالٰی فِی کُلِّ شِفَاءٍ وَعَلَیہِم یَا حَافِظُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ بِرَحمَتِکَ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِینَ۔

علاج مسان برائے خورد و کلاں

اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی سوکھتا چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض معلوم نہ ہوتا ہو تو اس مریض کے لئے ایک ہزار تیرہ مرتبہ اس آیت شریفہ کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر پاؤ بھر چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھدے پھر اس تیل سے تھوڑا تھوڑا ہر روز مریض کے بدن پر مالش کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن میں مریض قوی اور تندرست ہو جائیگا آیت شریفہ یہ ہے فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

مُجرّبُ المجرّب عملیاتِ وتعویذات

مرشد عالم حضرت مولانا غلام حبیب صاحب
چکوال والے قدس سرہ العزیز

حضرت شیخ کی طرف سے نسخہ اکسیر برائے حفاظتِ گاڑی اور برائے روزگار وغیرہ کے لئے

میرے بھائی کی گاڑی کی خیر و برکت اور حفاظت کے لئے حضرت شیخ رحمہ اللہ نے ۱۹۸۲ء کو یہ تعویذ عنایت فرمائے۔ اس تعویذ کو پلاسٹک میں لپیٹ کر گاڑی کے اگلے حصے میں کیل کے ساتھ ٹھونکا جائے انشاء اللہ تعالیٰ روزگار بھی ملے گا اور گاڑی کی حفاظت بھی ہوگی۔ (تعویذ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۶ ع ۸ ع ۷ ع

ع ه ه ه ی

حم حم حم حم حم حم حم وجاء الله النصر فعلينا لا ينصرون

وصلى الله تعالى على خير خلقه الله الله وآله واصحابه اجمعين

ھ ھ ھ ھ ھ ھ //

ی

ء ء ء ء ء ء ء ء ء ھ ھ ھ

الٰہی بحرمۃ حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام
آفات وبلیات وجنات وسحر ونظر بد دفع کن
آمین

دماغی قوت اور حافظہ تیز کرنے کے لئے

حضرت مولانا احمد علیؒ فرماتے تھے کہ کثرت سے درود ابراہیمی پڑھنا قوتِ حافظہ کے لئے تیر بہدف ہے۔

قوتِ حافظہ کے لئے حضرت شیخ مرشد عالم فرماتے تھے کہ کثرت سے ذکر اللہ کی وجہ سے حافظہ قوی ہو جاتا ہے

توپ و تفنگ سے حفاظت کے لئے گھر سے نکلتے ہی یا آفس سے نکلتے ہی سات مرتبہ یا کم از کم ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر تصوراً اپنے اوپر دم کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ حفاظت رہے گا

دشمن سے پوشیدہ ہونے کے لئے دشمن سے حفاظت کے لئے

اور پوشیدہ ہونے کے لئے یہ آیت پڑھ کر دشمن کی طرف تھوڑا پھونک ماریں انشاء اللہ دشمن کے سامنے گزرنے سے اس کو پتہ تک نہ ہوگا

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ

مجرب المجرب عمل برائے استقرارِ حمل

حضرت شیخ مدظلہ العالی کا عطیہ کیا ہوا عمل

نو دانے یعنی نو عدد چھوارے لیا جائے سب سے پہلے تین عدد ہاتھ میں لے کر اول آخر میں پانچ پانچ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھر اصحاب کہف کا نام[1] پانچ مرتبہ لیا جائے۔ پانچ پانچ مرتبہ پڑھنے کے بعد ان تین دانے چھواروں کے اوپر دم کیا جائے اسی طرح سے تین دانہ چھوارے کو تین رات تک مسلسل کھایا جائے۔ وہ اس طرح سے کہ پہلی رات کو ایک چھوارے کو آدھا آدھا کیا جائے میاں بیوی آدھا آدھا کھا کر پھر حقوق زوجیت ادا کریں غرضیکہ اسی طرح دوسری رات اور اسی طرح تیسری رات میں اس طرح کریں پھر مہینہ کو پورا ہونے دیا جائے اگر استقرار حمل ہوا تو بقیہ چھوارے کے استعمال کرنے کی ضرورت نہیں اور اگر استقرار حمل نہ ہو تو پھر دوسرے مہینہ میں اسی طرح ابتدائی تاریخ میں ماقبل جیسا کرے۔ اگر خدانخواستہ دوسری مرتبہ بھی استقرار حمل نہ ہوا تو تیسری مرتبہ بھی بقیہ چھوارے دم شدہ کھالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ استقرار حمل ضرور ہوگا۔ غرضیکہ یہ نو عدد چھواروں کا استعمال صرف تین مہینے تک کا کورس ہے۔

[1] اصحاب کہف کے اسماء ملاحظہ ہو ① یَمْلِیْخَا ② مَکْسَلْمِیْنَا ③ کَشْفُوطَطْ ④ میلسنا مردوش ⑤ دبدونش ⑥ شاذنویل ⑦ مرطونس ⑧ اسم کلبھم قطمیر

نوٹ: حضرت شیخ مرشدِ عالم نے راقم کو پوری طرح اجازت دی ہے اور متعدد مرتبہ عاجز واثیم سے چھوارے دم کراتے رہے اور اب بھی حاجت والے دم کے لئے عاجز کے پاس پہنچتے ہیں

حافظہ تیز ہونے کے لئے

اول آخر درود شریف ایک ایک مرتبہ اس کے بعد مندرجہ ذیل دعا نو مرتبہ پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ ذہن تیز ہوگا۔ دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِعِلْمِكَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِیْ بِطَاعَتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اور اس عمل کو ہمیشہ معمول بنایا جائے۔

برائے دفع ہر مصیبت

حَسْبِیَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

سات سات مرتبہ صبح وشام

حضرت شیخ کا نسخۂ اکسیر برائے روزگار

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیْ یَا فَتَّاحُ

کی روزانہ ایک تسبیح یعنی ایک سو مرتبہ پڑھا کریں۔ کوئی بھی وقت ملے وقت کی پابندی بالکل نہیں۔ انشاء اللہ روزگار جلد از جلد مل جائے گا

غائبانہ حصار اعظم (از حضرت شیخ)

اول آخر ایک ایک مرتبہ درود ابراہیمی، چاروں قل اور سورۂ فاتحہ

اور آیۃ الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر حصار کیا جائے اور اسطرح ہزاروں میل دور جس چیز کو چاہو حصار کرو اس طرف دم کرو انشاءاللہ اگر انسان ہے تو بھی حصار و محفوظ رہے گا اگر گاڑی وغیرہ ہے تو بھی محفوظ و مامون رہے گی۔

برائے خاتمہ بالخیر

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ سات مرتبہ یا تین مرتبہ صبح شام اگر صبح کا پڑھنے والا شام کو مرجائے تو مغفرت ہوگی یا اس کا برعکس

برائے درجہ شہادت

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَفِیْمَا بَعْدَ الْمَوْتِ. جو شخص دن میں کسی وقت ۲۵ مرتبہ پڑھ لے انشاءاللہ تعالیٰ جس وقت موت واقع ہو شہادت کا درجہ پائے گا۔

حضرت شیخ کو حضرت لاہوریؒ کا تیر بہدف عطیہ کردہ وظیفہ

حضرتؒ فرمایا کرتے تھے کہ یہ وظیفہ درحقیقت ایک چیک تھا جو بمنزلہ کیش کے مجھے ملا اسکی برکت سے جو چاہتا مل جاتا اور حج کے موقع پر وکھولنے لئے راہ خدا خرچ فرماتے۔ وظیفہ یہ ھے ہر نماز کے بعد اول آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سات مرتبہ سورۃ قریش پڑھیں۔

عملیات و تعویذات محدثِ کبیر بقیۃ السلف حجۃ الخلف قائدِ جمعیۃ علماء اسلام حضرت مولانا حافظ عبداللہ صاحب درخواستی مدظلہ (خانپور والے)

نس بندی کھولنے کے لئے

نس بندی کھولنے کی غرض سے اس آیت کو لکھ کر تعویذ بناکر مرد کے گلے میں لٹکایا جائے انشاء اللہ فائدہ پہنچے گا۔ (آیت اگلے صفحہ پر)

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ تَجْرِیْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ۔

اولادِ نرینہ کے لئے

جس عورت کے یہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں لڑکا نہ ہوتا ہو تو یہ دُعا لکھ کر دھو کر حاملہ کو پلائے انشاءاللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لاء لا الاوس واللہ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ حیث یلون بالحق دہ فا ہ ح ص د

چوپایہ کی سرکشی

اگر کوئی جانور سرکشی کرتا ہو تو یہ دعا پڑھ کر اس کے کان میں پھونکے انشاءاللہ وہ تابع ہو جائے گا۔ اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ط

آسیب سے نجات کے لئے

آسیب زدہ پر یہ دعا پڑھ کر دم کرنے سے انشاءاللہ فوراً اچھا ہو جائیگا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٓمّٓ المٓصٓ طٰهٰ طٰسٓ طٰسٓمّٓ كٓهٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ٥

خوف سے نجات کے لئے

اس دعا کو بکثرت پڑھنا خوف و ڈر کے واسطے نہایت مفید ہے
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

دشمنوں سے حفاظت کے لئے

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ یہ آیت دشمنوں سے حفاظت کے لئے اکسیر ہے حٰمٓ عٓسٓقٓ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

نظرِ بد کے لئے

دو تین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ یہ کلمہ پڑھ کر پھونکے اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی اس شخص کو دے جسے نظر بد لگ گئی ہو انشاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جائے۔ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ

ترقی حافظہ کے لئے وِرد

حافظہ میں زیادتی کے لئے آیاتِ ذیل اور دعا تین تین بار صبح و شام پڑھا کرے۔ سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِيْ وَزِدْ قُوَّةَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَحِفْظِيْ۔

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِيْ بِطَاعَتِكَ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

کسی شہر میں داخل ہو

اگر کسی شہر میں داخل ہوتے وقت باہر آتے وقت یہ پڑھے تو ہر شر سے محفوظ رہے گا۔
رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝

کسی جگہ اُترے

اگر مسافر کسی جگہ اُترے تو یہ دعا پڑھے۔ رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ۔

جان و عزت کا خطرہ ہو

دشمن کا خوف ہو یا جان یا عزت کا خطرہ ہو تو یہ آیات ایک ایک بار پڑھے

۱۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝
۲۔ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۝

سحر، درندے یا انسان کے حملہ سے حفاظت کے لئے

ساحر کے سحر سے، شیر کے حملہ سے یا کسی جانور یا آدمی کے حملہ سے محفوظ رہنے کے لئے یہ دو آیات سات سات بار پڑھیں (اگلے صفحہ پر)

١- وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى

٢- اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۞

گناہوں کی معافی، خواص کے لئے وِرد

ایک وظیفہ خواص کے لئے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہر روز سو بار یہ کہا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ تو اسے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔ اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جائیں گی۔ اور اس کے سو گناہ معاف ہوں گے اور اُس دن شام تک وہ شیطان سے محفوظ رہیگا (انسان کو چاہئے کہ شام کو بھی سو بار پڑھ لے تاکہ صبح تک شیطان سے محفوظ رہے) اور اس سے بڑھ کر کوئی شخص نیک عمل نہ لائے گا سوائے اس کے کہ جو اس سے بڑھ کر عمل و ورد کرے۔

گناہوں کی معافی، عوام کے لئے ورد

ایک وظیفہ عوام کے لئے۔

جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک دن میں سو بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ کہا اُس کے (صغیرہ) گناہ معاف ہو گئے چاہے سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے صبح و شام کی تو (صبح کو بھی اور شام کو بھی) تو سو بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ کہا تو قیامت کو اس سے بڑھ کر کوئی ثواب لے کر نہیں

آئے گا۔ سوائے اس کے کہ جس نے اسی قدر یہی ورد پڑھا۔ یا اس سے زیادہ پڑھا۔

ہر ضرورت بغیر مانگے پوری ہو

حافظ الحدیث حضرت مدظلہ العالی نے فرمایا: ایک خاص وظیفہ بتاتا ہوں، مندرجہ ذیل اشعار روزانہ سات دفعہ پڑھتے رہو، اللہ تعالیٰ تمام ضروریات کا بن مانگے ہی انتظام فرما دیگا۔ بہت ہی مجرب ہے اول آخر تین تین بار درود شریف بھی پڑھ لے۔

يَا مَنْ يَّرٰى مَا فِي الضَّمِيْرِ وَيَسْمَعُ
اَنْتَ الْمُعَدُّ لِكُلِّ مَا يُتَوَقَّعُ

اے وہ جو باطن کی چیزوں کو دیکھتا ہے اور سنتا ہے
تو ہی عطا کرنے والا ہے ہر وہ چیز جس کی توقع کی جاتی ہے

يَا مَنْ يُّرَجّٰى فِي الشَّدَائِدِ كُلِّهَا
يَا مَنْ اِلَيْهِ الْمُشْتَكٰى وَالْمَفْزَعُ

اے وہ کہ جس سے تمام مصیبتوں میں امید رکھی جاتی ہے،
اے وہ کہ جس کی طرف فریاد ہے اور جائے پناہ ہے

يَا مَنْ خَزَائِنُ رِزْقِهٖ فِيْ قَوْلِ كُنْ
اُمْنُنْ فَاِنَّ الْخَيْرَ عِنْدَكَ اَجْمَعُ

اے وہ ذات کہ اس کی روزی کے خزانے اُس کے کُن کے فرمان میں ہے
احسان فرما اس لئے کہ تمام بھلائی تیرے پاس ہے

مَالِیْ سِوٰی فَقْرِیْ اِلَیْکَ وَسِیْلَۃٌ
فَبِالْاِفْتِقَارِ اِلَیْکَ اَیْدِیْ اَرْفَعُ

تیری طرف محتاج ہونے کے سوا میرے پاس کوئی وسیلہ نہیں
تیری طرف محتاجی کے ساتھ ہاتھ اٹھاتا ہوں

مَالِیْ سِوٰی قَرْعِیْ لِبَابِکَ حِیْلَۃٌ
فَلَئِنْ رُدِدْتُ فَاَیَّ بَابٍ اَقْرَعُ

تیرے دروازے کو کھٹکھٹانے کے سوا میرے پاس کوئی حیلہ نہیں
اگر مجھے رد کر دیا گیا تو کس دروازے کو کھٹکھٹاؤں گا

اِنْ کَانَ لَایَرْجُوْکَ اِلَّا مُحْسِنٌ
فَالْمُذْنِبُ الْعَاصِیْ اِلٰی مَنْ یَّرْجِعُ

اگر صرف نیکوکار ہی تیری (رحمت) کا امیدوار ہو،
تو گناہ گار سیاہ کار کس طرف رجوع کرے

حَاشَا لِجُوْدِکَ اَنْ تُقَنِّطَ عَاصِیًا
فَالْفَضْلُ اَجْزَلُ وَالْمَوَاهِبُ اَوْسَعُ

تیری سخاوت سے بہت بعید ہے کہ تو کسی گنہگار کو ناامید کرے
تیرا فضل بہت زیادہ ہے اور تیرے کرم وسیع ہیں۔

وَمَنِ الَّذِیْ اَدْعُوْا وَاَهْتِفُ بِاسْمِہٖ
اِنْ کَانَ فَضْلُکَ عَنْ فَقِیْرِکَ یُمْنَعُ

اور کون ہے جس کو پکاروں اور جس کے نام کے ساتھ مانگوں،
اگر تیرا فضل تیرے محتاج سے روک دیا جائے گا تو کس کو پکاروں گا

ثُمَّ الصَّلٰوۃُ عَلَی النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ
خَیْرِ الْاَنَامِ وَمَنْ بِہٖ یُتَشَفَّعُ

پھر حضور نبی اکرم اور آپؐ کی آل پر صلوٰۃ ہو،
سب مخلوق سے بہتر ہیں اور جس کے ذریعہ شفاعت حاصل کی جاتی ہے

دعائے خضری

ہر دینی و دنیاوی مقصد میں کامیابی کے لئے مجرب ہے۔
پہلے تین بار درود شریف پڑھیں پھر یہ دعا پڑھیں۔

۱۔ بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
۲۔ مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا یَصْرِفُ السُّوْءَ اِلَّا اللّٰہُ
۳۔ مَاشَاءَ اللّٰہُ مَاکَانَ مِنْ نِعْمَۃٍ فَمِنَ اللّٰہِ
۴۔ مَاشَاءَ اللّٰہُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اس کے بعد دعا کرے

نمبر ۱۔ پڑھے تو دل میں خیال کرے کہ یا اللہ میں تیری طرف متوجہ ہوں
نمبر ۲۔ اور نمبر ۳ پڑھے تو خیال کرے کہ میں بے بس ہوں۔ تمام ضروریات کا انتظام آپ ہی کریں گے۔
نمبر ۴۔ پڑھے تو یہ دھیان رکھے کہ اے اللہ میں نے سب کچھ آپ کے حوالے کر دیا۔ اب مجھے کوئی پریشانی نہیں۔

اسم اعظم

ہر دعا کے قبول ہونے کے لئے پہلے اسم اعظم پڑھے اور پھر دعا کرے

پہلے تین بار درود شریف پڑھے پھر یہ کہے ، ایک بار یا اللہ کہے اور
دل کی توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف رکھے اور پھر تین بار کہے اَللّٰہُ وَاحِدٌ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ ایک بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کہے اور پھر تین بار کہے
وَتَوَکَّلْ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ۔ ایک بار یَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِکْرَامِ کہے پھر تین بار کہے کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ وَّیَبْقٰی
وَجْہُ رَبِّکَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ایک بار کہے یَا اِلٰھَنَا
وَاِلٰہَ کُلِّ شَیْءٍ اِلٰھًا وَّاحِدًا لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ ۔ پھر ایک
بار یہ پڑھے ۔ اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ
تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ ز
وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ
قَدِیْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ ز
وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ ز
وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝

اس کے بعد رزق کی فراوانی، امتحان کی کامیابی، عزت، جرأت
پیدا کرنے اور بزدلی دور کرنے وغیرہ کے لئے جو چاہے دعا کرے۔
آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے۔

ہر مصیبت کے دور کرنے کے لئے

ہر قسم کے مصائب کے دفعیہ کے لئے ہر نماز کے بعد
ستو دفعہ یہ آیت شریفہ پڑھنا مجرب ہے۔ رَبِّ اِنِّیْ
مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

دشمنوں کے مقابلہ میں فتح یابی کے لئے

دشمنوں کے مقابلہ میں فتح یابی کے لئے یہ دعا پڑھے
اَللّٰھُمَّ مُنْزِلَ الْکِتٰبِ مُجْرِیَ السَّحَابِ سَرِیْعَ الْحِسَابِ ھَازِمَ
الْاَحْزَابِ اِھْزِمْھُمْ

دشمن کی زبان بندی اور اس کے مقابلہ میں فتح

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے اور دشمنوں کے مقابلہ میں فتح حاصل
کرنے کے لئے سات سات بار یہ دعا پڑھے۔

۱۔ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا ھَمْسًا ط
۲۔ اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤی اَفْوَاھِھِمْ وَتُکَلِّمُنَآ اَیْدِیْھِمْ وَتَشْھَدُ
اَرْجُلُھُمْ بِمَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ ۝

ہر حاجت و رزق کے لئے سورہ یٰسین کا خاص ورد

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کا ایک دل ہوتا
ہے قرآن کا دل یٰسین ہے۔ اور علمائے کرام نے فرمایا جو شخص صبح اور شام
سورۂ یٰسین پڑھے گا اس کی اسی ضروریات پوری ہوں گی اور ادنےٰ
ضرورت فقر اور محتاجی کی ہے۔

قضائے حاجات کے لئے نماز جمعہ کے بعد رو بقبلہ ہو کر سورۂ یٰسین
تین بار اس طریق پر پڑھے پہلے مُبِیْن پر پہنچے تو سورۂ اخلاص تین بار
پڑھے دوسرے مُبِیْن پر پہنچے تو سورۂ کوثر تین بار پڑھے۔ تیسرے مبین پر پہنچے

توسورۃ الانشراح تین بار پڑھے۔ چوتھے مُبِیْن پر پہنچے تو آیۃ الکرسی تین بار پڑھے پانچویں مُبِیْن پر پہنچے تو یہ دعاء تین بار پڑھے

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ٥

اور چھٹے مُبِیْن پر پہنچے تو تین بار درود شریف پڑھے اور یہ دعاء سات بار کرے اَللّٰهُمَّ وَسِّعْ رِزْقِيْ وُسْعَةً لَا اَحْتَاجُ اِلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ اور پھر سورۃ مکمل کرلے۔

تنگدستی اور سبکدوشی قرض کے لئے

مندرجہ ذیل عمل ہمیشہ جاری رکھیں

بعد نماز عشاء تنہا بیٹھ کر یَا وَهَّابُ چودہ سو بار پڑھ کر یہ دعاء گیارہ مرتبہ پڑھا کریں

يَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف ہو۔ (از ملفوظات شیخ الاسلام ص ۲۲۰)

حُبِّ جاہ اور حُبِّ مال کا علاج

حبِّ جاہ اور حبِّ مال کے مرض کو دور کرنے کے لئے اور دینی شوق پیدا کرنے کے لئے صبح وشام تین تین بار سورۃ کوثر پڑھا کریں۔

ہر بیماری سے شفاء کا تعویذ

ہر بیماری کے لئے لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا۔ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ

ضَعْفًا ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ٥

ہر بیماری سے شفاء کا تعویذ

ہر بیماری سے شفا کے لئے یہ چھ آیات لکھ کر پلائے یا پانی پر دم کر کے پلائے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ (۲) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ (۳) يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ

(۴) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ

(۵) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

(۶) قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

نیند نہ آنے کا علاج

اگر پریشانی یا خشکی کی وجہ سے نیند نہ آئے تو سات دفعہ سر پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھے فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ اس سے آگے نہ پڑھے

نسیان کا علاج

کوئی چیز بھول جائے یا نسیان کا غلبہ ہوجائے تو نسیان کو دور کرنے کے لئے ابن تیمیہ نے فرمایا کہ یہ ورد مجربات میں سے ہے۔ اسی طرح قرآن مجید اور حدیث شریف کا مفہوم حل نہ ہوتا ہو اسم بار یہ دعاء

روزانہ پڑھا کرے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ
ترجمہ: اے زندہ اے قائم رکھنے والے تیرے بغیر کوئی معبود نہیں تیری رحمت کے واسطے سے مدد مانگتا ہوں۔

اسی طرح مبلغ تقریر سے پہلے اور کتاب پڑھنے سے پہلے مندرجہ بالا دعا سات بار پڑھے تو تقریر کی آمد ہو جائے اور کتاب حل ہو جائے

شادی اور اہل وعیال کے نیک ہونے کی دعا

اگر شادی کرنے کا خواہشمند ہو یا چاہے کہ اہل وعیال نیک بن جائیں تو یہ دعا کثرت سے پڑھے رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خاص ورد

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کے لئے مجرب ورد جمعہ کی شب کو صاف لباس پہنے خوشبو لگائے اور بعد از نماز عشاء دو رکعت نفل پڑھے اور اس کے بعد ایک ہزار بار سورۃ الکوثر اور ایک ہزار بار درود شریف بھی پڑھے۔ تین جمعرات کے اندر اندر زیارت ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ
وَعَلٰی اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

عملیات وتعویذات مولانا احمد علی نجگوری
خلیفۂ مجاز مرشدِ عالم حضرت مولانا حافظ غلام حبیب صاحب نقشبندی مجددی قدس سرہ العزیز

برائے حصارِ اعظم

باوضو، رات کو سونے سے قبل بستر پر بیٹھ کر رُخ قبلہ کی جانب کر کے سورۃ مزمل پوری ایک مرتبہ اور آیۃ الکرسی وھو السمیع العلیم تک سات مرتبہ اور سورۃ بقرہ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ الخ سے آخر تک، ایک مرتبہ اور سورۃ حشر پارہ ۲۸ کے بالکل آخر کی تین آیتیں، ایک مرتبہ پڑھ کر۔ پھر یہ پڑھیے: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھ کر اپنے قلب اور روح کی طرف تین تین مرتبہ پھونک مار کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے پورے بدن پر ہاتھ پھیرا جائے، سر کے بالوں سے لیکر پیر کے ناخن تک ہاتھ پھیرے جائیں انشاء اللہ ساری رات ہر قسم کے شیاطین سے حفاظت ہوگی۔ مجرب المجرب ہے۔

حصار کی ترکیب عامل کو چاہیے کہ جب کوئی عمل جلالی یا جمالی پڑھے یا کوئی خوف کی جگہ ہو تو اپنے چوگرد آیۃ الکرسی کا حصار کرے اور حصار کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے اکتالیس مرتبہ اللہ پھر اکتالیس مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ پھر اکتالیس بار الحی القیوم

ط فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ پ۱۳، یوسف، آیت ۶۴

روزانہ پڑھا کرے یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

ترجمہ: اے زندہ اے قائم رکھنے والے تیرے بغیر کوئی معبود نہیں تیری رحمت کے واسطے سے مدد مانگتا ہوں۔

اسی طرح مبلغ تقریر سے پہلے اور کتاب پڑھنے سے پہلے مندرجہ بالا دعا سات بار پڑھے تو تقریر کی آمد ہو جائے اور کتاب حل ہو جائے

شادی اور اہل و عیال کے نیک ہونے کی دعا

اگر شادی کرنے کا خواہشمند ہو یا چاہے کہ اہل و عیال نیک بن جائیں تو یہ دعا کثرت سے پڑھے رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا خاص ورد

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کے لئے مجرب ورد جمعہ کی شب کو صاف لباس پہنے خوشبو لگائے اور بعد از نماز عشاء دو رکعت نفل پڑھے اور اس کے بعد ایک ہزار بار سورۃ الکوثر اور ایک ہزار بار درود شریف بھی پڑھے۔ تین جمعرات کے اندر اندر زیارت ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

عملیات و تعویذات مولانا احمد علی پنجگوری

خلیفہ مجاز مرشد عالم حضرت مولانا حافظ غلام حبیب صاحب نقشبندی مجددی قدس سرہ العزیز

برائے حصار اعظم

باوضو، رات کو سونے سے قبل بستر پر بیٹھ کر رخ قبلہ کی جانب کر کے سورۂ مزمل پوری ایک مرتبہ اور آیۃ الکرسی وھو السمیع العلیم تک سات مرتبہ اور سورۂ بقرہ آمَنَ الرَّسُوْلُ الخ سے آخر تک، ایک مرتبہ اور سورۂ حشر پارہ ۲۸ کے بالکل آخر کی تین آیتیں، ایک مرتبہ پڑھ کر۔ پھر یہ پڑھے: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھا جائے اپنے قلب اور روح کی طرف تین تین مرتبہ پھونک مار کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے پورے بدن پر ہاتھ پھیرا جائے، سر کے بالوں سے لیکر پیر کے ناخن تک ہاتھ پھیرتے جائیں انشاء اللہ ساری رات ہر قسم کے شیاطین سے حفاظت ہوگی۔ مجرب المجرب ہے۔

حصار کی ترکیب عامل کو چاہئے کہ جب کوئی عمل جلالی یا جمالی پڑھے یا کوئی خوف کی جگہ ہو تو اپنے چوگرد آیۃ الکرسی کا حصار کرے اور حصار کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے اکتالیس مرتبہ اللہ پھر اکتالیس مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ پھر اکتالیس بار الحی القیوم

[1] فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ پ۱۳، یوسف، آیت ۶۴
اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا پ۲۸، تحریم ع ۲

حِفۡظُهُمَا تک پڑھے پھر اکتالیس مرتبہ ھو العلی العظیم پڑھے
اور اپنے دائیں بائیں اوپر نیچے سر سے لیکر پاؤں تک دم کرے
پھر سات سو چھیاسی مرتبہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھے
اور اپنے ہاتھوں پر پھونک کر تمام بدن پر دونوں ہاتھ پھیرے کوئی
جگہ باقی نہ رہے اور بعضوں نے لکھا ہے کہ الحی القیوم کو
بھی علٰحدہ اکتالیس مرتبہ پڑھے

دوسری ترکیب حصار کی یہ ہے کہ آیۃ الکرسی ایک دفعہ
اور قُلۡ یٰۤاَیُّهَا الۡکٰفِرُوۡنَ اور قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور قُلۡ
اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ اور قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک
دفعہ پڑھ کر اپنے چاروں طرف حصار کرے اور چاقو سے خط کھینچے۔

تعویذ برائے عرق النساء

(گلے میں یا بازو پر باندھے)

بسم اللہ الرحمن الرحیم
لا لا
اللہ
بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ بسم اللہ
اللہ
ش ش ش
ن ن ن

مسحور اور آسیب والے کا علاج

طبّی طور سے

(۱) خمیرہ گاؤزبان سادہ کم از کم ۲۰۰ گرام آدھ چمچہ، نہار منہ
(۲) شہد کم از کم " " " " "
پانچوں آذان کے بعد۔
(۳) گل قند۔ کم از کم ۲۰۰ گرام۔ پانچوں اذان کے بعد
(۴) معجون سورنجاں۔ رات سوتے وقت آدھ چمچہ
(۵) سمندر کا پانی ایک کنستر لاکر رات کو بیمار کے پاس دائیں
طرف رکھ دیا جائے اور صبح ہٹا دیا جائے۔ پھر روزانہ ایک ایک
لوٹا پانی کا صبح نہار منہ اپنے بدن پر ڈالے
(۶) اور سمندری کشتی کے چار میخ پر دم کرکے بیمار کے چاروں
کونوں پر رکھ دیا جائے۔

ان مذکورہ اشیاء اور دواؤں پر سورۂ فاتحہ اور معوذتین
وَاتَّبَعُوۡا مَا تَتۡلُوا الشَّیٰطِیۡنُ اور تعویذ والے کلمات اٰمَنۡتُ
بِاللّٰهِ وَحۡدَهٗ سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا جائے اور مذکورہ
طریقہ پر استعمال کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

برائے عرق النساء، فالج و درد کمر

عرق النساء فالج اور درد کمر کے واسطے الحمد شریف ایک پاک برتن
میں لکھے اور روغن بلسان سے اُسے دھو کر اور سات بار اس

تیل پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور تیل کو تمام بدن اور کمر پر دو تین روز ملا کرے۔ بہت ہی مفید ہے۔

(شاہ عبدالعزیز اور ان کی تعلیمات ص۸۵)

برائے ردِ سحر

سورۂ بقرہ روزانہ پڑھ کر یا پڑھوا کر مریض پر دم پھونک ماریں اور پانی پر دم کر کے پلائیں اور کچھ پانی ملا کر غسل کرائیں چالیس ایام تک یہ عمل کیا جائے۔ سحر انشاء اللہ ٹوٹ جائے گا

آسیب کے لئے سورہ فاتحہ، آیۃ الکرسی۔ چاروں قل پانی پر دم کر کے تین گھونٹ پی لیا جائے باقی پانی میں اور پانی ملا کر غسل کیا جائے چالیس ایام تک یہ عمل کیا جائے

برائے دفع آوارگی و شوقِ تعلیم کے لئے

بچہ آوارہ ہو جائے اور تعلیم چھوڑنے کی شکایت دور کرنے کے لئے سورۂ فاتحہ آیۃ الکرسی، چاروں قل پانی پر دم کر کے پلایا جائے جس کی خبر نہ کی جائے کہ یہ پانی پڑھا ہوا ہے

آسیب زدہ اور دفع سحر کے لئے

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَکَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْت وَاسْتَمْسَکْتُ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَہَا وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ

اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۵ ۱۱۱ ۵ ح ۱۱ ۱۱۱۱ م

دفعِ جنات کے لئے اسماء اصحاب کہف

جنات کے دفع اور اثرات کے زائل ہونے کے لئے اصحاب کہف کے اسماء کا نقشہ بنا کر گھر میں لگایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ تمام اثرات دور ہوں گے

اثرات جنات و جادو کو زائل کرنے کے لئے ذاتِ احد کی گولیاں

جنات کے اثرات کے زائل ہونے کے لئے لفظ اللہ یا رحمٰن یا قدیر۔ قوی کی گولیاں بنا کر مریض کو صبح شام کھلایا جائے۔ انشاء اللہ مریض جلدی شفایاب ہوگا

خواب آور قرآنی ایٹم بم

(مجرب عمل)

جس کو رات نیند نہ آئے اس کو چاہئے سورۃ واللیل سات مرتبہ، سورۃ الشمس سات مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ، اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ پڑھنے سے قبل اس کو پوری نیند آئے گی اور رات کو اچھے اچھے خواب دیکھے گا، بزرگانِ دین کی ملاقات سے بہرور ہوگا، بشارت سے نوازا جائے گا۔

(مجرب عمل)

خواب سے بیدار ہونے کا قرآنی ٹائم پیس

سورۃ کہف کی آخری تین آیتیں اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ۝ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝ (پ ۱٦ کہف ع ۱۲)
پڑھ کر سو جائے، کسی سے بھر بات چیت نہ کرے جس وقت کے اٹھنے کا ارادہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور بیدار ہوگا

بچہ کا دل پڑھنے کیلئے لگ جائے

اس تعویذ کو بچے کے گلے میں ڈالا جائے یا زعفران سے لکھ کر اکیس ایام تک پلایا جائے انشاء اللہ تعالے بچہ بڑے شوق وذوق سے خودبخود پڑھنا شروع کرے گا۔

مجرب المجرب المجرب

نسخۂ اکسیر برائے اطمینان قلب وروح وسکون بخش برائے اعضاء وجوارح

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ؕ پ ۱۳ رعد ع ۴

خلاصہ یہ ہے کہ اطمینانِ قلب سے بڑھ کر کوئی نعمت ہی نہیں اور یہ نعمت اللہ اللہ کرنے سے ملتی ہے اور اللہ اللہ کرنے والوں کی مجلس اور صحبت سے ملتی ہے۔ اطمینان دل میں ہوتا ہے، ہاتھ پاؤں زبان میں نہیں ہوتا۔ نبی علیہ السلام چوبیس گھنٹے میں ذاکر رہتے تھے اور اطمینان وسکون کی نعمت سے آپ سرشار تھے۔

عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یذکر اللہ کل احیانہ

قرآن وحدیث کی آیات وروایات سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ سکون قلب صرف اور صرف ذکر اللہ میں ہے۔

سورۃ الانشراح تمام جسمانی امراض کے لئے عموماً اور ہمہ اقسام بخار کے لئے خصوصاً شافی کافی ہے

راقم الحروف نے تو اس کو بسیار استعمال میں لایا۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ بفضل الٰہی سو فی صد کامیابی اور کامرانی سے ہمکنار ہوا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ سورۃ انشراح پڑھتے جایئے ہر کاف پر نو عدد دھاگے کے مجموعہ پر دم کرکے

ایک ایک گرہ لگاتے جائیے۔ جیسے اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ ، لَكَ پردم کرکے گرہ لگائیے۔ صَدْرَكَ پرگرہ لگائیے۔ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ پرگرہ لگائیے۔ اَلَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ پرگرہ لگائیے وَرَفَعْنَا لَكَ پرگرہ لگائیے ذِكْرَكَ پرگرہ لگائیے فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ۔ اب اِلٰى رَبِّكَ پرگرہ لگائیے۔ کُل آٹھ کاف ہیں۔ اس کے بعد تین مرتبہ پوری سورت پڑھ کر مجموعہ دھاگہ پردم پھونک مار کر مریض کو گلے میں ڈالنے کے لئے دیا جائے۔

نوٹ : دھاگہ سیاہ یا سُرخ رنگ کا ہونا ضروری ہے۔

ہر درد و مرض اور ہر قسم کے سحر و آسیب کے لئے اکسیر علاج

ہر قسم کے امراض و آلام، سحر، جادو اور آسیب کے لئے مندرجہ ذیل دعاء کا تعویذ بنا کر تین تکڑے کپڑے کے نیلے رنگ والے میں سے لیکر گلے میں ڈالا جائے۔ دعاء یہ ہے جو آکام المرجان فی احکام الجان " میں مذکور ہے :

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وحدہ او العظیم وَكَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاسْتَمْسَكْتُ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ یا حفیظ۔

حدیث میں اٰمنتُ باللّٰہ العظیم کی بجائے اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ ہے۔ ✿ یہ ہے درد بند تعویذ ✿

برائے ازالہ سحر و جادو دیگر امراض وغیرہ

مندرجہ ذیل نقش کو اکیس ایام تک عرقِ گلاب یا سادہ پانی یا آبِ زمزم میں ڈال کر صبح نہار منہ ایک پیالہ اپنی پیا جائے سحر، جادو و آسیب کے ازالہ کے لئے اکتالیس ایام تک مسلسل پیا جائے۔ دیگر امراض کیلئے صرف ایک ہفتہ تک

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا حَفِيْظُ	يَا رَحِيْمُ	يَا حَافِظُ
يَا كَرِيْمُ	يَا حَيُّ	يَا قَيُّوْمُ
يَا رَحِيْمُ	يَا رَحِيْمُ	يَا رَحِيْمُ

معمول برائے کاٹنے یرقان یعنی پیلیا کے

بروز یکشنبہ (اتوار) چند برگ یعنی نیم کے درخت کے تازہ پتے لے کر ایک طرف مریض یرقان کے دائیں ہاتھ میں دیں کہ وہ پکڑے اور دوسری طرف خود بائیں ہاتھ میں لے کر اپنے داہنے ہاتھ میں چاقو لے کر ایک دفعہ سورۃ قریش بالتسمیہ پڑھ کر چاقو سے ان سبز پتوں کو کاٹیں اس طرح ۳۶ دفعہ کریں۔ لیکن اول و آخر درود شریف کا اضافہ کریں۔ اس معمول کو بھی تین اتوار تک عمل میں ضرور لائیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ پیلیا رفع دفع ہوجائیگا۔

دُنیا کی بڑی سے بڑی بلا و مصیبت کے پاش پاش ہونے کے لئے دعاءِ حزب البحر[1] کا ایٹم بم

الحمد للہ ثم الحمد للہ دعاءِ حزب البحر کو بندہ نے اپنا معمول بنالیا ہے اور اگر سمندر پار کرنا پڑے تو بھی اس کی برکت سے آسان ہوجاتا ہے اس سے ہر ظالم، فرعون و دجال سرنگوں ہوجاتا ہے اور ہر دجال کا دجل کٹ کر خاک و راکھ ہوجاتا ہے

جملہ امراض کے لئے شفاء

اگر کسی بچہ یا جوان کو کالی کھانسی ہو یا چیچک یا خسرہ یا ام الصبیان یا مرگی یا نظرِ بد یا بخار کھنڈے اسہال یا آسیب یا مہلک امراض طاعون ہیضہ وغیرہ ہوجائے کچے سوت کا سیاہ یا سرخ رنگ کا دھاگہ نو تار لے کر سب کو یکجا کر کے سورۃ الم نشرح لک پڑھنا شروع کریں۔ پھر بعد ازاں مکرر تین بار سورہ مذکور پڑھ کر دم کریں پھر اس ڈورے کو مریض کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی مرض ہوگا دور ہوجائے گا۔

دافع اثرِ سحر ہر قسم

چینی کی صاف پاک طشتری میں یہ آیت سیاہی سے لکھ کر گھی میں حل کر کے مسحور کو چٹا دیں خواہ قدرے شکر بھی چھڑک لیں انشاء اللہ تعالیٰ اثرِ سحر زائل ہوجائے گا اور پھر مرتے دم تک نہ ہوگا۔ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ

[1] دعائے حزب البحر کا متن مع ترجمہ ص۱۰۷ پر ملاحظہ فرمائیں۔

بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (پ۵ نساء ع ۴)

باوضو لکھے۔ صبح چٹائیں ۳-۵-۷ ایام تک یہ عمل کریں۔

عمل برائے زبان بندی دشمن

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (بحق) صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ

پ۱ - بقرہ - ع ۲ - آیت ۱۸

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ - پ۲ - بقرہ - ع ۲۱ - آیت ۱۷۱

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَمْكُرُوْنَ

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

نوٹ: یہ عمل بروزِ ہفتہ بوقت صبح شروع کرے اور تصوراً ان کے دلوں اور دماغوں پر دم پھونک مارے دشمن کی زبان بند ہوجائے گی۔

(مجرب ہے)

دیگر برائے زبان بندی عدو

ترکیب: دشمن کی زبان بند کرنے کے لئے یہ آیتیں نہایت مجرب ہیں يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا يَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ

اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوْلًا وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ
الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا

مندرجہ بالا آیتوں کی ترکیب وخواص ان آیتوں کو کسی کاغذ پر لکھ کر جس کی زبان بندی کرنی ہو اس کا نام اس کی والدہ کا نام نیچے لکھ کر تعویذ کو کسی پرانے درخت میں لٹکانا مخالف کی زبان بند ہونے کے لئے مجرب ہے۔

استخارہ مجربہ

عشاء کی نماز کے بعد سونے سے قبل تازہ وضوء کر کے بستر پاک پر بیٹھ کر یا لیٹ کر تین بار درود شریف پڑھیں۔ پھر دس بار الحمد شریف اور گیارہ بار قل شریف پڑھ کر سینہ پر دم کریں اور رو بقبلہ دائیں پہلو سوئیں۔ نیت دل میں یہ کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک کی برکت سے خواب میں آگاہی فرمائیں کہ یہ کام کروں یا نہ کروں یا کون سا کام میرے حق میں بہتر ہوگا انشاء اللہ تعالے صحیح حال معلوم ہوگا۔

سحر و مرضِ مایوسہ

جس پر جادو کا اثر ہو یا جس بیماری سے اطباء عاجز آچکے ہوں اس کے لئے ایک چینی کی طشتری سفید میں یہ کلمات لکھ کر پانی سے گھول کر چالیس دن تک پئیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔ اور بعض بزرگانِ دین اس کے آگے سورۂ فاتحہ بھی لکھ لیتے ہیں۔ وہ کلمات یہ ہیں یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ

آگے بسم اللہ شریف اور الحمد للہ شریف بھی لکھ دیں انشاء اللہ تعالے یقیناً صحت و تندرستی ہوگی۔

برائے سکون از زیادتی شہوت و برائے زوالِ شہوت از زنا

اگر کسی کو شہوت ستائے احتمالِ قوی گناہ کا ہو یا کہ کوئی بدنصیب بدفعلی زنا وغیرہ میں مبتلا ہے اور وہ چھٹکارا نہیں پا سکتا تو اس کا علاج یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے جو صفاتی نام ہیں۔ جن میں یا ی آئی ہے جیسے قَدِیْرٌ۔ خَبِیْرٌ۔ بَصِیْرٌ۔ عَلِیْمٌ۔ حَکِیْمٌ۔ عَزِیْزٌ۔ حَلِیْمٌ۔ جَلِیْلٌ۔ رَحِیْمٌ۔ عَظِیْمٌ۔ کَرِیْمٌ وغیرہ کسی چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔ سات دن صبح اول پوری تسمیہ لکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سکون ہو جائے گا۔

غلام یا اولاد کہا ملنے

اگر چوپایہ شوخی کرے یا اولاد باغی ہو والدین کا کہنا نہ ملنے تو یہ آیت پڑھ کر اس کے کان میں پھونکیں اور کئی دن یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالے مطیع و فرمان بردار ہو جائے گا اور اس کے ساتھ آیۃ الکرسی بھی اگر سات مرتبہ پڑھ کر اضافہ کیا جائے تو نورٌ علےٰ نور ہوگا۔ تو پھر سونے پر سہاگہ کا عمل ہوگا آیت یہ ہے اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ○

(پ۳ آخری رکوع)

برائے رَدِّ سحر و آسیب

سفید مرغ کو باوضو ذبح کرکے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر (جادو بر سرِ جادوگر) لکھ کر جہاں وہ مریض سویا کرتا ہو، اس کاغذ کو چھت پر لٹکا دیں یا چپکا دیں اس طرح کہ کاغذِ مذکورہ اس کے سینہ کے مقابل رہے۔

(نقل شد از مکتوباتِ شیخ الاسلام ج ۲ ص ۲۵۵/۲۵۶، مکتوبات ۱۲۴)

برائے رشتۂ دختر (لڑکی)

جو چاہتا ہے کہ اس کی صاحبزادیوں کی شادی کے لئے حسب خواہش پیغام بکثرت آئیں تو وہ یہ عمل ضرور کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پیغامِ نکاح خود بخود شروع ہوں گے۔ دو عمل لڑکی خود کرے۔

بعد نماز عشاء مندرجہ ذیل آیات کو تین سو مرتبہ پڑھے۔ آیت یہ ہے
سُبْحَانَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ (پ ۲۳ یٰسٓ آیت ۳۶)

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ ۱۲۰۰ اول آخر میں بارہ بارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور والدین یا بھائی بہن یہ عمل کریں۔ دو رکعت نمازِ حاجت کی نیت سے پڑھیں اس کے بعد ۱۰۰ مرتبہ بعد زوال یَا لَطِیْفُ کہیں۔ دیگر سورۂ اخلاص اکتالیس مرتبہ رات سوتے وقت۔ یہ چاروں عمل ۴۱ ایام تک کرنے ہیں۔ اگر اس سے قبل کام بن گیا تو فبہا ورنہ ۴۱ ایام تک ضرور کریں

ایک نایاب تعویذ

(از بعض عارفین)

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس موم جامہ کرکے رکھے اگر قتل غارتگری ہو رہی ہو گی اور وہاں سے گزرے گا تو کوئی دشمن انشاء اللہ تعالیٰ نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا اور ہر مقصد میں اس کی برکت سے کامیابی ہوگی۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے اور عورت اُلٹے (بائیں) بازو پر باندھے۔ اگر گلے میں باندھ لے تب بھی کوئی حرج نہیں۔ بہت ہی مجرب ہے۔ وہ نقشِ مکرم یہ ہے:

٧٨٦

١٦٥٦١٨	١٦٥٦٢١	١٦٥٦٢٥	١٦٥٦١١
١٦٥٦٢٤	١٦٥٦١٢	١٦٥٦١٧	١٦٥٦٢٢
١٦٥٦١٣	١٦٥٦٢٧	١٦٥٦١٩	١٦٥٦١٦
١٦٥٦٢٠	١٦٥٦١٥	١٦٥٦١٤	١٦٥٦٢٦

شوگر کے مریضوں کیلئے

۲/۳ ماہ تک بلا ناغہ ۳ مرتبہ صبح اور شام یہ آیت پڑھ کر پانی دم کرکے پیئیں انشاء اللہ شوگر جاتی رہے گی۔

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ

اے میرے رب داخل کر مجھ کو سچا داخل کرنا

وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ

اور نکال مجھ کو سچا نکالنا۔ اور عطا کر مجھ کو

مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا

اپنے پاس سے ایسا غلبہ جس کو تیری مدد حاصل ہو۔

پ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل آیت ۸۰

ہر تکلیف و درد کے لئے دم کریں

جب کسی جگہ شدید تکلیف ہو اور پورے بدن میں بے چینی ہو تو ایسے وقت میں اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ کو کثرت سے پڑھ کر تکلیف کی جگہ پر دم کرتے جایئے انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہو کر بالکل آرام و سکون ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

ایڑیوں اور پیر کے پنجوں میں تکلیف کا علاج

جب ایڑیوں اور پیر کے اگلے حصے اور پنجوں میں درد ہو تو روزانہ صبح شام دونوں ٹائم نیم گرم تیل سے مالش کیا کریں۔ لیکن مالش کے ساتھ ساتھ سورۃ انشراح یعنی اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ الخ تین تین مرتبہ پڑھتے جایئے اور دم پھونک مارتے جایئے انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی دن سے سکون کے ساتھ چند دن میں آرام ہوگا

جنات و جادو کے سخت اثرات سے بیہوشی طاری ہونیکا علاج

سورۃ الفاتحہ ایک مرتبہ۔

سورۂ بقرہ کی ابتداء سے مُفْلِحُوْنَ تک اور انتہاء میں آمَنَ الرَّسُوْلُ سے الخ تک ایک مرتبہ۔

پ۲۸ سورہ حشر کی آخری تین آیتیں ایک مرتبہ۔

آیۃ الکرسی سات مرتبہ۔

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَكَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاسْتَمْسَكْتُ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ ۷ مرتبہ۔

سورۂ مزمل۔ ایک مرتبہ۔

اگر بیہوشی سے قبل بدن میں تکلیف بھی ہو تو اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ کی ایک تسبیح (اکیسو مرتبہ) پڑھ کر دم کرے اور اسی طرح یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالشِّفَاءِ یَا بَدِیْعُ ایک تسبیح اور اسی طرح یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ کی بھی ایک تسبیح پڑھ کر دم پھونک ماریئے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو جلد از جلد شفاء نصیب ہوگی

الحمد للہ مؤلف کے یہ مجرب المجرب عملیات میں سے ہے۔

میاں بیوی کے مابین انتہائی ناچاقی کی صورت میں طلاق کی شکل و صورت پیدا کرنا

اگر میاں بیوی میں انتہائی ناچاقی پیدا ہوئی ہے تو والدین شوہر چاہتے ہیں کہ ان کے مابین جدائی بصورتِ طلاق ہو اور والدین و اقرباء بیوی چاہتے ہیں کہ خلع کی صورت پیدا ہو تاکہ لڑکی کی جان چھڑائیں تو اس کے لئے مہینہ کے پہلی منگل وار کو دوپہر کے وقت وضو کر کے خوشبو وغیرہ لگا کر اور منہ میں کالی مرچ رکھ کر کچی اینٹ پر

لکھے۔ پھر اُسی ماہ کے دوسرے منگل اسی طرح تیسرے منگل کو لکھ کر کنویں میں ڈالدے۔ ہر بار لکھ کر ڈالتا رہے انشاء اللہ تعالےٰ ضرور کامیابی ہوگی

ہاروت ماروت

اَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ
البغض فلاں بن فلاں علیٰ فلاں بن فلاں

ہاروت ماروت

چوپائے کے لات مارنے اور نظر بد لگنے کا علاج

جس گائے یا بھینس کو نظرِ بد لگ جائے اور دودھ دوہنے کے وقت لاتیں مارے تو یہ تعویذ بنا کر گلے میں باندھا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد بر آویگا۔ تعویذ یہ ہے: سورة الفلق اور سورہ نٓ کی آخری آیتیں فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ٥ وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۘ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ

برائے نظرِ بد

گائے بھینس کو جب نظرِ بد لگ جائے تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بکلمات اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ٣ ٣ ٣ ٣ ٣
دیگر انسانوں کے لئے بھی مفید ہے کہ یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالدیں۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں)

عطط	عطط	عطط	عطط
عطط	عطط	عطط	عطط
عطط	عطط	عطط	عطط

علیق علیق تلیق فَاَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ عَلَیْهَا فَنَظَرَ نَظْرَةً فِی النُّجُوْمِ فَقَالَ اِنِّیْ سَقِیْمٌ

جو جانور دودھ نہ دے اس کا علاج

جو جانور دودھ نہ دے بلکہ خون یا پیپ دے تو یہ آیت لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ خوب دودھ دے گا۔
آیت یہ ہے وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ

کلونجی موت کے سوا سب امراض کا علاج ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ کلونجی کو لازم پکڑو کہ موت کے سوا اس میں تمام بیماریوں کی شفا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خالی معدہ پر شہد میں کلونجی ملا کر چاٹا کرتے تھے۔ یہ گرم خشک ہے۔ بعضوں نے کہا ہے کہ گرم تر ہے۔ جب خالی معدہ صاف شدہ شہد کے ساتھ استعمال کی جاوے تو بلغم اور رطوباتِ فاسدہ کو قطع کرتی ہے اور ریاح کی منجمد ریح کو تحلیل کرتی ہے اور پیٹھ اور جوڑوں کے درد کو آرام

دیتی ہے اور جسم میں بیماریوں کو پیدا ہونے سے روکتی ہے۔

اس گائے یا بکری کی وحشت دُور کرنے کے لئے جو اپنے بچے سے نفرت کرتی ہیں

از مجرباتِ امام سیوطی رح

اسماء ذیل لکھ کر اور پانی سے دھو کر اس گائے یا بکری کو پلا دیں۔

اسماء یہ ہیں:

بسم اللہ بابُنا، تبارک اللہ حیطانُنا یٰسٓ سقفُنا، کٓھٰیٰعٓصٓ کفایتُنا حٰمٓعٓسٓقٓ حمایتُنا فسیکفیکھم اللہ فاللہ خیرٌ حافظاً اِنَّ ولیَّ اللہ فی الدنیا والآخرۃ وصلی اللہ علٰی سیدنا ونبینا ومولانا محمد النبی الکریم وعلٰی آلہ وصحبہ وسلم تسلیماً کثیراً دائماً ابداً۔

(مجربات امام سیوطی ص۲۱)

برائے تقویتِ دماغ

ہر فرض نماز کے بعد سیدھا ہاتھ سر پر رکھ کر گیارہ مرتبہ یا قَوِیُّ پڑھا جائے انشاء اللہ تعالیٰ دماغ بہت ہی قوی ہوگا اور حافظہ بھی تیز ہوگا۔ مجرب المجرب ہے

برائے ضعفِ بصر

ہر فرض اور سنتِ نماز سے فارغ ہونے کے بعد اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ

سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے سروں پر دم پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرا جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے نگاہ کی کمزوری دور ہو کر نظر تیز ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

مرض ذیابیطس کا علاج

اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف، سورۃ الطارق اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ تک ایک مرتبہ۔ اسی طرح سورۃ عٰدیٰت صرف ایک مرتبہ پڑھ کر مریض کو پلایا جائے یا سورۃ عٰدیٰت پوری تحریر کر کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈالا جائے یا سیدھے بازو پر باندھا جائے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی

تعویذ برائے شفا ہر درد وعرق النساء وغیرہ

اس آیت شریفہ کو تین روز کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کر کے اس پانی کو پلائیں اور درد کی جگہ مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ شفا اور آرام ہوگا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لَوْ اَنْزَلْنَا ہٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللہِ وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُہَا لِلنَّاسِ لَعَلَّہُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ یا شافی یا شافی یا شافی

ایضاً برائے بیماری ہر قسم

ہر قسم کی بیماری کے لئے چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر پلائیں انشاء اللہ تعالےٰ کامیابی ہوگی۔

① وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ② وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ

③ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ
④ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ
⑤ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ
⑥ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

ہر مرض کے لئے

حضور علیہ السلام نے فرمایا: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مَرِيْضًا لَمْ يَحْضُرْ اَجَلُهٗ فَيَقُوْلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ ۔ ترجمہ: کوئی مسلمان بندہ جب تک بیمار ہو اور اس کی موت کا وقت نہ آیا ہو تو وہ سات مرتبہ یہ دعا پڑھے:
"میں اللہ تعالیٰ سے سوال کروں گا جو عرش عظیم کا مالک ہے کہ وہ تمہیں شفاء دے"

اور ایک حدیث میں ہے حضور علیہ السلام کا فرمان ہے اور ہمارا اس پر ایمان ہے کہ جس کو گرمی سے بخار ہو جائے تو ٹھنڈے پانی سے نہالے۔

حضرت ثوبان سے روایت ہے کہ تاجدارِ مدنی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو بخار ہو جائے تو ٹھنڈے پانی سے نہالے۔

طریقہ یہ ہے کہ جس طرف سے پانی بہہ رہا ہو اس طرف منہ کر کے یہ دعا پڑھے: بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ وَصَدِّقْ رَسُوْلَكَ
صبح کی نماز کے بعد نہر میں تین غوطے لگائے تین دن تک۔ اگر آرام نہ آئے تو پانچ دن تک تین تین غوطے لگائے۔ اگر پھر بھی آرام نہ ہو تو سات دن

تک پانچ پانچ غوطے لگائے۔ اگر پھر بھی آرام نہ آئے تو نو دن تک سات سات غوطے لگائے ان شاء اللہ نو دن سے اوپر بخار نہیں ہوگا۔

حضرت عثمان فرماتے ہیں

کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور مجھے سخت بخار تھا۔ تو حضورؐ نے فرمایا کہ درد والی جگہ پر دایاں ہاتھ پھیرتا رہ اور سات دفعہ یہ دعا پڑھ کر دم کرتا رہ
اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ وَسُلْطَانِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ۔

لاعلاج مرض کا علاج

ہر مرض کے لئے رمضان شریف کی ستائیس تاریخ کو جتنی مرتبہ آیت لکھ سکتا ہے لکھے جس کو دے گا ان شاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ

لاعلاج بیماری کو مفید ہے

سورہ فاتحہ و آیاتِ شفاء ہر روز چینی کے برتن یا طشتری پر لکھ کر سورج نکلنے سے پہلے پانی سے دھو کر پلایا کرے چالیس دن تک کرے، ان شاء اللہ جیسا بھی مرض ہوگا خواہ حکیم لوگ جواب دے چکے ہوں چالیس یوم کے اندر اندر آرام ہو جائے گا بشرطیکہ موت کا وقت نہ آچکا ہو۔

بخار وورم ودرد کے لئے

یٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ

بسمِ اللہ قَرَّتْ بسمِ اللہ مَرَّتْ بِسْمِ اللّٰہِ خَلَتْ

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا

اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔

ان آیات کو لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا

سوئم باری کا بخار

جس شخص کو تیسرے دن بخار آتا ہو وہ اس کو لکھ کر سر پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا

دائمی بخار کے لئے

اس تعویذ کو لکھ کر ہر روز ایک ایک کر کے سات دن تک پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

اللہ یا محیط اللہ اللہ

قلب وبدن وایمان کی حفاظت

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تھا کہ رات کو سورۃ اخلاص اور الفلق اور والناس تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے بدن پر پھیر لیتے۔

سورۃ اخلاص سے قلب کی حفاظت رہے گی۔

سور الفلق سے بدن کی حفاظت رہے گی۔

سورۃ والناس سے ایمان کی حفاظت رہے گی۔

دردِ گُردہ کے لئے

تین تعویذ ایک دن میں پلائیں چالیس دن تک یہ عمل کرتا رہے انشاء اللہ تعالےٰ فائدہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ قَرَّتْ ، بِسْمِ اللّٰہِ قَلَّتْ ، بِسْمِ اللّٰہِ مَرَّتْ

بچہ کے رونے کے لئے

جو بچہ بہت روتا ہو اور نیند نہ کرتا ہو تو یہ آیت لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے۔ آیت یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ه اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ

برائے زیادتی مکھن

یہ تعویذ بنا کر مدھانی پر باندھیں

یا باسط

یا باسط یا اللہ یا باسط

یا باسط

برائے دفع دیمک ہر قسم از خانہا و زمینہا و درختہا وغیرہ

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ یا لطیف لم یزل اللطف بنا فیما نزل نجنا مما نخاف عن قهرك یوم الخلل اور آیت الکرسی بھی پوری لکھیں۔ اور یہ نقش سات بار لکھیں یاکح یاکح ، یاکح یاکح ، یاکح یاکح ، یاکح یاکح ، یاکح یاکح ، یاکح یاکح یاکح یاکح مٹی کی کوری ڈولی میں رکھ کر مکان کی چھت کے ساتھ باندھ دیں اور ڈولی کا منہ کھلا رکھیں۔ زمین میں دفن کریں، گھر و کھیت کے درختوں پر لٹکائیں یا باندھیں۔

برائے دفع جانوران موذی از خانہا

مندرجہ ذیل تعویذ کو لکھ کر گھر کے ہر کمرہ میں چسپاں کریں۔ ہر موذی جانور مثلاً سانپ بچھو اور ہر زہریلے جانور بھاگ جائیگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ

یا لطیف یا ودود یا باسط رزقی دیانة افتح لی ابواب الرزق حتی لا احتاج الی احد من الناس انت المستعان

بچہ کا ڈرنا اور رونا

اگر بچہ روتا ہو تو یہ تعویذ کعبہ کی طرف منہ کر کے لکھے اور گلے میں ڈالے بچہ نہیں روئے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

تعویذ یہ ہے ۱۱۰ امہ ▭ ۱۱ امہ ل ، ۸۸

دیگر: جب بچہ روئے تو دائیں کان میں تین دفعہ آذان اور بائیں کان میں تین دفعہ اقامت کہے تو بچہ رونے سے رک جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ

برائے انسداد نزلہ، درد سر، درد چشم و نزول الماء

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر چمڑہ میں بند کر کے عین ماتھے پر باندھے اور ناک کے برابر رہے، انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یُرِیْدُ اللّٰهُ اَنْ یُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا

اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْكُمْ ضَعْفًا

ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

یملیخا ، مکشلمینا ، مشکزنوس وبرکوس ومرنوس

لشطیطوس ، قطمیر افسوس ، لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ

فدا بر ہر چہار یارم ابوبکر و عمر و عثمان و حیدر

درد سر بوقت نکلنے سورج کے

مندرجہ ذیل آیت لکھ کر تعویذ بنا کر ماتھے پر باندھے، انشاء اللہ تعالیٰ
فائدہ ہوگا۔ لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ
(پ۲۳ والصّٰفّٰت ع۲)

آدھا دردِ سر

بسم اللہ سمیت سورۃ فاتحہ تین بار
اور آخر میں سبحان اللہ وبحمدہ اللہ الصمد
حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ تین بار پڑھے اور سر میں دم
کرے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

دائمی دردِ سر

اس کو لکھ کر سر پر باندھیں یاصبور یاصبور یاصبور یاصبور یاغفور یاغفور

کن درد کے لئے

اس کو لکھ کر سر پر باندھے

یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم	یاحکیم

ہر قسم کے درد کے لئے

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جس کو جس قسم کا درد ہو تو یہ دعا

پڑھ کر دم کرے۔
بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ
حَرِّ النَّارِ

بدن وجسم کے درد کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا
وَّنَذِيْرًا۔ سات دفعہ پڑھ کر درد والی جگہ پر دم کریں، یا تیل
سرسوں کا اس پر دم کر کے خوب مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا

برائے دفعیہ نکسیر

ترکیب: اول الحمد شریف سات بار پھر مندرجہ ذیل آیات سات
سات دفعہ پڑھ کر ناک کے داہنے طرف اندر پھونکیں اور پھر بائیں طرف
اسی طرح سات بار کریں، پھر سات بار تمام عمل کو پڑھ کر پانی اور برتن پر دم
کریں، ناک اور رخساروں پر چھینٹیں ماریں۔ اسی طرح چالیس یوم تک
بلاناغہ عمل کریں، پھر ماسوا الحمد شریف کے باقی تمام آیات مسطورہ لکھ کر تعویذ
بنا کر گلے میں ڈالیں، آیات یہ ہیں
يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا
ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ
وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا
وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ
اس کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ دل پر آ کر ٹھہرے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

زمین سے کیڑوں کو بھگانے کے لئے

چار پتوں پر اسماء ذیل لکھ کر چاروں کونوں میں ایک ایک پتا دفن کردیں سب بھاگ جائیں گے۔ اسماء یہ ہیں یَا عَلِیْمُ یَا قَدِیْرُ مَالِیْ سِوَاكَ نَصِیْرٌ

تیجا بخار کا علاج

مندرجہ ذیل آیات وغیرہ لکھ کر مریض کے گلے میں یا سیدھے بازو پر باندھیں شفاء ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ

بِسْمِ اللهِ دَلَّتْ بِسْمِ اللهِ فَرَّتْ بِسْمِ اللهِ مَرَّتْ بِسْمِ اللهِ انصرفت بسم الله اَدْبَرَتْ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ۔ اَلَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ الكريمات وَمَنْ نَزَلَتْ عَلٰى قَلْبِهٖ اَنْ تَشْفِيَ حَامِلَ هٰذَا الْكِتَابِ

نیز: تین بادام لیکر پہلے پر حَسْتْ دوسرے پر مَسْتْ تیسرے پر اِنْقَفَسْتْ لکھ کر ہر روز ایک سے دھونی دیں۔ صحیح اور مجرب ہے۔

نیز: کھجور کی تین گٹھلی لیکر یہ کلمات لکھیں اور یکے بعد دیگرے اس سے دھونی دیں۔ کلمات یہ ہیں مکونا ۳ احاجاج یاام امدلاتاکلی اللحم ولاتشربی الدم۔

حافظ رازی علی بن بیان سے روایت ہے یہ تعویذ لکھ کر مریض کے

سر کے نیچے رکھے بخار جاتا رہے گا۔

تیمی کا قول ہے کہ جو شخص تیرہ دفعہ حرف یا لکھے اور اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قول عَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا اضافہ کرے اور مریض کے سر پر لٹکادے اور لکھتے وقت باوضوء ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ بحکم خدا بخار ٹوٹ جائے گا۔ نقش یہ ہے

یَا حَیُّ

وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ایضاً: بیمار نہا کر مہندی یا کسی اور درخت کی لکڑی سے دائیں بازو پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور بائیں بازو پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ، دائیں پنڈلی پر جبرائیل اور بائیں پر میکائیل دائیں پہلو پر اسرافیل بائیں پہلو پر عزرائیل لکھے انشاء اللہ تعالیٰ صحیح اور مجرب ہے۔ (از مجربات امام سیوطیؒ ص ۱۱۸ تا ۱۱۹)

اس درد کو دور کرنے کے لیے جو چوپاؤں کے پاؤں میں ہوا کرتا ہے

اس کے واسطے اسماء ذیل درانتی پر لکھ کر اور آگ میں گرم کر کے پانی میں بجھادیں اور بہائم پر چھڑک دیں یہ عمل ایک دن میں تین دفعہ کیا کریں۔

اسماء یہ ہیں کفف ۲ خفف ۲ بحق اهل الکهف وبحق آدم ونوح ومحمد اجمعین جم وانقطع قطعًا

اس حیوان وانسان کے لئے جس کا بچہ گرجاتا ہو

اسماء ذیل کسی کاغذ پر لکھ کر عورت یا مویشی کی گردن میں لٹکادیں اسماء یہ ہیں نیف عتق وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا نَشَاءُ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى

بکریوں کو شیر یا بھیڑیئے وغیرہ سے بچانے کیلئے

اسماء ذیل لکھ کر بکریوں کے گلے میں لٹکادیں۔ کوئی شیر یا بھیڑیا وغیرہ ان کے نزدیک نہیں آئیگا۔ كٓهيٰعٓصٓ وَاللّٰهُ مِنْ وَرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ قٓ وَالْقُرْاٰنِ وَاللّٰهُ مِنْ وَرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ

عملِ مجرب
برائے قوّتِ دِل

مندرجہ ذیل کو ہر فرض نماز کے بعد دل پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھیں اور دل پر پھونک دیا کریں۔ انشاءاللہ دل کی بیماری سے محفوظ رہیں گے۔

يَا قَوِيُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّ قَلْبِي

ترجمہ: اے قوت والے قدرت و اقتدار والے مجھے اور میرے دل کو قوت دے

از حضرت مفتی ولی حسن صاحب مدظلہ
جامعہ عربیہ اسلامیہ کراچی۔

علاج مازو بقدر ۵ تولہ لیکر بہت سے پانی میں جوش دیں پھر اس میں پھٹکڑی بقدر ایک تولہ ملادیں۔ اور کسی بڑے برتن میں ڈال کر مریض کو اس میں بٹھلادیں۔ چند روز تک ایسا ہی کرتے رہیں یہاں تک کہ کانچ کا نکلنا موقوف ہو جاوے ایضاً ریش بڑھ (درخت بڑھ کی داڑھی) جلا کر راکھ بنادیں پھر آرد ماجو۔ آرد مائیں خرد ایک مساوی ملا کر سب کو سرکہ میں گوندھ کر مقعد پر طلا کیا کریں اور غذا میں سرکہ ملا لیا کریں ایضاً مرغ کی چربی سے مرہم (کانچ) کی تدہین کرتے رہنا اس مرض کو زائل کر دیتا ہے۔

باب وجع خصیتین (درد خصیہ) کے علاج میں

درد خصیہ دمثانہ قروح مثانہ کا علاج بیل کا پتہ موضع ماؤف پر طلا

کریں ایضاً سرکہ کسی شیشی میں ڈال کر اس میں ایک زندہ بچھو ڈالدیں اور شیشی کو چند روز دھوپ میں رکھیں تاکہ بچھو اس میں حل ہو جائے پھر اس سے مالش کیا کریں ایضاً کھجور کی گٹھلی کا آٹا، تخم خطمی برابر ایک مساوی سرکہ میں پیس کر ضماد کریں ایضاً کرنب کے پتے جلا کر انڈے کی سفیدی میں پیس کر موضع ماؤف پر طلا کریں ایضاً ورق سداب ورق اونٹ کٹارا کو پانی میں جوش دیکر اس پانی سے خصیوں کو دھویا کریں۔ ایضاً روغن زیتون میں ایک زندہ بچھو ڈال کر دھوپ میں رکھیں یا اکیس روز کے بعد صاف کر لیں پھر اس سے ذکر و خصیہ پر مالش کریں نیز اس کو آنکھ میں ڈالنے سے آنکھوں کا چوندھیا پن دور ہو جاتا ہے ایضاً آرد باقلا پکا کر پہلے جائے مخصوص پر روغن گل کی مالش کریں پھر وہ آٹا کسی کپڑے پر لگا کر لیپ دیں۔

باب ذکر و فروج کے درد و زخم کے علاج میں

توتیا ہندی (نیلا توتیہ) کو پیس کر دس دفعہ پانی میں دھویں۔ پھر روغن چنبیلی و عرق گلاب میں ملا کر مالش کیا کریں ایضاً تخم السی باریک پیس کر عرق گلاب میں ملا کر طلا کریں بس مفید ہے ایضاً ان کے زخموں کا علاج مرتک سہاگہ دونوں کو پیس کر سرکہ میں ملائیں اور تھوڑا آگ پر گرم کر کے اس سے مالش کیا کریں۔

باب بواسیر کے علاج میں

بواسیر جمع ہے باسور کی۔ یہ ایک قسم کی (رگیں) ہوتی ہیں جو مقعد کے

کنارے کے گوشت پر پیدا ہو جاتی ہیں اس سے مقعد میں خارش پیدا ہوتی ہے۔ جس سے اس جگہ پر ایک آگ سی لگی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کا اثر رطوبت سمیہ کے سبب سے سارے جسم میں پھیل جاتا ہے جس سے تنگی نفس۔ سانس کا پھولنا۔ پست ہمتی شکستہ دلی پیدا ہوتی ہے اور اس سے رنگ زرد۔ بدن سست۔ تہبیج چہرہ و چشم ہو جاتا ہے۔ پھر یہ رگیں دو قسم کی ہوتی ہیں۔ سیالہ (بہنے والی) جامدہ (نہ بہنے والی) اور سبب ان کا دو ردی خلطیں ہوتی ہیں۔ جو ردی غذا کے فضلوں سے پیدا ہوتی ہیں ایک تو فضلہ مائیہ یعنی وہ ردی خلط ہے جو جگر سے گردوں کی طرف لیسدار سفید پانی کے ساتھ اترتی ہے اور یہ بواسیر سیالہ کا سبب بنتی ہے۔ دوسری وہ ردی خلط ہے جو جگر سے طحال کی طرف سیاہ خون کے ساتھ نازل ہوتی ہے۔ اور یہ بواسیر جامدہ کا موجب ہوتی ہے۔ بواسیر سیالہ کا علاج یہ ہے کہ تھوم و نمک کوٹ کر شہد میں ملائیں اور ضماد کریں اور نہار وقت شہد میں تھوم ملا کر استعمال کیا کریں۔ یہ قسم بہ نسبت جامدہ کے علاج کو جلدی قبول کرتی ہے۔ جامدہ کا علاج قطع ہے۔ مگر اس میں خطرہ ہے اور ماہر و حاذق حکماء کا کام ہے اس واسطے نسخہ ذیل کا استعمال کریں۔ نوشادر۔ زرنیخ و نورہ نا آب رسیدہ (چونا) ہر ایک مساوی لیکر باریک پیس لیں پھر مسوں پر نشتر لگا لگا کر دوائے مذکورہ ان پر چھڑکتے جائیں۔ یہ دوائی ان کے اندر گھس جائے گی اور ان کو کھائے گی اگر درد ہو اور برداشت نہ ہو سکے تو گرم گھی سے ٹکور کریں جب درد کی تسکین ہو جائے تو پھر وہی کام کریں اور درد کی حالت میں ٹکور کرتے جائیں یہاں تک کہ تمام مسے کٹ جائیں پھر نمک و تھوم پیس کر

اس پر ضماد کریں **ایضاً** تھوم، زنجبیل، سداب ہر ایک مساوی کو باریک کر کے شہد میں ملا کر کھانے اور مسوں پر ضماد کرنے سے ہر دو قسم کی بواسیر سیالہ و جامدہ دور ہو جاتی ہے۔ غذا اس مرض میں جوزہ مرغ کا شوربہ اور گندم کی روٹی ہونی چاہیئے اور ہر ایک ترش چیز اور سرد و تر اغذیہ و ادویہ سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

بواسیر ریحی کا علاج پہلے مسہل لیں پھر تریاق جسکا ذکر معجونات کے بیان میں آئے گا استعمال کریں **ایضاً** پہلے مسہل لیں اس کے بعد لعاب بہدانہ میں شکر سفید ملا کر چند روز تک استعمال کرتے رہیں۔

باب عرق النساء (رینگن واؤ) کے علاج میں

یہ ایک قسم کا درد ہوتا ہے جو ران سے لیکر قدم تک پہونچتا ہے اس کا سبب برودت و یبوست کی کثرت ہوتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے واسطے عربی دنبہ کی الیہ (چکی) گلا کر پینے کا حکم کیا کرتے تھے۔ تین روز میں مریض اچھا ہو جاتا ہے۔ حضرت انس کہتے ہیں کہ میں نے یہ دوائی ایجبزار تین سو آدمی کو تبلائی سب اچھے ہو گئے اور اگر دنبہ کی چکی شہد اور روغن زرد ملا کر استعمال کریں تو زیادہ مفید ہے **ف** اس مرض کے علاج کا کلیہ قاعدہ یہ ہے کہ اخلاط ردیہ فضلات فاسدہ کو بدن سے خارج کریں اور اس کے واسطے سب سے عمدہ طریقہ قے کروانا ہے جب بدن صاف ہو جاوے تو خردل یا یاسمین بری کو گھوٹ کر ران بلکہ ساری ٹانگ پر ضماد کرنا چاہیئے سب سے زیادہ مفید دوائی اس مرض میں درباس ہے اس کے بعد جنگلی چنبیلی ہے۔ اس کے گندھک آملہ سار ہے ان اشیاء کو مریض کو حمام میں داخل کرنے کے بعد اس کے موضع ماؤف پر ضماد یا طلا کرا دیں بعض حاذق حکماء کا قول ہے کہ شیطرج ہندی اس مرض میں سب سے عمدہ علاج ہے اس کی لکڑی کو فتہ بیختہ کر کے اس میں چربی ملا کر ران پر بلکہ ساری ٹانگ پر ضماد کریں پھر مریض کو حمام میں لیجاویں جب پسینہ آنے لگے اور مریض عضو میں لذع محسوس کرنے لگے تو اس دوا کو اتار دیں اور عضو کی روغن گنجد سے مالش کریں اور ٹانگ کسی موٹے گاڑھے کپڑے میں لپیٹ دیں اگر مریض کو اٹھا کر حمام میں داخل کریں گے تو وہ اپنے پاؤں پر چلتا ہوا نکلے گا اگر بالفرض کچا درد باقی رہ جاوے تو ایک ہفتہ کے بعد پھر یہی تدبیر کریں **ایضاً** خردل و چربی کا ضماد بھی اسی ترکیب سے یہی فائدہ دیتا ہے۔ فرفیون، چربی بھی اسی تدبیر بالا سے اس مرض میں مفید ہے **ایضاً** بکری کی مینگنی سرکہ میں پکا کر طلا کرنا بھی عرق النساء کے واسطے مفید ہے **ایضاً** جوز الطیب کا عرق ایک مثقال پینا بھی اس میں نہایت مفید ہے **ایضاً** مجیٹھ بقدر دو درہم کوفتہ بیختہ کر کے شہد میں ملا کر استعمال کرنا بھی ہر ایک کی وجع المفاصل کو ضائع کرتا ہے خصوصاً عرق النساء کو تو نہایت فائدہ کرتا ہے۔ **ایضاً** پودینہ ہندی گھونٹ کر طلاء کرنے سے عرق النساء کو دور کرتا ہے **ایضاً** دانہ حرمل بقدر ۱½ مثقال ہر روز پانی کے ساتھ پھانکنا بارہ روز میں فائدہ کرتا ہے **ایضاً** قشر درخت جوز ہندی (اخروٹ کا چھلکا) یاسمین بری (جنگلی چنبیلی) ہر دو مساوی کوٹ کر بیمار جگہ پر طلاء کریں رات ساری رہنے دیں صبح کے وقت دوا دور کر دیں اس جگہ سے ایک قسم کا پانی بہتا ہو گا پھر اس پر گرم گھی سے تکمید کریں اور کسی مرہم سے زخم کو بھر دیں **ایضاً** کعب (ٹخنہ) کے

چار انگل اوپر داغ دینے سے بھی کمال فائدہ ہوتا ہے ایضاً کسی قسم کی بوسیدہ ہڈی لیکر خوب باریک کرکے اس میں سانپ کی چربی ملادیں اور بیس روز تک درد کی جگہ پر ملتے رہیں ایضاً چمگادڑ کے گوشت کو کسی روغن میں پکاکر اس تیل کی مالش کریں ایضاً شجرہ مریم خشک کریں اس میں بقدر ایک درہم آرد گندم میں ملاکر اس کی روٹی کھایا کریں صحیح و مجرب ہے۔

باب فالج (اور نگ) کے علاج میں

فالج کے معنی یہ ہیں کہ انسان کا تمام بدن یا ایک حصہ بے حرکت ہوجاتا ہے اس کا سبب برودت و یبوست کی کثرت ہوتی ہے علاج پہلے مسہل سوداء دیں۔ پھر روغن زیتون۔ روغن کنجد میں نمک تھوم مصطگی ملاکر آگ پر چڑھائیں جب ادویہ کا اثر تیل میں آجائے تو اس سے مریض کے بدن پر خوب زور سے مالش کریں اور غذا وہ کھاویں جو ہم نے سکتہ کے باب میں ذکر کی ہے[1] مالش کے بعد مریض کے بدن پر کپڑا اڑھادیا کریں یہی علاج کئی دفعہ کرتے رہیں انشاءاللہ شفا ہوجاوے گی۔

باب برص کے علاج میں

تعریف: یہ ایک قسم کی سخت سفیدی تمام بدن میں یا اس کے بعض حصہ میں ہوتی ہے جو تمام بدن میں سرایت کرجاتی ہے اور بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ تمام بدن گھیر لیتی ہے۔ یہ نہایت ردی اور مزمن بیماری ہے اس کا سبب خلط

[1] سکتہ کے باب میں ان چیزوں کا ذکر ہے دودھ چاول، مرغ کا گوشت، روغن زرد، شہد اور شوربے کھلائیں۔ باقی چیزوں سے پرہیز (بحوالہ مجربات امام سیوطی صـ۸۳)

بلغمی کی کثرت ہوتی ہے جو بدن میں مستحکم ہوجاتی ہے علاج پہلے بلغم کا مسہل لیں پھر بڑا پیاز خاکستر گرم میں بھونیں اور اس کا پانی نچوڑ کر اس میں تخم ترب کو خوب پیسیں اور رکھ چھوڑیں اور موضع ماؤف پر مالش کریں ایک رات دن مالش کے بعد پھر گرم پانی سے غسل کیا کریں اگر ایک ہفتہ تک اچھا ہوجائے تو فبہا ورنہ پھر مسہل لیں پھر اسی دوا کی مالش کریں اس طرح ہر ہفتہ یا ماہ میں دو دفعہ مسہل لیا کریں اور مسہل لیکر طلاء کریں یہاں تک کہ آرام ہوجائے اور غذا اس حالت میں عمدہ گندم کی روٹی اور ایک سالہ دنبہ کا گوشت جس میں گرم مصالح خوب پڑے ہوئے ہوں استعمال کیا کریں نیز ہر روز شہد اور تھوم ملاکر کھایا کریں اس تدبیر سے بہت جلد آرام ہوجاوے گا ایضاً حنظل کی جڑ۔ جال کی جڑ ہر دو مساوی دونوں کو خوب پیس کر سیاہ گائے کے دودھ میں ملادیں اور بکری کو ذبح کرکے اسکی گرما گرم جلد اتار کر اس میں وہ دودھ ڈالدیں اور خوب ملاکر اس میں سے تھوڑا سا پی جائیں اور باقی بدن پر ملکر دھوپ میں بیٹھ جائیں اور اس جلد کو مریض کو پہنادیں انشاءاللہ ایک دن میں اچھا ہوجاوے گا ایضاً جنگلی چنبیلی کی جڑ۔ اکاس بیل حنظل کی جڑ سب کو خشک کرکے باریک پیس لیں پھر شہد خالص میں گوندھ لیں اور ہر روز بقدر ایک درہم کھایا کریں ایضاً ابابیل کا گوشت لیکر اس میں تھوڑا سا چونہ اور روغن لگادیں اور دھوپ میں رکھ دیں یہاں تک کہ خشک ہوجاوے پھر روغن زیتون کسی کوزہ میں ڈال کر اس میں وہ سوکھا گوشت ڈالدیں اور کوزے کو کسی کوڑے میں دفن کردیں ایک ہفتہ کے بعد نکال کر اس میں (خردل اراقی) رگڑ کر برص پر لگایا کریں ایضاً تخم اطریلال (کاگ جنگا) جال

(دن کا درخت) سرکہ تیز۔ شہد کاگ جنگا اور جال کی جڑ کو سرکہ و شہد میں رگڑیں
اور برص کی جگہ کو رگڑ کر اس پر وہ طلا کریں ایضاً زعفران پیس کر گندھک
محلول میں شامل کریں اور برص کی جگہ پر طلا کریں اسی روز آرام ہو جاوے گا
ایضاً شیطرج ہندی۔ مجیٹھ۔ تخم ترب ہموزن سب کو سرکہ میں گھوٹ کر برص پر
طلا کریں اور دھوپ میں بیٹھیں پھر غسل کر ڈالیں ایضاً زنگار۔ شہد زنگار کو شہد
میں حل کر کے برص کی جگہ کو گرم پانی سے دھو کر طلا کریں۔ انشاء اللہ آرام ہو جاوے
ایضاً زرنیخ۔ توتیا۔ تخم ترب سب ہموزن باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا دیں
اور برص کی جگہ کو رگڑ کر طلا کریں تین روز میں آرام ہو جاوے ایضاً زنگار تخم ترب
تخم بابچی سب ہموزن باریک پیس کر سرکہ تیز میں ملا دیں اور برص کی جگہ کو کسی کپڑے
وغیرہ سخت چیز سے رگڑ کر طلا کریں ایضاً تخم پنوار گو سیاہ گائے کے بول میں
ڈبو دیں اور چالیس روز تک کسی گڑھے میں دفن کر رکھیں پھر نکال کر خوب باریک
پیسیں پھر اس میں شہد ملا کر برص پر طلا کریں انشاء اللہ سات دن میں آرام ہو جاوے
ایضاً برص کا علاج کتابت سے اسماء ذیل کاغذ پر لکھ کر ان کو پانی سے دھویں
اور اس پانی سے غسل کریں اسماء یہ ہیں کہیعص حمعسق کو تین گھڑی رات گذرے
ہوئے لکھے۔

باب جذام کے علاج میں

علامت اس مرض کی یہ ہے کہ آواز میں بحوحت و خشونت ہوتی ہے یعنی آواز تیز
ہو جاتی ہے اور باوجود اس کے ناک میں بولتا ہے۔ یہ بیماری ناک کے اطراف
کو کھا لیتی ہے انگلیوں کا گوشت کم ہو جاتا ہے طبیعت میں یبوست آجاتی
ہے۔ حرارت ردیہ کا غلبہ ہو جاتا ہے سبب اس کا مادہ سوداء کا مستحکم ہونا ہوتا ہے
علاج اس کا چھ ماہ تک ممکن ہے اس کے بعد ایک سال تک مشکل ہے اس کے بعد
محال ہے۔ پس جب ان علامتوں میں سے کوئی علامت ظاہر ہونے لگے تو علاج کی
طرف متوجہ ہو جانا چاہیئے اور سب سے پہلے خلط سوداوی کا استفراغ کرنا چاہیئے
پھر معجون ذیل کا استعمال کرنا چاہیئے۔ ثوم مقشر۔ کنوار گندل کا گودہ ہر ایک
مساوی ہر دو کو پیس کر روغن زرد۔ شہد خالص میں ملائیں اور آگ پر قوام معتدل
کریں اور اس میں بقدر برداشت طبع سوتے وقت استعمال کریں غذا اس حالت
میں چوزہ مرغ کا شوربہ اور گندم کی روٹی اور شہد و روغن زرد ہونی چاہیئے اور
اس کے ماسوا پرہیز کرنا چاہیئے اور ہر ہفتہ میں ایک دفعہ ایک مہینہ میں دو دفعہ
مریض کی قوت وضعف کے موافق اسہال لیا کریں کہتے ہیں کہ اگر صرف شہد خالص و
روغن زرد دنبہ ہر ایک مساوی لیکر ان میں گائے کا تازہ دودھ ملا کر پیا کریں تو اس
مرض اور ہر ایک سوداوی مرض کو رفع کرتا ہے ایضاً حرمل کا پودا سارا کا سارا مع
جڑوں وغیرہ کے اکھاڑ کر پانی میں جوش دیں اور اس پانی سے نہایا کریں اور سر پر
بہت پانی ڈالا کریں شفا ہو جاوے گی ایضاً معجون ذیل کا استعمال کریں کہ نہایت
مفید ہے۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ کشنیز۔ کلونجی۔ گندم بریان۔ نخود بریان۔ خشخاش
سمسم۔ بادیان۔ فلفل۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ اندرجو۔ جوزالطیب۔ تہوم۔ الائچی خورد
حرمل۔ صعتر۔ زرکتان۔ نانخواہ۔ چرونجی ہر ایک ایک حصہ زعفران ½ حصہ شہد
خالص۔ زیتون۔ روغن زرد۔ سرکہ ہر ایک مساوی ادویہ ماقبل کو نیم کوفتہ بیختہ کر کے
باقی اشیاء سائلہ میں ملا کر کسی روغن دار برتن میں ڈال کر ایک ہفتہ دھوپ میں

رکھ چھوڑیں پھر اس سے بقدر ایک اوقیہ ہر روز صبح کے وقت کھانا شروع کریں جذام کے علاوہ یہ معجون تخبل العقل، کثرت سوداء و بلغم۔ جرب۔ دیدان۔ ربح۔ درد جگر۔ ورم طحال۔ وسواس کو بھی فائدہ کرتی ہے۔

باب جنون و وسواس کے علاج میں

حکیم جالینوس کا قول ہے کہ گدھے کا دماغ کھانا صاحب جنون کو کمال فائدہ دیتا ہے نیز مرغ کے سر کی کلغی (تاج) کا بخور (دھونی دینا) بھی اس مرض میں مفید ہے ایضاً سویہ کوٹ کر پانی میں پکائیں اور وہ پانی مریض کو پلائیں امید ہے کہ تین یا سات روز کے پینے سے نفع ہیں معلوم ہوگا ف جو شخص شیطان الرجیم کے وسوسے سے بچنا چاہے اسے چاہیئے کہ دعا ذیل پڑھتا رہا کرے دعا یہ ہے[1] يَا اللّٰهُ الرَّقِيْبُ الْحَفِيْظُ الرَّحِيْمُ يَا اللّٰهُ الْحَيُّ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ الرَّؤُفُ الْكَرِيْمُ يَا اللّٰهُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْقَائِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ حُلْ بَيْنِيْ وَ بَيْنَ عَدُوِّيْ دیگر غزالی کی خاتم جس کا ذکر گذر چکا ہے[3] اور آیۃ الکرسی اور آیت[2] الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ایک سونے یا چاندی یا تانبے یا قلعی کے برتن میں لکھ کر پانی میں ملا کر اور حل کر کے تین

---

[1] ترجمہ: اے اللہ نگہبان و حفاظت کرنے والے اے اللہ زندہ رکھنے والے نرمی کرنے والے عظمت والے مہربان و فضل کرنے والے اے اللہ زندہ اور قائم رکھنے والے خود ہمیشہ قائم رہنے والے ہر نفس پر اس چیز کے ساتھ جو کچھ کہ اس نے کمایا میرے اور میرے دشمن کے درمیان حائل ہو جا۔ [2] ترجمہ: پرہیزگار لوگوں کو شیطان کی طرف سے جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اللہ کو یاد کرتے ہیں تو ان کو بصیرت حاصل ہو جاتی ہے۔

[3] خاتم غزالی یہ ہے ←

د	ط	ب
ج	ھ	ز

روز صبح خالی پیٹ پئیں۔

باب احتلام کے دفع کرنے میں

اس مرض میں اگر مریض سوتے وقت سورہ والسماء والطارق پڑھ لیا کرے تو احتلام سے محفوظ رہے۔ ایضاً اگر سوتے وقت انسان اپنے دائیں ران پر آدم اور بائیں ران پر حوا لکھ لیا کرے تو کبھی احتلام نہ ہو۔

باب بہت جننے والی عورت کے بیان میں

اگر عورت حاملہ ہونا نہ چاہے تو چاہیئے کہ ایک درہم کافور کھا جاوے پھر کبھی بچہ نہ جنے ایضاً خصی دنبے کا بول پینے سے عورت کو حمل نہیں ٹھہرتا ایضاً گدھے کے کان کی میل پینے سے بھی حمل نہیں قرار پکڑتا ایضاً اگر عورت نعناع کے پتے اپنے پاس رکھے تو جب تک پتے اس کے پاس رہیں گے حمل نہیں ہوگا ایضاً اگر عورت کاسنی کے پھولوں کو پانی میں گھوٹ کر حیض کے بعد پی جاوے تو حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت خرگوش کا دل نعناع کے ساتھ پاس رکھے تو حاملہ نہ ہو ایضاً تخم ارنڈ کا حلوہ بنا کر کھانے سے بھی حمل قرار نہیں پکڑتا ایضاً اگر عورت سیاہ تلوں کو اپنے حیض میں تر کر کے کھا جاوے تو حاملہ نہ ہو ایضاً اگر مرد جماع کے وقت تھوڑی سی افیون اھلیل کے منہ میں رکھ کر جماع کرے تو نطفہ فاسد ہو جاوے اور تولید کے قابل نہ رہے ایضاً اگر مجیٹھ پکا کر اس کا پانی نہار پیا جاوے تو ہرگز حمل نہ ٹھہرے۔ ایضاً اگر تھوڑی سی پھٹکڑی پانی میں حل کر کے مرد اپنے ذکر پر طلا کرے یا عورت

تھوڑی سی پھٹکری پیس کر فرج میں رکھ دے اور پھر مقاربت کریں تو حمل نہ ہو۔
ف جس عورت سے بکثرت جماع کیا جاوے وہ عقیمہ (بانجھ) ہو جاتی ہے ایضاً
اگر مرد و عورت جماع سے پہلے روغن سے تدہین کر لیا کریں تو حمل نہ ٹھہرے ایضاً
اگر رو سیاہ مرغی کے پتہ کو ذکر پر طلا کر کے جماع کیا کرے تو عورت کبھی حاملہ نہ ہو
ایضاً اگر عورت جماع کے وقت ملح اندرانی کا حمول کر لیا کرے تو کبھی حاملہ نہ ہو
ایضاً اگر عورت کسی بچے کے اس دانت کو جو زمین پر نہ گرا ہو کسی کپڑے میں باندھ کر
پاس رکھے تو ہرگز حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت ایک واقعہ سندروس کھا جاوے
تو کبھی حاملہ نہ ہو ایضاً اگر عورت مہینے حیض کے بعد خچر کا بول پی لیا کرے تو حمل نہ
رہ جاوے ایضاً سداب و سنتاع کا پانی پینے سے بھی عورت کو حمل نہیں ہو سکتا
ایضاً اگر سرطان پیس کر گدھی کے دودھ سے ٹکیہ بناویں اور عورت کے بائیں بازو
پر باندھیں تو جب تک وہ بندھا رہے گا عورت حاملہ نہ ہوگی ایضاً اگر عورت
آنکھ بند کر کے ارنڈ کا ایک دانہ نگلجاوے تو ایک سال تک حاملہ نہ ہو ایضاً اگر
چمگادڑ کا سر عورت کے سر کے نیچے رکھا جاوے تو اس روز حمل قبول نہ کرے ایضاً
اگر عورت اونٹ کے منہ کی جھاگ (جھگالی) جو مستی کے وقت اس کے منہ سے نکلتی
ہے پی جاوے تو ہرگز حاملہ نہ ہو ایضاً چمگادڑ کو ذبح کر کے اس کے پیٹ کی آلائش
دور کریں اور باقی کسی تکیہ میں بھرو اگر عورت بطور سرہانہ استعمال کیا کرے جب تک
وہ تکیہ اس کے سر کے نیچے رہا کرے گا وہ حاملہ نہ ہوگی

باب اس بات کے معلوم کرنے میں کہ آیا عورت حاملہ ہے یا نہیں

صاحب الخواص نے کہا ہے کہ اگر معلوم کرنا چاہیں کہ عورت حاملہ ہے یا نہیں
تو عورت کو چاہیئے کہ ایک دانہ ثوم چھیلکر اس میں چند جگہ سوئی سے چھیدے
اور رات کے وقت اندام نہانی میں رکھکر سو جاوے اگر صبح کے وقت اسکی بو منہ
سے آوے تو جان لے کہ حاملہ نہیں ہے ورنہ حاملہ ہے اگر یہ معلوم کرنا چاہیں کہ حمل نر
ہے یا مادہ تو عورت کے ہر دو ٹخنوں کو دیکھیں اگر وہ صاف اپنی اصلی حالت پر ہوں
تو حمل نر ہے اگر سبز ہو گئے ہوں تو جان لو کہ مادہ ہے دیگر اگر عورت کا داہنا طرف
بھاری ہو تو نر ہوگا اور اگر بائیں طرف بھاری ہوگا تو مادہ ہے ف اگر عورت
خرگوش نر کا پنیر اس کے دو خصیہ کے ساتھ کھا جاوے تو لڑکا جنے اور خرگوش مادہ کا
پنیر کھاوے تو لڑکی پیدا ہو صاحب خواص کا قول ہے اگر وہ عورت جسکو حمل نہ
ٹھہرتا ہو یہ معلوم کرنا چاہے کہ میرا حمل کبھی ٹھہرے گا یا نہیں تو اسے چاہیئے کہ
زراوند حرج کو گائے کے پتہ میں پیس کر حیض سے فارغ ہونے کے بعد ایک
رات حمول کرے اگر صبح کو اس کا ذائقہ مونہہ میں معلوم کرے تو جان لے کہ حاملہ
ہو جاوے گی ورنہ نہیں۔

باب حمل نہ ہونے کے علاج میں یعنی حمل ٹھہرانے کے بیان میں

یاد رہے کہ حمل کا نہ ٹھہرنا کئی وجوہات سے ہوتا ہے کبھی تو رحم میں کسی قسم کی گرہ
پڑ جاتی ہے۔ کبھی رحم کا منہ منقلب ہو جاتا ہے۔ کبھی رحم اپنی جگہ سے اونچا ہو جاتا

ہے۔ اگر رحم میں بخرہ پڑگئی ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ پھول کلفہ خشک کر کے اس کو جوش میں پکائیں اور تھوم ڈال کر چند روز استعمال کریں اور غذا نہایت پاکیزہ ہونی چاہیئے اگر رحم اُلٹا ہو یا اونچا ہوا ہو تو عورت کو چاہیئے کہ حلبہ کو پانی میں جوش دیکر ایسے پانی سے حمول کرے اور پیٹ اور پیٹھ پر بھی ملے۔ کبھی رحم کے الیاف سُست ہو جایا کرتے ہیں اسکی علامت یہ ہے کہ نطفہ جلد گر جاتا ہے۔ اور عورت مجامعت کے بعد ہولناک خواب دیکھتی ہے علاج یہ ہے کہ گندنا کی جڑیں روغن زرد میں جوش دیں اور بقدر برداشت طبع اس روغن کو پی جاویں اور پیٹ اور پیٹھ پر اس روغن کی مالش بھی کریں پھر عورت کا خاوند اس سے مجامعت کرے ایضاً اگر سیاہ گائے کا پتہ روغن زرد میں ملاکر اس میں صوف کا ٹکڑا تر کر کے عورت حمول کرے۔ پھر تین روز کے بعد خاوند اس سے مجامعت کرے انشاءاللہ باردار ہو جاوے اگر چربی و گوشت کی زیادتی سے رحم کا منہ بند ہو جس کے سبب سے نطفہ قرار نہ پاتا ہو تو یہ نسخہ کام میں لاویں۔ سیاہ گائے کا پتہ۔ زیرہ کرمانی۔ مصطگی۔ شحم حنظل سب کو کوٹ کر روغن بلسان۔ روغن سوسن میں ملائیں اور صوف بھگو کر عورت اس سے شافہ کرے۔ یا پانچ روز تک یہ عمل کرنے کے بعد پھر اس کا خاوند مجامعت کرے انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے۔ اگر رحم میں تشنج ہو تو اس کا علاج یہ ہے بکری کی چربی سے روغن نکال کر اس میں گائے کا دودھ ملادیں اور عورت اس سے اپنے فرج کی تدہین کرے چند روز کے بعد خاوند سے مجامعت کرے اگر رحم میں ریح ہو جسکی علامت یہ ہوتی ہے کہ عورت مجامعت کے ساتھ ہی نطفہ گرا دیتی ہے تو اس کا علاج یہ ہے کہ گلے کے پتے یں اسپغول پیس کر صعفوف میں لپیٹ کر عورت

چند روز حمول کرے پھر خاوند اس کے ساتھ مجامعت کرے ایضاً زنگار فلفل۔ حب الرشاد۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ خرگوش نر کا پنیر۔ نوشادر سب مساوی کوفتہ بیختہ کر کے شہد خالص میں ملاکر حیض سے پاک ہونے کے بعد چند روز تک اس دوا میں سے حمول کیا کرے ایضاً ہدہد کے گوشت کا شوربہ نہار پینا بھی بہی فائدہ دیتا ہے ایضاً کلفہ باریک پیس کر ماءالشعیر میں پکاکر چند روز استعمال کرنے سے یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے ایضاً زنجبیل۔ فلفل۔ جوزالطیب سب ہموزن فرفیون ½ حصہ سب کو باریک پیس کر گائے کے گوشت میں لاکر جوش میں اور حیض سے پاک ہونے کے بعد عورت استعمال کرے چند روز کے بعد اس سے مجامعت کرے انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے ایضاً بیضہ مرغ کو جلاکر خاک کریں۔ اور وہ خاک پانی میں ڈال کر نہار پی جاویں کامیابی ہو جاوے ایضاً محلب دار فلفل ہر دو مساوی کوٹ کر شہد میں ملادیں۔ اور حیض سے پاک ہونے کے بعد عورت چند روز اس کو بطور شافہ کام میں لاوے پھر اس سے مجامعت کیجاوے ایضاً بلی کا پتہ لیکر اس میں صوف تر کریں اور کسی قدر روغن بلسان۔ روغن ناردین۔ روغن بان ملاکر عورت اس سے حمول کرے بفضلہ تعالیٰ حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر عورت ایام حیض میں ہر روز تین دفعہ مرد کے بالوں کی دھونی لے پھر حیض سے پاک ہونے کے بعد خاوند اس سے مجامعت کرے حاملہ ہو جاوے ایضاً ابن اسحاق کہتا ہے کہ اگر دانہ ارنڈ کو ایک رات و دن پانی میں تر کر کے اس میں عورت صوف بھگو کر حمول کرے۔ پھر خاوند اس سے مجامعت کرے تو حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر خرگوش کا پنیر لے کر جماع سے پہلے اس کا حمول کرکے اس

سے مجامعت کی جاوے تو انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے۔ ایضاً اگر عورت کتے کے بول میں صوف ترکر کے حیض کے بعد حمول کرے اور پھر خاوند اس سے مجامعت کرے حاملہ ہو جائے ایضاً خرگوش کا پنیر اور اسکی مینگنی اور شہد ہر ایک مساوی باہم خلط ملط کر کے اس میں صوف ترکر کے عورت تین روز تک حمول کرے اور ان ایام میں ہاتھی دانت کا برادہ بھی بقدر ایک ماشہ ہر روز استعمال کرتی رہے پھر اس سے مجامعت کی جاوے حاملہ ہو جائے ایضاً سوسن کی جڑ۔ خرگوش کی مینگنی۔ بادام کی گوند ہر ایک دو درہم سب کو باریک کر کے روغن بان میں ملائیں اور اس میں صوف ترکر کے عورت نو روز تک حمول کرتی رہے پھر اس سے مجامعت کی جائے حاملہ ہو جاوے ایضاً زعفران۔ میعہ۔ مصطگی ہر ایک دو درہم موم سفید چار درہم روغن ناردین یا روغن گل آٹھ درہم روغن و موم کو گلا کر باقی ادویہ کوفتہ کر کے ملا دیں۔ اور مرہم کا سا قوام کر کے اٹھا رکھیں پھر اس میں صوف ترکر کے عورت اس سے حمول کیا کرے چند روز کے بعد اس سے مجامعت کی جاوے ایضاً کائپھل خرگوش کے بال۔ سداب خشک ہر ایک مساوی لیکر کوفتہ بیختہ موم سفید کے ساتھ ملا کر قرص بنالیں اور حیض سے پاک ہونے کے بعد عورت ان سے دھونی لیوے نہایت جلدی حاملہ ہو جائے صحیح و مجرب ہے۔ ایضاً اک کی جڑیں باریک کر کے پانی میں ڈالیں اور اس میں گندم کے دانے ڈال کر جوش دیں جب دانے پھول جاویں نکال کر خشک کریں اور پیس کر اس کا حلوہ بنا کر تین روز تک نہار استعمال کرے انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے ایضاً خرگوش نر کی گھیری اور اوجھری اگر حیض کے بعد بھون کر کھائے تو حاملہ ہو جاوے ایضاً اگر عورت کو اسکی لاعلمی

میں گھوڑی کا دودھ پلا دیا جاوے اور اس کے ایک گھنٹہ بعد اس سے مجامعت کیجاوے تو حاملہ ہو جاوے صحیح و مجرب ہے ایضاً اگر عورت جماع سے پہلے نعناع بستانی کا حمول کر لیوے تو حاملہ ہو جاوے ایضاً زرنیخ احمر کائپھل ہر ایک مساوی لیکر کوفتہ کر کے موم سفید کیساتھ ملا کر غسل کے بعد تین روز تک عورت اس سے دھونی لیوے پھر اس سے مجامعت کی جاوے ایضاً زاج قبرسی۔ شاخ حرمل۔ زنگار عراقی۔ لوبان نر ہر ایک ایک مثقال سب کو کوفتہ کر کے حادیوں کے بیج میں ملائیں اور کپڑے پر لگا کر ہر روز صبح اور شام اس سے دھونی دیں نو روز تک ایسے ہی کرتے رہیں۔ اس کے بعد عورت کا خاوند اس سے مجامعت کرے انشاءاللہ حاملہ ہو جاوے ایضاً پتہ ہرن میں ایک بتی ترکر کے رحم میں حمول کرنے سے بھی یہی نتیجہ پیدا ہوتا ہے ایضاً سیہ کے عضو تناسل کو جلا دیں اور اس کے ساتھ بیتھی اور گندم بریاں ملا کر باریک پیسیں اور شہد میں ملا کر ہر روز رات کے وقت تھوڑا سا چاٹا کریں۔ تین دن تک ایسا کرنے سے کامیابی ہو جاوے گی۔

باب جنین راقد یعنی وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں سویا ہوا ہو اس کے بیدار کرنے کے بیان میں

حب بلطم پیس کر نمک ملا کر دس روز تک استعمال کریں ایضاً آیات ذیل کو کسی صاف برتن میں زعفران کے پانی سے لکھیں اور بارش کے پانی اور مینڈھے کے بول سے دھو کر نہار پئیں۔ انشاءاللہ بیدار ہو جائیگا۔ آیات یہ ہیں: اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِى النَّاسِ كَمَنْ

مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْ اَنْشَاَهَا اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ هُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔

ایضاً اسمار ذیل سات پتوں پر لکھیں اور پانی سے دھوکر پئیں اسمار یہ ہیں: وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ

ایضاً مرغی کا انڈا پکا کر اس میں نمک ملا کر تین روز تک کھانے سے بچہ بیدار ہو جاتا ہے۔

باب جنین یعنی ناتمام بچہ کے بیدار کرنے میں

زیرہ سیاہ عرعار دونوں کو خوب باریک پیس کر اس میں سے تھوڑا سا ہر روز استعمال کریں۔ تین یوم کے استعمال سے کمال فائدہ ہوگا۔

ایضاً عورت پیٹ کے بل لیٹ جائے اور ایک توا گرم کر کے پیٹ پر ٹکور کرے انشاءاللہ ایک دفعہ کے استعمال سے بیدار ہو جائے گا اس کے

ساتھ زیرہ سیاہ کو باریک کر کے شہد میں ملا کر رکھے اور وقت ضرورت اس میں سے تھوڑا سا چاٹ لے مجرب ہے۔

باب حرارت غریبہ کے بجھانے میں جو حالت مرض میں بھڑک اٹھتی ہے

حرارت زائدہ کا علاج تیز سرکہ۔ انگور ترش۔ مہندی۔ افیون سب کو پانی میں پیس کر گرمی والا اپنے سر سے پاؤں تک طلا کرے۔ اگر کسی کو پسینہ زیادہ آتا ہو اور وہ اسے کم کرنا چاہے تو اسے چاہیئے کہ مازو اور سفیدہ کاشغری کو روغن گل میں پیس کر بدن پر طلا کرے اور جس کو پسینہ نہ آتا ہو اور پسینہ زیادہ چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ جند بیدستر کو روغن زیتون میں پیس کر بدن پر طلا کریں خوب پسینہ دے گا۔

باب عطش مفرط یعنی بے حد پیاس اور معدہ کی سوزش کے بجھانے کے علاج میں

ماءالشعیر میں شکر تری ملا کر پینا پیاس کو بجھاتا ہے ترش دہی بھی پیاس کو فرو کرتی ہے۔ لعاب اسبغول و عرق گلاب بھی پیاس کو بجھاتا ہے۔ تمر ہندی۔ زرشک شیریں۔ گل بنفشہ۔ صمغ عربی کا خیساندہ بنا کر پینا بھی دافع العطش ہے بھیڑیا کا پتا دکھیرا پیس کر تازہ دودھ میں پکا کر پینا بھی پیاس کو دور کرتا ہے کوے کا پتہ سرکہ میں حل کر کے پینے سے ایک مہینہ بھر پیاس نہیں لگتی۔

باب بھوک و پیاس کے علاج میں

اونٹ کا جگر خشک کیا ہوا و نمک طعام آرد گندم ہر ایک مساوی شہد

میں معجون بناکر کھانے سے چالیس روز تک بھوک پیاس نہیں لگتی ایضاً آرد
گندم میں مساوی نمک طعام ملاکر سینیں اور اُس پر اونٹ کا خشک کیا ہوا جگر ڈال
کر سب کو پکا دیں پھر اُسکی بقدر اخروٹ گولیاں بنادیں اور ایک گولی بھوک کے
وقت کھا دیں کھانے سے بے پرواہ کرے گی اور دل کو طاقت دیگی بیل کی زبان
شہد میں ملاکر کھانے سے یہی مطلب نکلتا ہے۔

باب بخار کا علاج بذریعہ ادعیہ و تعویذات کے

زیتون (ارنڈ) کے تین پتے لیکر پہلے پر لفظ عَصَتْ جَهَنَّمُ دوسری پر
تَحَرَّتْ جَهَنَّمُ تیسرے پر عَطَشَتْ جَهَنَّمُ لکھ کریکے بعد دیگرے دھونی دیں
اور یہ کلمات و تعویذات لکھ کر بخار والے کی گردن میں لٹکائے جاویں قُلْ هُوَ اللّٰهُ
اَحَدٌ[1] واللہ تین دفعہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ اے واللہ تین دفعہ لَمْ یَلِدْ لَاوَاللّٰهِ
تین دفعہ وَلَمْ یَکُنْ لَهٗ کُفُوًا اَحَدٌ لَاوَاللّٰهِ اتنا لکھنے کے بعد یہ تین تعویذ بھی
نیچے والے لکھدیں۔

د	ل	ل	ا
ا	ل	ل	ه
ل	ه	ا	ل
ل	ا	ه	ل

ح ح یاعلیم ح ح
یاحی یاحکیم یاعلیم
ح ح یاحنان ح ح

ولا قوۃ الحق

[1] تو کہدے اللہ ایک ہے۔ ہاں قسم اللہ کی اللہ بے نیاز ہے سچ ہے اللہ کی قسم نہ اس نے کسی کو جنا
ہرگز نہیں اللہ کی قسم اور نہ کسی سے جنا گیا مطلق نہیں اللہ کی قسم اور نہ اس کا کوئی شریک ہے بالکل نہیں اللہ کی قسم ہے

نیز بخار کے لیے کینر کے تین پتے لیکر ایک میں جیور دوسرے میں کیور تیسرے میں
خیور اور تینوں میں یہ کلمات بھی لکھیں اِذْهَبِ الْحُمّٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ
یعنی اے بخار اللہ کے حکم سے چلا جا۔ جب بخار شروع ہونے لگے تو پہلے اور دوسرے یکے
بعد دیگرے دھونی دیں اور تیسرے کو مریض کی گردن میں لٹکا دیں نیز پیاز کی
تین طرفوں میں ایک جهنم عجاجه دوسری طرف جَهَنَّمُ مقیاضه
تیسری طرف جَهَنَّمُ مظلمسنوداء النَّار لکھ کر آگ میں ڈال دیں نیز رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ حسنؓ اور حسینؓ بخار سے بیمار ہوگئے اور مجھے غم پیدا ہوا
جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آکر کہا کہ ایک پیالہ پانی کا بھر کر اس پر سورۂ فاتحہ
جس میں کہ ف۔ کا لفظ نہیں ہے پڑھ کر دم کریں اور اس پانی سے ان کے ہاتھ پاؤں
سر اور کل گوشت پوست کو کئی بار دھو ڈالیں۔ پس آپ نے ایسا ہی کیا اور شفا
ہوگئی ایک حدیث میں روایت ہے کہ غسل دیتے وقت زبان سے یہ دعا بھی پڑھنی
چاہیئے۔[1] اَللّٰهُمَّ اِنَّمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ تَصْدِیْقًا بِرَسُوْلِكَ وَاِرَادَةَ شِفَائِكَ
بِسْمِ اللّٰهِ اِذْهَبِیْ یَا اُمَّ مِلْدَمٍ نیز تین ٹکڑوں پر یہ کلمات لکھ کر ہر روز
ایک ٹکڑے سے دھونی دیں پہلے پر[2] اِنَّا اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ اَلْاٰنَ خَفَّفَ
اللّٰهُ عَنْكُمْ دوسرے پر فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ
تیسرے پر اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ نیز
کسی پاک کپڑے پر مذکورہ ذیل آیات لکھ کر مرغی کی ہڈی پر لپیٹ کر آگ میں ڈالدیں

[1] اے اللہ صرف اس نیت سے میں نے ایسا کیا تیرے رسول کی تصدیق اور تیری شفا حاصل کرنے کو کیا ہے
بسم اللہ کلام اللہ کے نام کی برکت سے چلا جا [2] ہم نے تم کو کوثر عطا کیا ہے پس رب کے لئے نماز ادا کر اور
قربانی دے تحقیق تو نرینہ اولاد نہ رکھنے والا ہے گا اب خدا نے تم سے تخفیف کر دی ہے

جب وہ جل جائے تو اُس کے جلے ہوئے
چھلکے نیز ایک پاک کپڑے میں باندھکر
مریض کے ہاتھ پر باندھ دیں نیز
زیتون کے اکیس پتوں پر یہ کلمات لکھکر
ہر روز سات سات سے دھونی دیں

ابن فلانہ | بحول اللہ وقوتہ
زعم

اَشْرَقَتِ الشَّمْسُ بِنُوْرِ رَبِّ الشَّمْسِ سُبْحَانَ مَنْ اَشْرَقَتْ بِنُوْرِهِ الشَّمْسُ
یعنی چمک گیا سورج اللہ کے نور سے پاک ہے وہ ذات جس کے نور سے سورج چمک اٹھا
نیز بخار اور سب قسم کی تکلیفوں کے لیے مفید ہے ایک پاک برتن میں خاتم مثلث[2]
جس کا ذکر پہلے گذر چکا ہے اور اس کے گرد اگرد یہ کلمات لکھیں[1] اِنَّ الَّذِیْنَ سَبَقَتْ
لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنٰی اُوْلٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ قُلْنَا یَا نَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا
عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ اور ان کلمات کو بارش کے پانی یا عرق گلاب سے دھو کر مریض کو پلا دیں
نیز یہ کلمات تین کاغذوں پر لکھ کر ان سے دھونی دی جائے اور ہر دھونی کے ساتھ
سات سات دفعہ زبان سے بھی یہ کلمات پڑھے جائیں اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ
مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ
الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُكَ شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا یعنی میں اللہ
کی ذات اور قدرت کیساتھ سب قسم کی تکلیف اور بدلیوں سے پناہ چاہتا ہوں
اے لوگوں کے رب مصیبت کو دور کر دے اور شفا دے، تو ہی شفا دہندہ ہے

---

[1] جس نے لوگوں پر ہماری طرف سے نیکی سبقت لے گئی وہ دوزخ سے بچے رہیں گے
ہم نے کہا اے آگ ابراہیم کے لیے سرد اور سلامتی والی ہو جا۔ ۱۲

[2] امام غزالی کا خاتم مثلث جو مجربات امام غزالی ص۱۵ پر نمبر ۹ درج ہے۔

د	ط	ب
ج	ه	ت
[illegible]	[illegible]	و

شفا تیری ہی طرف سے ہے ایسی شفا عطا کر کہ مرض باقی نہ رہے نیز بھیڑیے کے
بالوں کی دھونی بخار کو مفید ہے نیز عنکبوت ہڈی کی دھونی بھی مفید ہے نیز تین
کھجوروں پر حسب ذیل کلمات لکھ کر گود ا مریض کو کھلائیں اور جو کھجور مریض کھاتا رہے اس
کی گٹھلی سے دھونی دیں اور ہر روز ایک کھجور کھلائی جائے پہلی پر لکھیں بِسْمِ اللّٰهِ
شَارَتْ دوسری پر بِسْمِ اللّٰهِ حَوْلَ الْعَرْشِ دَارَتْ اور تیسری پر بِسْمِ اللّٰهِ
فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ غَارَتْ نیز کلمات ذیل ایک فراخ برتن میں لکھ کر پانی سے گھول کر
مریض کو پلا دیں لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا یَا غَفَّارُ یَا سَتَّارُ
بِحَمْدِ اللّٰهِ یعنی بہشت میں لوگ نہ سورج دیکھیں گے نہ مہلک سردی اے بخشش
کرنے والے عیوب پر پردہ ڈالنے والے اللہ تعالیٰ کی تعریف کیساتھ نیز یہ تدبیر بھی
ایسی ہے جس کو کم لوگ جانتے ہوں گے اور مجھے ایک بزرگ کے ہاتھ سے لکھا ہوا
ملا تھا وہ یہ ہے کہ مریض بخار کی پیٹھ پر اذان و اقامت لکھدیں فی الفور اچھا
ہو جائے گا **ایضًا** مریض بخار کو اسماء ذیل لکھ کر دیں کہ اپنے پاس رکھے ازالہ
بخار کے لئے مجرب ہے اسماء یہ ہیں[1] اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ جِلْدِیَ الرَّقِیْقَ وَعَظْمِیَ
الدَّقِیْقَ مِنْ شِدَّةِ الْحَرِیْقِ اِلٰی اُمِّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ اٰمَنْتِ بِاللّٰهِ
الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ فَلَا تُؤْذِی الرَّاْسَ وَلَا تُفْسِدِی الْفَمَ وَلَا تَاْكُلِی

---

[1] ترجمہ اے اللہ رحم کر میرے پتلے چمڑے پر اور باریک ہڈیوں پر اس جلنے کی سختی
سے اے ام ملدم اگر تو اللہ عظیم پر ایمان رکھتی ہے پس سر کو ایذا نہ دے اور چہرے کو خراب نہ کر
اور گوشت نہ کھا اور خون نہ پی اور میری اس تحریر کو اٹھانے والے سے ایسے شخص کیطرف چلی
جا جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک کرتا ہو اور رحمت نازل کرے اللہ اپنے رسول محمد پر
اور آپکی اولاد پر سلام بہت ۱۲۔

اللّٰهُمَّ وَلَا تَشْرَبِي الدَّمَ وَ تَحَوَّلِي عَنْ حَامِلِ هٰذَا الْكِتَابِ إِلٰى مَنْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا اٰخَرَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ایضاً اسمار ذیل کسی کاغذ پر لکھ کر بخار والے کے گلے میں لٹکاویں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بَرَاءَةٌ[1] مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ إِلٰى فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ مِنْ كُلِّ مَا يَعْرِضُ لَهٗ بِإِذْنِ اللّٰهِ يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ لفظ اَخْسَرِيْنَ تک وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا لفظ قَدِيْرٌ تک۔

باب حمی باردہ کا علاج کتابت سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ يَا شَافِيْ يَا اللّٰهُ ایک پرچہ میں لکھے دوسرے پرچہ میں فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ يَا كَافِيْ يَا اللّٰهُ تیسرے پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ يَا مُعَافِيْ يَا اللّٰهُ۔ ان کلمات کا ترجمہ پہلے باب میں گذر چکا ہے) پہلے کاغذ کو پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ اسیطرح دوسرے کو۔ تیسرا جبکہ سخت بخار چڑھ جائے اسی طرح تین دفعہ کیا جائے۔ لیکن بیمار کو اس لکھے ہوئے مضمون پر مطلع نہ ہونا چاہیے۔

---

[1] ترجمہ: اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے رخصت ہے عزیز و حکیم کی طرف سے ہر عارضے سے اللہ کے اذن سے اے آگ سرد اور باسلامت ہو جا ابراہیم پر اور ہم اتارتے ہیں قرآن سے جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے یا اس شخص کی طرح جو کہ ایک اجڑی اپنی چھتوں پر گری بستی پر گزر گیا۔

باب حمی حادہ کے علاج میں

حلتیت یعنی ہینگ نصف درم ٹھنڈے پانی میں حل کریں اور نہار پی جاویں انشاءاللہ شفا ہو جائے گی ایضاً سقمونیا بقدر دو ماشہ عرق گلاب میں ملا کر پی لینے سے اسہال ہونگے اور بخار اتر جائے گا ایضاً لہسن ایک ماشہ خوب باریک کرکے ایک اوقیہ روغن زیتون میں ملا دیں اور استعمال کریں انشاءاللہ تین دن کے استعمال سے بخار جاتا رہے گا۔

باب حمی غیب یعنی تیجا بخار کا علاج کتابت سے

بِسْمِ اللّٰهِ دَلَّتْ بِسْمِ اللّٰهِ فَرَّتْ بِسْمِ اللّٰهِ مَرَّتْ بِسْمِ اللّٰهِ انْصَرَفَتْ بِسْمِ اللّٰهِ اَدْبَرَتْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا[2] لفظ النَّاسِ تک الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ لفظ يَشْفِيْنِ تک قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ اللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ الْكَرِيْمَاتِ وَمَنْ نَزَلَتْ عَلٰى قَلْبِهٖ اَنْ تَشْفِيَ حَامِلَ هٰذَا الْكِتَابِ اللہ کے نام کی برکت سے پیٹھ پھر گئی اور بھاگ گئی اور گذر گئی۔ لوٹ گئی پیچھے ہٹ گئی باقی اس کا ترجمہ پہلے گذر چکا ہے اے اللہ ان بزرگ آیتوں کی برکت سے اور اس ذات کی برکت سے جس کے دل پر یہ نازل ہوئیں ان کلمات کے اٹھانے والے کو شفا مرحمت فرما ان کلمات کو لکھ کر باندھا جائے

---

[2] یعنی يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ

نیز تین بادام لیکر پہلے پر حَسْتْ دوسرے پر مَسْتْ تیسرے پر انْقفَتْ لکھ کر ہر روز ایک سے دھونی دیں صحیح اور مجرب ہے نیز کھجور کی تین گٹھلی لیکر یہ کلمات لکھیں اور یکے بعد دیگرے ان سے دھونی دیں کلمات یہ ہیں کوسنا ۲ لونا ۲ احاجاع یا امرامد لاتاکل اللحم وَلَا تَشْرِبِی الدَّمَ حافظ رازی علی بن بیان سے روایت ہے۔ یہ تعویذ لکھ کر مریض کے سر کے نیچے رکھنے سے بخار جاتا رہتا ہے اور وہ تعویذ صفحہ آیندہ نمبر   کے ابتدا میں ہے۔ تیمی کا قول ہے کہ جو شخص تیرہ دفعہ حرف یا لکھے اور اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا قول عَلِیمًا فِیکُمْ ضُعْفًا انا کہے اور مریض کے سر پر لگا دیوے اور

	یا حی	
	وحسبنا اللہ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم	

لکھنے کے وقت وضو کے ساتھ ہووے تو ان شاء اللہ بحکم خدا بخار ٹوٹ جائے گا۔

ایضاً بیمار نہا کر مہندی یا کسی اور درخت کی لکڑی سے دائیں بازو پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور بائیں پر مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ دائیں پنڈلی پر جبرئیل اور بائیں پر میکائیل دائیں پہلو پر اسرافیل اور بائیں پر عزرائیل لکھے ان شاء اللہ شفا ہو جائے گی صحیح اور مجرب ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
پ۱۵ بنی اسرائیل ۹۴

گنجینۂ مجربات

جس میں سلاسلِ اربعہ کے عاملین کرام اور مشائخ عظام اور علماء کرام کے روز آزمودہ نسخہ اور ورد و وظائف تعویذ و گنڈے کا ایک بہترین اور مفید ترین مجموعہ۔ لہٰذا اس کتاب کو بلا وضو کے ہاتھ نہ لگائیے اور بلا وضو کے نہ اس کو پڑھیں اور نہ تعویذ لکھیں

مؤلف
مولانا حاجی احمد علی بن شاہ دوست پنجگوری
خطیب دکھنی مسجد پاکستان چوک مقیم ریلوے ریسٹورنٹ بلڈنگ آوٹ رام روڈ فلیٹ ۵ کراچی ۱ و خلیفہ مجاز مرشد عالم حضرت مولانا پیر غلام حبیب نقشبندی مجددی

سببِ تالیف

گنجینۂ مجرّبات

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم امّا بعد

آجکل اصلی اور نقلی عاملین حضرات بہت پائے جاتے ہیں۔ ہر چیز میں اصل و نقل موجود ہے لیکن دونوں میں امتیاز کرنا ہر کس و ناکس کا کام نہیں یہ وہ خطرناک زمانہ ہے کہ دنیا کے پیسے ٹکوں کے پیچھے باپ بیٹے پر، بیٹا باپ پر سحر و جادو چلا کر گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہو جاتے ہیں۔ اور وہ جہلاء عاملین جو ایمان کی دولت سے عاری ہیں ان کو گناہ کی تمیز نہیں، وہ چند کوڑیوں کی خاطر دولتِ ایمان سے ہاتھ دھو ڈالتے ہیں۔ بعض عاملین تو بالکل سراسر گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہو کر شرکیات اور کفریات جیسے جملوں کے کہنے سے دریغ و گریز نہیں کرتے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے مسلک کے علماء دیوبند نے اور مشرب مشائخ نقشبندیہ نے اس کام میں دلچسپی لیکر بڑھانے کی کوشش نہیں کی۔ البتہ بقدرِ ضرورت کے گریز بھی نہیں کیا۔ اگر کوئی بندہ اس کا عامل نہ بنے مگر سیکھ تو ضرور لے کہ بوقتِ ضرورت یقیناً کام آئیگا آج کل والدین کی وفات کے بعد لائق اولاد نالائقوں کا حق ہڑپ کر جاتے ہیں پھر نتیجۃً دست و گریبان ہو کر کورٹ کا چکر لگاتے ہیں، بلکہ اس کے پیچھے قتل و غارت گری کی نوبت بھی آتی ہے۔ ان حالات میں اگر صحیح العقیدہ

عامل مل جائے تو اس کو غنیمت سمجھنا چاہئے اور ان کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی پریشانیوں اور تشویشوں سے نجات حاصل کریں۔ اس لئے بندہ نے گنجینۂ مجربات لکھ کر عوام الناس کو علماءِ کرام اور مشائخ عظام کی طرف متوجہ کیا۔

اللہ تعالیٰ صحیح عاملین سے فائدہ اٹھانے کی توفیق ارزاں فرمائے

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

نوٹ: سحر، جادو جنات والے تعویذات کے لئے چلہ نکالنا ضروری ہے، ورنہ نقصان ہوگا۔

فقط دعاگو

مولانا حاجی احمد علی
خلیفۂ مجاز مرشدِ عالم حضرت حافظ پیر غلام حبیب صاحب
مدیر دارالعلوم حنفیہ، چکوال (پاکستان)

تعویذات وعملیات

چند ایسے عملیات و تعویذات درج کئے جاتے ہیں جو بزرگوں کے معمول میں ہیں اور شرع شریف کے خلاف نہیں ہیں تاکہ خدائے تعالیٰ کے نام کی برکت سے شفا بھی ہو اور دین بھی بچا رہے اور مال و آبرو کا نقصان بھی نہ ہو لیکن سالک کو چاہیئے کہ بلا اجازت شیخ اس کام میں مشغول نہ ہو کیونکہ اس میں سراسر نقصان ہے۔ ہاں کبھی کبھار کسی خاص ضرورت کے وقت کوئی تعویذ وغیرہ لکھ کر خود استعمال کرنا یا کسی کو دینا کوئی مضائقہ نہیں رکھتا ہے۔

تعویذ لکھتے وقت ان باتوں کا ہمیشہ خیال رکھنا چاہیئے کہ قرآن مجید کی آیت بے وضو مت لکھو، نہانے کی ضرورت میں بھی مت پڑھو اور جس کاغذ پر قرآن مجید کی آیت لکھ کر تعویذ بناؤ اس کاغذ پر ایک اور سادہ کاغذ لپیٹ دو تاکہ تعویذ لینے والا اگر بے وضو ہو تو اس کو ہاتھ میں لینا درست ہو اور چینی کی تشتری میں بھی آیت لکھ کر بے وضو کے ہاتھ میں مت دو، بلکہ تم خود پانی میں گھول دو، اور جب تعویذ سے کام نہ رہے تو اس کو پانی میں گھول کر کسی ندی، نہر یا کنویں میں چھوڑ دو۔

بعض لوگ خون سے تعویذ لکھتے ہیں سو شریعت میں بہنے والا خون مثل پیشاب کے ناپاک ہے اس سے تعویذ لکھنا ناجائز اور بہت بری بات ہے اور ایسا تعویذ اگر بازو پر بندھا ہو یا جیب میں پڑا ہو تو نماز بھی درست نہ ہوگی۔ اسی طرح بعضے تعویذ و عملیات میں تصویریں بنائی جاتی ہیں، بعضے قرآن مجید الٹا پڑھتے ہیں، بعضے قرآن مجید کے اندر اور عبارتیں اس طور سے

داخل کر دیتے ہیں کہ قرآن پاک کی ترتیب و نظم میں خلل واقع ہو جاتا ہے یہ سب حرام اور معصیت ہے۔ بعض تعویذوں کا استعمال اس طرح کیا جاتا ہے کہ جس سے ان کی بے ادبی ہوتی ہے مثلاً کوئی تعویذ کسی کے آنے جانے کی جگہ دفن کیا جاتا ہے تاکہ اس کے اوپر کو آمد و رفت ہو، یا اور جس طریقے سے بھی بے حرمتی و بے تعظیمی ہوتی ہو سب ناجائز ہے

تعویذ اور جھاڑ پھونک تین شرطوں کے ساتھ جائز ہے ایک یہ کہ تعویذ اور افسوں کلام اللہ اور اس کے صفات سے ہو اور دوسری یہ کہ عربی زبان میں ہو، یا اس زبان میں جس کے معنی معلوم ہوں۔ تیسری یہ کہ یہ اعتقاد ہو کہ افسوں بالذات مؤثر نہیں بلکہ تقدیر الٰہی اثر کرتا ہے۔ اور افسوں (منتر وغیرہ) تین قسم کا ہے ایک وہ جس کا مطلب اور معنی معلوم نہیں تو اس سے پرہیز کرنا واجب ہے کہ مبادا اس میں شرک ہو دوسری یہ کہ بکلام الٰہی اور بصفات ربانی ہو تو جائز ہے پھر اگر احادیث میں منقول ہے تو وہ مستحب ہے تیسری قسم یہ کہ اسماء ربانی کے سوا فرشتہ یا ولی یا جلیل القدر مخلوقات چنانچہ عرش کے نام سے ہو تو اس سے پرہیز واجب نہیں اور اگر شرع میں اس کی اجازت نہیں تو اس کا ترک کرنا بہتر ہے مگر جبکہ متضمن تعظیم ہو جیسا کہ غیر اللہ کا حلف تو اب پرہیز کرنا لائق ہے (غایۃ الاوطار) جو تعویذ جا بجا نہ غلاف میں ہو یعنی تعویذ پر منڈھا ہوا نہ ہو تو اس کا پاخانہ میں لے جانا مکروہ تحریمی نہیں اور پرہیز کرنا یعنی باہر رکھ جانا بہتر ہے۔ (از غایۃ الاوطار)

تعویذات و عملیات کو مؤثر حقیقی نہ سمجھے بلکہ اس کا اثر خدای تعالیٰ کی طرف سے جانے اور اگر کسی کافر کو تعویذ دینا ہو تو بہتر ہے کہ آیات قرآنی نہ لکھے بلکہ یا تو وہ حروف جدا جدا لکھ دے یا ان حروف کے ہندسے لکھ دے

یا اور کچھ جائز عبارت لکھ دے مثلاً یہ لکھ کر دیدے اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْکُفْرُ بَاطِلٌ۔ اس کو کافر گلے میں بھی ڈال سکتا ہے

(۱) برائے محافظت از جمیع آفات وبلیّاتِ ارضی وسماوی

معمول: سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، چہار قل پڑھ کر دم کرنا ازحد مفید ہے

(۲) برائے دفع سحر وجادو وبرائے دفع زہر گزیدنِ مار

(سانپ کے کاٹنے کے لئے) مندرجہ بالا معمول نمک پر پڑھ کر کھلانا اور زخم پر لگانا نہایت مفید اور مجرّب ہے۔ (دفعِ سحر وجادو کے لئے) روزانہ تین مرتبہ یہی معمول پڑھ کر تمام وجود پر دم کرے۔

(۳) اگر کسی کو دیوانہ کتّا کاٹ لے

تو سورۂ فاتحہ اور چہار قل پڑھ کر دم کرے ازحد مجرّب ہے۔

(۴) برائے جمیع امراض واسقام وآلام ودفع جن وآسیب وبدنظر

ازحد مفید ہے۔ معمول یہ ہے: سورۂ فاتحہ، چاروں قل، آیۃ وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ کُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ حضرت حاجی دوست محمد قندھاری قَدَّسَنَا اللّٰهُ تَعَالٰی بِسِرِّهِ الْاَقْدَسِ اَللّٰهُمَّ اشْفِ بِصَاحِبِ هٰذَا الْمَرَضِ بِحَوْلِکَ وَقُدْرَتِکَ وَجَبَرُوْتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اس تمام مجموعہ کو پڑھ کر دم کریں اور پلائیں۔

(۵) برائے سخت امراض

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِکَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ کُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الْهَامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ یَا شَافِیْ یَا شَافِیْ یَا شَافِیْ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔ لکھ کر بازو یا گلے میں باندھے اگر تمام وجود یا اعضا میں کسی جگہ درد ہو تو اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کر کے اکثر اس پانی کو پلائیں اور کسی قدر پانی بچا کر روغنِ تلخ میں ڈال کر اس جگہ کو اس روغن سے چرب کریں بفضلہ تعالیٰ خیر ہو جائے گی۔

(۶) تعویذ برائے حفظِ طفل از جمیع آفات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ[1] کُلِّ شَیْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَیْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفَ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔ اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔ یہ عمل جن وآسیب کے لئے

[1] بعض نسخوں میں یہ جملہ اس طرح ہے: مِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّهَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ الخ

بھی مفید ہے۔

(۷) برائے محافظتِ زراعت کاغذ پر لکھ کر کورے سفال میں بند کرکے اس کو زراعت کے تختہ میں دفن کرے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ، يَا رَزَّاقَ الْعِبَادِ يَا خَلَّاقَ الْخَلَائِقِ يَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ يَا مُنْبِتَ الزَّرْعِ فِي الْاَرْضِ وَالنَّبَاتِ وَيَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ اِدْفَعْ مِنْ هٰذَا الزَّرْعِ شَرَّ الْهَوَامِّ وَالْوُحُوْشِ وَشَرَّ الْفَارَةِ وَالْخَنَازِيْرِ الْمُفْسِدَةِ وَارْزُقْنَا رِزْقًا حَسَنًا وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

(۸) تعویذ اسماءِ اصحابِ کہف[۱] برائے برکت و امان از غرق و حرق و سرق و غارت و غیر ذالک از امراض و حاجات۔ ان اسماء کو لکھ کر مکان، کشتی یا متاع میں یا اپنے پاس رکھے امانِ الٰہی میں رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ الٰهی بحرمة يمليخا مكسلمينا ميلسنا مرنوش دبرنوش شاذنوش مرطونس اسم كلبهم قطمير ۔

(۹) تعویذ برائے شفاء ہر درد اس آیۂ شریفہ کو تین روز متواتر کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کرکے اس پانی کو پلائیں اور درد کی جگہ مالش کریں ان شاء اللہ تعالیٰ مفید ہوگا۔ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ، وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ، يَا شَافِي يَا شَافِي يَا شَافِي

[۱] حضرت خواجہ محمد شاہ دامانیؒ سے مروی ہے کہ اسمائے اصحابِ کہف کتابوں میں چند طریقوں سے لکھے ہیں لیکن مجھے اپنے پیر و مرشد سے اسی طریق پر پہنچے ہیں۔

(۱۰) تعویذ برائے حاملہ ہونے عورت کے اور جننے فرزند نرینہ کے

اسم یَا مُبْدِئُ کو نو ٹکڑے کاغذ پر لکھیں جس وقت عورت حیض سے فارغ ہو، اول مہینے میں تین رات مجامعت کریں اور صبح کو ہر روز ایک ایک تعویذ پئیں۔ اس ترکیب سے تین ماہ میں یہ نو عدد تعویذ نوش کریں اور اس آیۂ شریفہ کو لکھ کر عورت کو دیں کہ وہ گلے میں اس طرح لٹکائے کہ وہ تعویذ آیۂ شریفہ کا دو انگشت زیرِ ناف آویزاں رہے ان شاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہو کر فرزند نرینہ جنے گی۔ وہ آیۂ شریفہ یہ ہے: اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ، وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ ، يٰزَكَرِيَّا اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ، بحق مریم و عیسیٰ ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد و آلہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(۱۱) تعویذ برائے حمل خشک شدہ جس عورت کا حمل خشک ہو گیا ہو اُس کے لئے یہ تعویذ چینی کے برتن میں لکھے، چالیس روز بلا ناغہ اس کو یہ تعویذ پلائے بفضلہ تعالیٰ حمل نمو حاصل کرکے ظاہر ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

(۱۲) تعویذ برائے تپ ہر قسم

كٓهٰيٰعٓصٓ ۚ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۚ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّىْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا[1] وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ لکھ کر گردن میں باندھیں اور تین تعویذ یا محیط اللہ کا غذ پر لکھ کر تین روز ایک ایک کر کے پلائیں انشاء اللہ تپ رفع ہوگی۔

(۱۳) تعویذ برائے تپ سوم

اول تپ کے شروع ہونے میں بروز نوبت اول و آخر درود شریف اور ایک بار سورۂ رعد پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی پس چاہیے کہ سہ نوبت کو دم تمام کرے اگرچہ اول یا دوسری نوبت پر آرام ہو جائے۔ اگر تینوں نوبت پر دم نہ کریں گے تو چند روز بعد بخار پھر عود کر آئے گا

(۱۴) تعویذ برائے دفع بواسیر ہر قسم

يَا رَحِيْمَ كُلِّ صَرِيْخٍ وَّ مَكْرُوْبٍ وَّغِيَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ يَا رَحِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ لکھ کر کمر میں باندھیں

(۱۵) ایضاً : اگر صبح و شام سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ ہفت بار پڑھتا رہے تو بہتر ہے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو صرف بسم اللہ شریف صبح و شام پڑھ کر اپنے جسم پر ناف سے زانو تک آگے پیچھے ہاتھ

[1] سورۂ مریم پ ۱۶

پھیر کر دم کرے۔

(۱۶) برائے دفع درد باؤ[2]

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاعِثُ وَاَنَا الْمَبْعُوْثُ وَمَنْ يَّدَّعِ الْمَبْعُوْثَ اِلَّا الْبَاعِثَ يَا رَبِّ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ لکھ کر درد کی جگہ باندھیں۔

(۱۷) تعویذ برائے زود فروشی مال

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِىْ بَايَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ لکھ کر مال و متاع میں رکھیں۔

(۱۸) برائے تیزی ذہن و کشائش مطالعہ

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قَلْبِىْ بِعِلْمِكَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِىْ بِطَاعَتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ قبل از شروع سبق ہفت بار پڑھ کر اپنے وجود پر دم کریں۔

(۱۹) تعویذ برائے گریۂ کودک

ططططططططہہہہ ہہہہ قدوس قدوس وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

(۲۰) تعویذ برائے دفع طحال

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ

[2] گیس

اَمْسَكَهُمَا اَحَدٌ مِنْ بَعْدِهٖ، اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ه ، یا طحال ارجع الیٰ مکانك بحق ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھ کر طحال کی جگہ پر باندھیں۔

(۲۱) ایضاً: بروز یکشنبہ ایک قرصِ گِل طحال کے برابر بنا کر طحال کی جگہ پر رکھیں۔ دستِ راست میں چاقو لیکر ایک بار سورۂ الم نشرح باتسمیہ پڑھکر چاقو سے اس قرص کو کاٹیں اور اسطرح سات دفعہ کریں لیکن اول وآخر درود شریف زیادہ کریں۔ اس معمول کو تین یکشنبہ کریں انشاء اللہ طحال کٹ جائے گی۔

(۲۲) معمول برائے کاٹنے یرقان کے

بروز یکشنبہ چند برگ کلاں سبز گھاس کے لاکر ایک طرف مریضِ یرقان کے ہاتھ میں دیں کہ وہ پکڑلے اور دوسری طرف خود بائیں ہاتھ میں لے کر اپنے داہنے ہاتھ میں چاقو لے کر ایک دفعہ سورۃ القریش باتسمیہ پڑھ کر چاقو سے اس گھاس کو کاٹیں اس طرح سات دفعہ کریں لیکن اول وآخر میں درود شریف زیادہ کریں اس معمول کو بھی تین اتوار عمل میں لائیں انشاء اللہ یرقان رفع ہو جائے گا۔

(۲۳) معمول برائے خیر و برکت

اموراتِ دین اور کشائش وفراخی معاش وترقی رزق کے لئے ہزار بار بلا ناغہ رات دن میں پڑھیں بہت مفید اور نہایت مجرب ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ

(۲۴) تعویذ برائے حُبّ

دائیں بازو پر باندھ کر اس پر عطر و خوشبو لگائیں۔ اس تعویذ کی اجازت محض الفتِ زوجین کے لئے ہے اس کے بغیر اجازت نہیں اگر کوئی شخص سوائے زوجین کے کسی دوسری جگہ پر اس کا عمل کریگا تو انشاء اللہ بجائے نفع کے نقصان اٹھائے گا۔

۱ ۱۴ ۷۸۶ ۱۱ ۸

يحبونهم كحب الله یاغفار	والذين امنوا اشد حبا لله یاکریم	والقيت عليك محبة مني یاکریم	انه لحب الخير لشديد یاودود
انه لحب الخير لشديد یاودود ۱۲	والقيت عليك محبة مني یاکریم ۷	والذين امنوا اشد حبا لله یارحیم ۲	يحبونهم كحب الله یالطیف ۱۳
والذين امنوا اشد حبا لله یالطیف ۶	يحبونهم كحب الله یارحمٰن ۹	انه لحب الخير لشديد یارحیم ۱۶	والقيت عليك محبة مني یارحمٰن ۳
والقيت عليك محبة مني یارحمٰن ۱۵	انه لحب الخير لشديد [illegible]	يحبونهم كحب الله یاکریم ۵	والذين امنوا اشد حبا لله یارحیم ۱۰

(۲۵) تعویذ لِكُلِّ شَيْءٍ (ہر مقصد کیلئے)

ع ۱م ہ ۵م ہ ۷م ے

حم حم حم حم حم حم الله الله الله حم الامر وجاء النصر فعلينا لا ينصرون د

وصلى الله تعالى على خير خلقه سيدنا محمد وآله واصحابه اجمعين

(۲۶) تعویذ برائے بقائے حمل

یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا وصلى الله تعالى على خير خلقه سيدنا محمد وآله واصحابه اجمعين

(۲۷) تعویذ برائے درد سر

یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابذوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

یاروح یاروح یاروح یاروح یاروح یاروح یاروح

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد ﷺ و آلہ واصحابہ اجمعین

(۲۸) تعویذ برائے بجا شدنِ ناف

(۲۹)[1] سر اور دانت کے درد اور ریاح کے لئے

ایک پاک تختی پر ریت بچھا کر ایک میخ سے اس پر لکھو ابجد ہوز حطی اور میخ کو زور سے

[1] اس سے آگے کے تعویذات بہشتی زیور و القول الجمیل وغیرہ سے منقول ہیں

الف پر دباؤ اور درد والا اپنی انگلی زور سے درد کی جگہ رکھے اور تم ایک دفعہ الحمد پڑھو اور اس سے درد کا حال پوچھو، اگر اب بھی درد ہو تو اسی طرح ب کو دباؤ۔ غرض ایک ایک حرف پر اسی طرح عمل کرو انشاء اللہ حروف ختم نہ ہونے پائیں گے کہ درد جاتا رہے گا۔

(۳۰) ہر قسم کے درد کے لئے خواہ کہیں ہو

یہ آیت مع بسم اللہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں یا کسی تیل وغیرہ پر پڑھ کر مالش کریں یا باوضو لکھ کر باندھیں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ (پ بنی اسرائیل۔ ع ۱۲)

(۳۱) دماغ کا کمزور ہو جانا

پانچوں نمازوں کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ یَا قَوِیُّ پڑھیں۔

(۳۲) نگاہ کی کمزوری کے لئے

پانچوں نمازوں کے بعد یَا نُوْرُ گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے پوروں پر دم کرکے آنکھوں پر پھیر لیں

(۳۳) زبان میں ہکلاپن یا ذہن کم ہونا

فجر کی نماز پڑھ کر ایک پاک کنکری منہ میں رکھ کر یہ آیت اکیس بار پڑھیں رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ اور روزانہ ایک بسکٹ پر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ لکھ کر چالیس روز کھلانے سے بھی ذہن بڑھتا ہے۔

(۳۴) برائے ہول دلی

یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر گلے میں باندھیں ڈورا اتنا لمبا رہے کہ تعویذ دل پر پڑا رہے اور دل بائیں طرف ہوتا ہے۔ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝

(۳۵) پیٹ کے درد کے لئے

رات بھر ایک کبوتر کو پکڑ کر مریض کے سامنے باندھنا اور صبح سات مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر اس کبوتر پر دم کر کے سورج نکلنے سے قبل دُور جا کر اس کبوتر کو اڑانا اس طرح سے اڑائے کہ اس کی طرف اس وقت بالکل نظر لگا کر نہ دیکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے اُڑنے سے ہی اثراتِ سحر زائل ہوں گے۔ (مجرب شدہ است)

سورۂ یٰسین ایک آدمی کے علاوہ دوسرے بھی مل کر پڑھ سکتے ہیں۔

سحر کا ایک اور علاج

اگر مسحور کو کسی صورت میں کوئی چیز نہیں کھلایا جا سکتا اور وہ بالکل اپنوں سے ہٹ کٹ کر غیروں میں مدغم ہو گیا ہو اور فحش کاموں میں مبتلا ہو گیا ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ تھوڑی سی پاک صاف مٹی کپڑے میں باندھ کر جس جگہ مسحور رات بھر سو جاتا ہے اس میں رکھ دیا جائے اور صبح اس کی بے خبری سے اٹھا کر اس مٹی کو سات ایام تک صبح تھوڑی تھوڑی ہوا میں اڑاتے رہیں۔ اور اس سے قبل سات مرتبہ آمَنْتُ بِاللّٰهِ والی دعاء پڑھ کر دم

کر دیا جائے۔ اس کے بعد اس مٹی کو ہوا میں تھوڑی تھوڑی اڑائی جائے۔ ایک ہفتہ کے بعد اگر وہ درست نہ ہوا تو اس پر جنات مسلط کر دیا جاتا ہے۔ تاکہ مٹی کے اُڑانے سے اس کے دل پر اس کا اثر پڑ جائے اور جنات کے دم کرنے پر وہ جلد از جلد اپنی بُری حرکتوں سے باز آجائے اور اثراتِ سحر ختم ہو جائیں۔

اگر میاں بیوی کا نکاح کورٹ میں ہوا ہو اور وہ آپس میں ایک جگہ رہنا سہنا چاہیں۔

اگر میاں بیوی کا نکاح کورٹ میں چپکے سے ہوا ہو اور وہ چاہتے ہیں کہ اب وہ ایک جگہ رہیں سہیں اور جو مخالف ہیں وہ خاموش رہیں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش عمل میں لے آئیں۔ ایک گلے میں ڈالنے کے لئے، ایک درخت پر لٹکانے کے لئے اور تیسرا تعویذ وزن دار پتھر وغیرہ کے نیچے رکھنے کے لئے انشاء اللہ حالات درست ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

یا ولی — یا ولی

نام مطلوب مع والدہ
علی حب
نام طالب مع والدہ

یا ولی — یا ولی

غائب شدہ موٹر اور گاڑی کی بازیابی کے لئے

اگر کسی کی گاڑی یا موٹر غائب ہو تو اس کی بازیابی کے لئے چوری والا نقش دو عدد بنا دیئے جائیں ایک گھر میں لگانے کے لئے

جانبِ مشرق میں لگائے جس کا رُخ جانبِ مغرب میں ہو اور ایک نقش وزن دار پتھر کے نیچے ڈالا جائے اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ والی آیت پانچوں نمازوں کے بعد ایک سو گیارہ دفعہ اور ہر وقت پڑھی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غائب شدہ مال مل جائے گا۔ (از جانبِ نور الاسلام جین)

نقش یہ ہے:

برائے اُمّ الصبیان

اس تعویذ کو متوکل اختر احمد صاحب نے عطیہ کیا ہے جس کو ام الصبیان والے بچہ کے گلے میں ڈالا جائے گا۔

برائے فالج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ

اللہ — الرحمٰن ، الرحمٰن ، الرحمٰن ، الرحمٰن — اللہ

اللہ

صبح نہار منہ ۷ ایام تک پانی میں گھول کر پی لینا

برائے پھوڑا پھنسی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يا واحد بسم اللہ	بسم اللہ
يا احد	

حافظ محمد ایوب صاحب چوکنڈی والے کا نسخہ

۲۸ رمضان المبارک ۱۴۰۱ھ م ۳۰ اگست ۱۹۸۱ء
بروز جمعۃ المبارک

میں، مشتاق غوری، حسن احمد، شہاب الدین چوکنڈی گئے وہاں ۱۳۳۳ھ کی قبریں موجود ہیں جس میں حافظ محمد ایوب صاحب جن کا مکان وہاں پر ہے، اس نے ہم کو یہ مندرجہ ذیل نسخہ دیدیا

نامردی، جنات وجادو کے ازالہ کے لئے

برائے ازالہ جادو وسحر فقط

الا اللہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

اس کو کالی سیاہی سے لکھ کر زعفران میں ڈبو کر کے بوتل میں سادہ پانی ڈال کر یہ ڈال دیا جائے۔ سات ایام تک استعمال کریں۔ اور پانچوں اوقات کی اذان کے بعد پی لیں۔

علاجِ جادو ونامردی

مصری شکر کو زعفران میں ملاکر ایک ہفتہ تک بعد نماز عشاء کھالیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ نامردی ختم ہو جائے گی۔

مصری شکر اور زعفران کے اوپر سورۂ نساء کی ابتدائی آیات یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ الخ کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

ایضاً اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الخ والا تعویذ کے جملے سات مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے۔

برائے علاج ہر درد

جب بھی کوئی تکلیف ہو اور کوئی درد وغیرہ کہیں بھی ہو، دونوں ہاتھ اٹھا کر رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ کا ورد کرے چند منٹ تک پڑھا کریں اور عجز وعاجزی کے ساتھ اس کو دعا میں دھرائے انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت درد آرام ہوگا۔ مجرب ہے۔

بچے کے رونے کو بند کرنے کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَضَرَبْنَا عَلٰۤى اٰذَانِهِمْ فِی الْكَهْفِ سِنِیْنَ عَدَدًا ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَیُّ الْحِزْبَیْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْۤا اَمَدًا

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِغَیْظِهِمْ لَمْ یَنَالُوْا خَیْرًا وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِیْنَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِیًّا عَزِیْزًا اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ۔ لکھ کر گلے میں ڈالا جائے

بچہ مٹی کھاتا ہو

گلے میں ڈالنے کے لئے

وَیَقْذِفُوْنَ بِالْغَیْبِ مِنْ بَعِیْدٍ وَحِیْلَ بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ مَا یَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْیَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِیْ شَكٍّ مُّرِیْبٍ۔

بچہ سوتے میں پیشاب کرتا ہو

هف هف هف هد هد هف هف هات هات انا له كف كف هف هفف هفف مهم سعد لم قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ الغالب من حيث ويستحر العدو ابليس شيخ لنبى آدم كما الذى سجد لآدم الملئكة باذن الله انه كريمة بنت كريمة ولا فلان بن فلان لا لا لا لا لا لا شددت بسورة منة صفت خمت بخاتم سليمٰن ابن داوٗد لله رب العٰلمين۔

پوستِ آہو پر لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔

اہم برائے استغنا (مجرب ہے)

شب کو سوتے وقت دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کثرت سے پڑھا کریں۔

برائے ردِّ سحر

ایضاً مرد کو بیوی کی مجامعت سے روک دیا گیا ہو

بیری کے سات سبز اور تازہ پتے لیکر ان کو دو پتھروں سے پیس کر پانی میں ڈال دو اور اس پانی پر آیۃ الکرسی اور چاروں قُل پڑھ کر دم کرو اور پھر بیمار کو تین گھونٹ پلا دو اور باقی پانی سے وہ بیمار غسل کرے۔ یہ نسخہ بیمار کے لئے تیر بہدف ثابت ہوگا۔ جبکہ جادو کے ذریعہ مرد کو بیوی کی مجامعت سے روک دیا گیا ہو۔

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ یہ عمل چودہ [۱۴] دن تک کیا جائے۔ تین مرتبہ چاروں قُل اور ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھی جائے۔ مریض کے مستعمل پانی کو دفن کر دینا چاہیے۔

اسلحہ کو بے اثر بنانے کے لئے

کسی کاغذ پر سورۂ ھود تحریر کے جس کے تمام حروف صاف و روشن ہوں اپنے پاس رکھو بفضلہ تعالےٰ دشمن کے تمام اسلحہ بے اثر ثابت ہوں گے، تم اس پر قابو پالو گے اور وہ منہ دکھا کر بھاگ جائے گا۔ اگر سورۂ ھود نہ لکھی جا سکے تو اس کے ابجد [۱۱۱]

حساب کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو بھی انشاءاللہ تعالیٰ وہی فائدہ ہوگا۔

۷۸۶

۱۲۸۶۸۷	۱۲۸۷۰۱	۱۲۸۶۹۸	۱۲۸۶۹۵
۱۲۸۶۹۹	۱۲۸۶۹۴	۱۲۸۶۸۸	۱۲۸۷۰۰
۱۲۸۶۹۳	۱۲۸۶۹۶	۱۲۸۷۰۳	۱۲۸۶۸۹
۱۲۸۷۰۲	۱۲۸۶۹۰	۱۲۸۶۹۲	۱۲۸۶۹۷

برائے امساک

ترکیب: اس نقش کو لکھ کر حاجت کے وقت مرد اپنی زبان کے نیچے رکھے یا دھجی میں لپیٹ کر موم جامہ کر کے اپنی کمر میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ امساک ہوگا۔ مجرب ہے۔ نقش مکرم یہ ہے:

ما	ن	ن	و
ص	د	د	ما
ع	ی	و	س
ع	ھ	ن	م

نقش برائے عَلَم جنگ

اگر جنگ میں عَلَم (جھنڈے) پر لکھ جائے دشمنوں کے ہتھیار کا اثر نہ ہو بلکہ ان کے لشکر میں ابتری پیدا ہو جائیگی (نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

ی الف یاسطیح سن ط سن غ

١	١٠٤	٩٩	٨
٢٨	٧	٢	١٠١
٦	٩٧	١٤	٣
١٠٣	٤	٥	٩٨

عمل برائے علاج عرق النساء

ایسے مریض کے لئے سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص یعنی الحمد شریف اور قل ھو اللہ شریف پوری سات مرتبہ اور اس دعاء کو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ جلد از جلد شفاء ہوگی۔ دعاء یہ ہے:

بسم اللہ الکافی بسم اللہ الشافی بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ

اس آیت کو سات مرتبہ پڑھے

امتحان کی کامیابی کے لئے

بعد نماز عشاء اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ تین سو مرتبہ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ پڑھ کر خشوع وخضوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ یہ نتیجہ نکلنے تک جاری رکھا جائے۔

برائے علاج دمہ

صبح کی سنت اور فرضوں کے مابین بسم اللہ شریف سے سورۂ فاتحہ ملا کر ۴۱ مرتبہ، اول آخر درود شریف سات سات مرتبہ پانی اور البنی سات ماشہ پر دم کر کے ۲۱ روز تک صبح نہار منہ ہلکا سا جوش دے کر میٹھا کر کے پیئے انشاء اللہ تعالیٰ دمہ بالکل جاتا رہے گا

خواص اسماء اصحاب کہف

امام نیشاپوری نے حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت کی ہے کہ اسماء کہف بہت سے کاموں میں سریع الاثر اور تیر بہدف ہیں

(۱) اگر کہیں آگ لگ جائے تو ایک کپڑے پر اصحاب کہف کے اسماء لکھ کر آگ کے بیچ میں ڈال دیں آگ سرد ہو جائے گی

(۲) اگر بچہ بہت روتا ہو تو یہ اسماء اصحاب کہف لکھ کر بچے کے سرہانے گہوارہ میں رکھ دیں بچہ کا رونا موقوف ہو جائے گا

(۳) باغ اور کھیتی کی حفاظت کے لئے ایک کاغذ پر لکھ کر کسی لمبے بانس میں باندھ کر لٹکا دیں۔

(۴) دردِ سر اور تہیہ بخار، بادشاہ یا ظالم حاکم کے پاس جانے کے وقت اپنی داہنی ران میں باندھیں۔

(۵) عسر ولادت، پانی کے جہاز یا کشتی میں اپنی حفاظت کے لئے اسماء اصحاب کہف لکھ کر بائیں ران پر باندھیں۔ اسماء اصحاب کہف یہ ہیں:

(۱) یَمْلِیْخَا (۲) مَکْسَلْمِیْنَا (۳) مَثْلِیْنِیَا (۴) مَرْنُوْش

۵ بَرْنُوْش ۶ شَاذْنُوْش ۷ کَشْفَطَیُوْش وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرْ۔

حضرت ابوسعید مفتی خادم فرماتے ہیں کہ میں نے رات کو خواب میں اصحابِ کہف کو دیکھا، میں نے کہا کہ ہم آپ کے اسماء بطور تبرک لکھتے ہیں مگر کوئی تاثیر ظہور میں نہیں آتی۔ تو انھوں نے فرمایا کہ ہمارے نام گول دائرہ کی صورت میں لکھ کر قِطمیر وسطِ دائرہ میں لکھا کریں

برائے حصولِ اولاد

۱۔ اَبْجَدْ۔ ھَوَّزْ۔ حُطِّیْ۔ کَلِمَنْ۔ سَعْفَصْ۔ قَرَشَتْ۔ ثَخَذْ۔ ضَظَغْ۔ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَھَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّاo قَالَ كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ ھُوَ عَلَیَّ ھَیِّنٌ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِیًّا

سورہ مریم ع۱۲

حَمَلَتْهُ وَبِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی حَمَلَتْهُ بِلُطْفِ اللّٰهِ تَعَالٰی۔ حَمَلَتْهُ بِلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِیًّا۔ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ۔ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

ان آیات سے پہلے سورۂ فاتحہ اور درود شریف لکھ کر بوقت جماع عورت کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ استقرارِ حمل ہوگا۔ اگر کاغذ پر لکھنے کے بجائے

کسی پاک برتن میں لکھے تو بہتر ہوگا۔

ایضاً برائے حصولِ اولاد

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ۔

اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور درمیان میں ۲۵۰۰ ڈھائی ہزار مرتبہ آیتِ بالا تلاوت کرے اور مندرجہ ذیل نقش اکیس ایک مرتبہ روزانہ لکھ کر دریا۔ یا نہر یا جاری کاریز میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس ایام کے اندر اندر استقرارِ حمل ہوگا اور اس کے ہاں باری تعالیٰ فرزند نرینہ عطا کرے گا بشرطیکہ نیت یہ ہو کہ بچہ کا نام محمد یا احمد رکھے گا۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸۱۲	۸۱۵	۸۱۸	۸۰۵
۸۱۷	۸۰۶	۸۱۱	۸۱۶
۸۰۷	۸۲۰	۸۱۳	۸۱۰
۸۱۴	۸۰۹	۸۰۸	۸۱۹

دفینہ کی جگہ معلوم کرنے کا عمل

سورہ شعراء زعفران اور گلاب سے اتوار کے دن ساعتِ شمس میں لکھیں اور اس حرز کو گوہ کی کھال میں سی کر اور اس میں تھوڑی سی پرانی قبر کی مٹی رکھ کر زرد اور نیلے رنگ کے مرغ کی گردن میں لٹکا دیں اور جس جگہ دفینہ ہو وہاں جا کر مرغ کھڑا ہو جائے گا اور دونوں پنجوں سے زمین کریدنے لگے گا۔

دفینے اور خزانے دریافت کرنے کا عمل

اسم اَلْخَبِیْرُ ۸۱۶ بار روزانہ پڑھا کریں۔ خواب میں اس کا موکل سب باتیں بتلائے گا۔

جس عورت کی شادی نہ ہوتی ہو

پوری سورۃ طٰہٰ ریشمی کپڑے پر لکھ کر بازو پر باندھیں

ایضاً جس عورت کی شادی نہ ہوتی ہو

پوری سورہ طٰہٰ لکھ کر اس کے پانی سے غسل کریں بہت جلد نکاح ہو جائے گا۔

غلام نوکر یا اولاد یا بیوی کہنا نہ ماننے

اگر چوپایہ شوخی کرے یا اولاد باغی ہو کہنا نہ مانے تو یہ آیت پڑھ کر اس کے کان میں پھونکیں اور کئی دن یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے: اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَلَہٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْھًا وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ۔ پ ۳ ع آخری

ہچکی لگنا

سورۃ دھر کی یہ مبارک آیتیں مٹی کے کورے برتن میں عرق گلاب

سے لکھ کر پھر برتن سے عرق گلاب دھو کر مریض ہچکی والے کو پلائیں اور یہ آیتیں سات سات مرتبہ پڑھ کر دم پھونک مارنا انشاء اللہ تعالیٰ ہچکی بند ہو جائے گی۔ آیتیں ملاحظہ ہوں: یُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَیَخَافُوْنَ یَوْمًا کَانَ شَرُّہٗ مُسْتَطِیْرًا ○ وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ مِسْکِیْنًا وَّیَتِیْمًا وَّاَسِیْرًا ○ اِنَّمَا نُطْعِمُکُمْ لِوَجْہِ اللّٰہِ لَا نُرِیْدُ مِنْکُمْ جَزَآءً وَّلَا شُکُوْرًا ○ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا یَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِیْرًا فَوَقٰہُمُ اللّٰہُ شَرَّ ذٰلِکَ الْیَوْمِ وَلَقّٰہُمْ نَضْرَۃً وَّسُرُوْرًا

قے اور متلی

سورۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ مبارک آیتیں وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّھُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّہِمْ اگر کسی کو متلی ابکائی ہو اور کسی طرح آرام نہ ہوتا ہو ایک کورے مٹی کے پیالے کو عرق گلاب سے دھو کر خشک کرنے کے بعد ان مبارک آیات کو لکھ کر مریض کو اس میں تین دفعہ پانی پلائیں یا دوا پلائیں نہایت ہی مجرب ہے۔ سورۃ دھر کی یہ مبارک آیتیں وَیُسْقَوْنَ فِیْہَا کَاْسًا کَانَ مِزَاجُہَا زَنْجَبِیْلًا ○ عَیْنًا فِیْہَا تُسَمّٰی سَلْسَبِیْلًا ○

ابکائی کو روکنے کے لئے ایک کورے برتن پر ان آیات کو لکھ کر عرق گلاب گاؤزبان سے دھو کر پلانا نہایت مجرب ہے۔

تبادلہ کی منسوخی کے لئے

ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شہر سے دوسر

شہر میں تبادلہ ہوگیا ہو اور اس کو رکوانا مقصود ہو تو اس کے لئے عشاء کی نماز کے بعد انیس ایام تک انیس دفعہ سورۃ لھب یعنی تَبَّتْ یَدَا اَبِی لَھَبٍ الخ (پوری سورہ) پڑھ کر عاجزی اور انکساری کے ساتھ دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ضرور ہوگی۔

بچوں کی ضد کا علاج

بچوں کی ضد ختم کرنے کے لئے ام الصبیان والا تعویذ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَکَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَاسْتَمْسَکْتُ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی لَا انْفِصَامَ لَھَا وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ نَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ کے نیچے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ مرضِ ضد ختم ہوگا۔ اُمّ الصبیان والا تعویذ یہ ہے :

۹۳ ۹۳ ۹۳ ۹۳

۲

بچوں کا خواب میں ڈرنا زیادہ رونا چیخ چیخ کر رونا، لرزنا خود کو یا دوسروں کو نوچنا بغیر کسی وجہ کے بار بار بخار رہنا۔ کسی قسم کی پیدائشی بیماری یا کمزوری، صحیح نشوونما نہ ہونا، جسم پر سے گوشت ختم ہو جانا، سوکھ کر کانٹے کی طرح ہونا، پانی کی طرح دست آنا اور آنکھوں میں حلقے بن جانا یہ سب ام الصبیان کے مرض کی علامتیں ہیں۔ یہی ام الصبیان والا تعویذ گلے میں ڈالا جائے۔

بخار چڑھانے کے لئے

سورۃ قٓ کی یہ مبارک آیت :

یَوْمَ نَقُوْلُ لِجَھَنَّمَ ھَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُوْلُ ھَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ

اگر کسی مریض کے لئے بخار چڑھانا مفید ہو اس کے ماتھے پر اس آیت کا لکھنا نہایت مفید ہے اور اسی آیت کو لکھ کر مریض کو پلانا بھی مفید ہے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو بخار ہو جائیگا۔

جس شخص کو رات کو نیند نہ آتی ہو

سورۃ فرقان کی یہ مبارک آیت وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الَّیْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّھَارَ نُشُوْرًا جس مریض کو رات کو نیند نہ آتی ہو وہ مریض خود یا دوسرا شخص پانچ سو مرتبہ اسی آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور سات ایام تک برابر اس عمل کو کرے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔

بچہ کا رونا اور خواب میں ڈرنے کا علاج

یہ سورہ رعد کا نقش ہے اس کو مریض کے گلے میں ڈالنا ہے

۷۸۶

۸۱۵۶۵	۸۱۵۶۰	۸۱۵۲۷
۸۱۵۶۶	۸۱۵۶۴	۸۱۵۶۲
۸۱۵۶۱	۸۱۵۶۸	۸۱۵۶۳

ایضاً بچے کے رونے کے لئے

یہ سورۂ ابراھیم علیہ السلام کا نقش ہے۔ مریض کے گلے میں ڈالنا ہے

۷۸۶

٦١٤٤٧	٦١٤٦٠	٦١٤٥٧	٦١٤٥٤
٦١٤٥٨	٦١٤٥٣	٦١٤٤٨	٦١٤٥٩
٦١٤٥٢	٦١٤٥٥	٦١٤٦٢	٦١٤٤٩
٦١٤٦١	٦١٤٥٠	٦١٤٥١	٦١٤٥٦

عیدالاضحیٰ کی قربانی کے جانور ذبح کرنیکی دعا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی علیہ السلام نے عیدالاضحیٰ کی قربانی کے دو دنبے موٹے تازے اپنے دست مبارک سے کاٹے جب جانور کو قبلہ رُخ لٹایا تو آپ نے یہ دعا پڑھی

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَلٰی مِلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ حَنِیْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَ بِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْکَ وَلَکَ عَنْ مُحَمَّدٍ وَّاُمَّتِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ

اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَنِّیْ وَعَمَّنْ لَمْ یُضَحِّ مِنْ اُمَّتِیْ۔

جانور کے ذبح سے قبل یہ دعا آپ نے پڑھی کہ یا اللہ یہ قربانی تیرے ہی لئے ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اور امت کے ان افراد کی طرف سے جو قربانی کرنے کی طاقت واستطاعت نہیں رکھتے۔

ماشاء اللہ نبی علیہ السلام کے امت کے اوپر کتنے احسانات ہیں کہ غریبوں کی طرف آپ قربانی کرتے تھے اور ان کے حصّے ڈالتے تھے صاحب ہدایہ والے نے باب الھدایا میں لکھا ہے کہ نبی علیہ السلام نے حجۃ الوداع کے موقع پر ایک سو اونٹنیاں نحر فرمائے۔ تریسٹھ چونکہ آپ کی عمر تھی اس لئے ۶۳ اپنے دست مبارک سے نحر مائے اور باقی سینتیس ۳۷ اونٹیاں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حوالے فرمائے کہ آپ ان کو نحر کیجئے اور فرمایا کہ یہ ایک سو اونٹنیوں کی قربانی میری اور میری امت کی طرف سے ہیں۔ اب امت کے ذی استطاعت حضرات کو چاہیئے کہ آپ کا احسان یاد کرکے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مستقل موٹا تازہ بکرا قربانی میں پیش کریں۔ ورنہ گائے اونٹ جو سات سات آدمی کی طرف سے ہوتے ہیں اس میں ضرور آپ کا حصّہ ڈالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے حصہ کے طفیل اور وسیلہ سے سب شرکاء کی قربانیاں قبول ہوں گی۔ صاحب نصاب پر قربانی واجب ہوجاتی ہے ورنہ ترکِ واجب کا مرتکب ہوکر سخت گنہگار ہوگا۔

اور قربانی کے جانور کے ذبح کرنے کے بعد یہ دعاء پڑھی جائے۔

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْهُ مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَّعَنْ خَلِیْلِکَ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ۔ اگر قربانی کرنے والا ایک آدمی ہے تو مِنِّیْ کہے اگر بہت شرکاء ہیں تو مِنِّیْ کی بجائے جمع لائے مِنَّا کہے۔

قربانی کرنے والا اگر ذبح کرنا جانتا ہو تو خود اپنے ہاتھ سے ذبح

کرے ورنہ ذبح کراتے وقت خود موجود ہو جو افضل طریقہ ہے۔

عقیقہ کرنے کی دعاء

عقیقہ کا حکم مستحب کا ہے نہ کہ واجب کا۔ البتہ اس کے کرنے سے بچہ تمام آفات و بلیاتِ سماوی و ارضی سے محفوظ و مامون ہو جاتا ہے۔ اس کے ثبوت کے لئے حدیث ملاحظہ ہو۔

عن یوسف بن ماھك انھم دخلوا علی حفصة بنت عبدالرحمٰن فسألوھا عن العقیقة فأخبرتھم ان عائشة اخبرتھا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ امرھم عن الغلام شاتان مکافئتان وعن الجاریة شاة رواہ الترمذی ص ۲۱۸/۱۲

ترجمہ: یوسف بن ماھک سے روایت ہے کہ وہ حضرت حفصہ بنت عبدالرحمٰن کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عقیقہ کے متعلق پوچھا تو انھوں نے بتایا حضرت نے اس سے خبر دی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ہے کہ لڑکے کے عقیقہ میں دو ہم عمر بکریاں اور لڑکی کے عقیقہ میں ایک بکری۔

یہی روایت ام کرز رضی اللہ عنہا سے ثابت ہے کہ لڑکے کے لئے دو بکریاں اور لڑکی کے لئے ایک بکری۔ نر و مادہ میں کوئی فرق نہیں۔ بکرا ہو یا بکری، دنبہ ہو یا دنبی ہو دونوں جائز اور باعثِ فضیلت و ثواب ہیں۔

عقیقہ بچے کی پیدائش کے ساتویں دن ہونا چاہئے۔ اگر ساتویں دن میسر نہ ہو تو پھر چودھویں دن ہونا چاہئے۔ اور اگر چودھویں دن

بھی موقعہ ہاتھ نہ آئے تو پھر اکیسویں دن کو ہونا چاہئے۔ جس دن عقیقہ ہوگا اسی روز بچہ کے سر کے بالوں کا منڈوانا بھی سنت ہے۔ اور ان بالوں کو چاندی کے ساتھ وزن کر کے غرباء کو صدقہ و خیرات کیا جائے اور لوگوں میں یہ مشہور ہے کہ عقیقہ کے جانور کی ہڈیاں توڑنا جائز نہیں یہ کوئی ضروری نہیں۔ اگر نیک فالی کے طور پر کسی نے اس طرح کیا تو کوئی حرج بھی نہیں۔ جیسے کہ حضرت عبدالرحمٰن کی بیوی کے گھرانے کی ایک عورت نے نذر مانی تھی کہ اگر عبدالرحمٰن کی بیوی کے ہاں بچہ پیدا ہوا تو ہم اونٹ ذبح کریں گے اور جوڑوں سے اس کو کاٹا جائے گا ہڈیاں نہیں توڑی جائیں گی۔

عقیقہ کا گوشت قربانی کی طرح ہے۔ عقیقہ والا خود بھی کھا سکتا ہے جس طرح دوسروں کو کھلاتا ہے۔ عقیقہ کی دعاء ملاحظہ ہو۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہٖ عقیقة ابنی فلاں (بچہ کا نام لے) دَمُھَا بِدَمِہٖ وَلَحْمُھَا بِلَحْمِہٖ وَعَظْمُھَا بِعَظْمِہٖ وَجِلْدُھَا بِجِلْدِہٖ وَشَعْرُھَا بِشَعْرِہٖ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْھَا مِنِّیْ وَاجْعَلْھَا فِدَاءً لِابْنِیْ مِنَ النَّارِ

(ترجمہ) اے اللہ یہ میرے فلاں بیٹے کا عقیقہ ہے، اس کا خون گوشت، ہڈیاں، چمڑہ اور اس کے بال اس کے خون گوشت ہڈیوں چمڑے اور اس کے بالوں کے عوض میں۔ اے اللہ اُسے میری طرف سے قبول فرمانا اور اسے نارِ جہنم سے میرے بیٹے کا فدیہ بنانا۔

استخارہ کی دُعا، اور حدیثِ استخارہ بروایتِ حضرت جابرؓ

عن جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ قَالَ کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یُعَلِّمُنَا الِاسْتِخَارَۃَ فی الاُمُورِ کُلِّھَا کَمَا یُعَلِّمُنَا السُّورَۃَ مِنَ القُرْاٰنِ یَقُولُ اِذَا ھَمَّ اَحَدُکُم بالامر فَلْیَرْکَعْ رَکْعَتَیْنِ من غیرِ الفریضۃِ ثُمَّ لیقُلْ: اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ العَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الغُیُوبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّ ھٰذَا الاَمْرَ خَیْرٌ لِّی فِی دِیْنِی وَمَعَاشِی وَعَاقِبَۃِ اَمْرِی او قال عَاجِلِ اَمْرِی وَآجِلِہٖ فَاقْدِرْہُ لِی وَیَسِّرْہُ لِی فِی دِیْنِی وَمَعَاشِی وَعَاقِبَۃِ اَمْرِی اَوْ قَالَ فِی عَاجِلِ امری وَ آجلہ فاصرفہُ عَنِّی وَاصْرِفْنِی عَنْہُ وَاقْدِرْ لِیَ الخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِی بِہٖ (قال) ولیسمّی حاجتہ۔

(بحوالہ صحیح بخاری ج ۱ ص۱۵۵ تا ص۱۵۶ ملاحظہ ہو)

ترجمہ: حضرت جابر عبد اللہ انصاریؓ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں عام معاملات میں استخارہ اس طرح سکھایا کرتے تھے جس طرح قرآن پاک کی سورت کی تعلیم دیتے تھے۔ آپؐ فرمایا کرتے کہ جب تم میں سے کوئی شخص کسی (اہم) کام کا ارادہ کرے تو لے دو رکعت نفل (بعد عشاء) ادا کرنی چاہیے پھر دعا مانگنا چاہیے: اے اللہ بے شک میں تیرے علم کے ذریعے تجھ سے طلب خیر کرتا ہوں تیری ہی قدرت کے ذریعے قدرت طلب کرتا ہوں اور تیرے عظیم فضل میں سے کچھ فضل و کرم کا تجھ سے سوال کرتا ہوں اسلئے کہ تو تو بے شک (ہر کام کی) قدرت رکھتا ہے (جبکہ) میں کسی کام کی (از خود) قدرت نہیں رکھتا تُو تو سب کچھ جانتا ہے اور میں (کچھ بھی) نہیں جانتا۔ اور تو ہی غیب کی باتوں کو خوب اچھی طرح جاننے والا ہے۔ اے اللہ اگر تیرے علم میں یہ کام میرے حق میں میرے دین، میری دنیاوی زندگی اور میرے انجامِ کار کے اعتبار سے یا فرمایا کہ میری دنیوی اور اُخروی زندگی کے لحاظ سے میرے حق میں بہتر ہے تو تو اس کو میرے لئے مقدر فرما دے اُسے میرے لئے آسان کر دے اور پھر اس میں میرے لئے برکت ڈالدے۔ اور اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام میرے لئے دین و دنیا اور انجام کے لحاظ سے۔ یا فرمایا: میری دنیوی اور اُخروی زندگی کے اعتبار سے میرے حق میں بُرا ہے تو تُو اس کام کو مجھ سے پھیر دے اور مجھے اس سے پھیر دے۔ اور جہاں (جس وقت اور کام میں) میرے لئے خیر ہو وہ میرے لئے مقدر کر دے اور پھر مجھے اس کام کے ساتھ راضی بھی رکھ۔ راوی کہتے ہیں: کہ اور اپنی ضرورت بیان کرے۔

غرضیکہ استخارہ کے متعلق تاجدارِ مدنی صلی اللہ علیہ وسلم کے قولی، فعلی حدیثیں موجود ہیں اسی طرح تقریری حدیث بھی موجود ہے۔

اس واقعہ کا پس منظر یہ ہے کہ آپ نے اپنی پھوپھی زاد بہن حضرت زینب بنت جحش کا نکاح سن ۲ ہجری ۶۲۴ء میں اپنے آزاد کردہ غلام حضرت سیدنا زید بن حارثہ سے کر دیا۔ لیکن بوجہ ان میں نباہ نہ ہو سکا اور

طلاق کی نوبت آگئی۔ عدت گزرنے کے بعد نبی علیہ السلام نے خود ان سے نکاح کرنا چاہا۔ تو حضرت زید ہی کو پیغام نکاح دیکر بھیجا۔ ان کی مرضی معلوم کرنا چاہی۔ حضرت زید کا بیان ہے کہ میں نے جب پیغام دیا تو وہ کہنے لگی

کہ میں اپنے پالنے والے سے استخارہ کے بغیر کچھ بھی نہیں کروں گی پس وہ اپنے گھر میں اسی جگہ پر چلی گئیں جہاں وہ نماز پڑھا کرتی تھیں۔ وہاں جاکر انھوں نے نمازِ استخارہ پڑھی اور اسی وقت قرآن کا حکم اُترا جس میں خدا نے ان دونوں کی شادی کا اعلان کردیا تھا۔ (بحوالہ سنن نسائی ج ۲ - صـ ٦٦)

دراصل استخارہ کا مطلب یہی ہوتا ہے کہ بندہ عاجز اپنے قوی و قدیر رب سے مشورہ کرتا ہے اور اس میں جو کچھ منجانب اللہ فیصلہ ہوتا ہے اس میں خیر ہی خیر ہوگی۔ اس لئے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا فرمان ہے اور ہمارا اس پر سو فیصد ایمان ہے کہ جو بندہ اپنے کاموں میں اللہ تعالیٰ سے صلاح و مشورہ نہ لے اس سے بڑھ کر کوئی بدبخت اور بدنصیب نہیں۔ اور جس کام میں استخارہ کیا جائے گا انشاء اللہ العزیز اس کام میں ضرور کامیابی اور کامرانی ہوگی اور کوئی پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ استخارہ کی نیت کرکے دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء کے پڑھے، اس کے بعد خوب دل لگاکر مذکورہ دعاء تین مرتبہ پڑھے۔

تکبیرات التشریق کی دعاء اور اس کا ثبوت

وعن شقیق عن علی رضی اللہ عنہ انہ کان یکبر بعد صلوٰۃ الفجر یوم عرفۃ الی صلوٰۃ العصر من آخر ایام التشریق ویکبر بعد العصر رواہ ابو بکر بن ابی شیبۃ واسنادہ صحیح وفی حاشیۃ آثار السنن رقم ٧٨٨ قول الحافظ ابن حجر فی الدرایۃ ج ١ صـ ٢٢٢ قول علی اخرجہ ابن ابی شیبۃ باسناد صحیح عنہ وکذا قول ابن مسعود

ترجمہ: حضرت شقیق حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ ذی الحجۃ کی ۹ تاریخ کو بعد نماز فجر سے لیکر ایام تشریق کے آخری دن یعنی ۱۳ ذی الحجہ کی عصر تک جو ۲۳ نمازیں بنتی ہیں، آپ یہ دعاء پڑھا کرتے تھے۔

اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد۔ اس کو ہر نماز کے بعد یعنی سلام پھیرنے کے بعد ایک مرتبہ بلند آواز سے پڑھنا واجب اور ضروری ہے۔ فتویٰ اس پر ہے کہ باجماعت نماز پڑھنے والے اور تنہا پڑھنے والے اس میں برابر ہیں اسی طرح مرد و عورت دونوں پر واجب ہے۔ البتہ عورت بآوازِ بلند تکبیر نہ کہے، آہستہ کہے۔ (شامی)

حافظ ابن حجر العسقلانی شارحِ بخاریؒ نے درایہ کے اندر اس قول کی تصدیق و تائید کرکے فرمایا کہ یہ مذکورہ روایت حضرت علیؓ کی بالکل صحیح سند کے ساتھ ہے۔ (بحوالہ آثار السنن مصنف محدث کبیر محمد بن علی نیموی)

دفع متلی وقے واضطرابِ قلب

مندرجہ ذیل کلمات زبان سے کہے انشاء اللہ تعالیٰ تکلیف دور ہوجائے گی محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیٹے عبد اللہ کے، عبد اللہ بیٹے ہاشم کے، ہاشم بیٹے عبد مناف کے

نقش برائے مقہوری اعداء

عطیہ شاہ عبد الغنی پھولپوری بانقل مفتی محمد شفیع صاحب

ق	ا	ھ	ر
ھ	ر	ق	ا
ر	ھ	ا	ق
ا	ق	ھ	ر

برائے وسعتِ رزق

صبح کی نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ آیت پڑھے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ

تمام حوائج ومصائب کے لئے

۳۴۱ مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ہر روز صبح کی نماز کے بعد پابندی سے پڑھے۔

عمل حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکیؒ بروایتِ حضرت مولانا

پھولپوریؒ۔ ناقل حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب

عطیہ شاہ عبد الغنی صاحب پھولپوریؒ برائے مقصد برآری

ناقل حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ

چار رکعت نفل پڑھ کر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ (۳۶۰) تین سو ساٹھ مرتبہ۔ اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر بالحاح وزاری مقصد کے لئے دعاء کریں۔

برائے تسخیر
(عطیہ حضرت گنگوہی قدس سرہٗ)

یَا عَزِیْزُ کی کثرت کرے، کوئی تعداد مقرر نہیں۔ شوہر کے لئے حاکم کے لئے بہت آزمودہ اور مجرب ہے۔

برائے منظوری درخواست وعرضی

لکھی ہوئی درخواست پر بغیر روشنائی کے خالی انگلی سے یہ کلمات لکھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ اللّٰہَ وَعَدَ الصَّابِرِیْنَ نَصْرًا وَّمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَیْہِ یُسْرًا کَلَّآ اِنَّ کِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِیْ عِلِّیِّیْنَ

برائے کشائشِ رزق از حضرت گنگوہیؒ

کوئی وقت معین کر کے ہر روز اسی وقت گیارہ سو مرتبہ یَا بَاسِطُ

پابندی سے پڑھا کرے

بچے کے غیر معمولی رونے کا علاج

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ هٰذَا یَوْمُ لَا یَنْطِقُوْنَ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓی اَفْوَاهِهِمْ
تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈالا جائے۔

کشائش رزق کے لئے

صبح کی سنت اور فرض کے درمیان ایک تسبیح (سو مرتبہ) سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ پڑھنا مجرب ہے۔

ناجائز محبت کا توڑ

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۲۶۰ مرتبہ نمک پر پڑھیں اور کھلائیں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا

غلط التعلق کا توڑ

اس تعویذ نقش کو گھول کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا

۹	۹۵	۴۱	۲۲	۱۴	۲۵
۷	۷۵	۲۳	۶۴	حره	لو
۳د	ھ	بع	۶	لحر	۴۲

تعویذ برائے بجا شدن ناف

اس کو نقش کو ناف پر باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آرام ہوگا

الٰہی بحرمت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰہِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا

الٰہی بحرمت حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ

برائے پیغام شادی و نکاح

[illegible] دیا مدید اجعلها ساده فرحتی تا تی فلانه بنت فلانه وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ ثُمَّ نُفِخَ فِیْهِ اُخْرٰی فَاِذَا هُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ عجل اللہ الوحا اللہ الصور انهم سا یقون

شادی و نکاح کے بعد برائے محبتِ زوجین

میاں بیوی کے نکاح و شادی کے بعد دونوں کی محبت کیلئے

مندرجہ ذیل آیت کو لکھ کر دونوں کو پلایا جائے یا کہ گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں بے انتہا محبت پیدا ہوگی۔

وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ

زبان کی لکنت دور کرنے کے لئے

اللّٰھم اطلق لسانی بحرمة خاتم الانبیاء اپنی شہادت کی انگلی کو اپنی زبان کے مقابل یا اوپر رکھ کر تین دفعہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ (آمین)

تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ الَّذِیْۤ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ کو پڑھ کر اپنی سبابہ والی انگلی پر دم کر کے چاٹ لیوے۔ بعد ازاں تین دفعہ مذکورہ بالا دعاء پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب اور فائدہ ہوگا۔

امتحان میں کامیابی کے لئے

① صبح کی نماز کے بعد ۲۱۱ مرتبہ یَا عَلِیْمُ پڑھا کرے اور جب پرچہ دینے لگے تو اس کی کثرت کرے ② پرچہ دینے سے پہلے سورۃ نٓ وَالْقَلَمِ ایک دفعہ پڑھے۔

بچے کے رونے کا علاج

سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص، معوذتین۔ اَللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِهٖ وَلَا یُغْلَبُ اللّٰهُ غَالِبٌ وَلَا یَعُوْقُهٗ هَارِبٌ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ٥ صہ صہ صہ صہ صہ صہ صہ صہ صہ اُصْمُتْ اَیُّهَا الْمَوْلُوْدُ بِعَظَمَةِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْمَعْبُوْدِ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰی رَبِّهَا نَاظِرَةٌ وُجُوْهٌ یَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ لکھ کر بچے کے گلے میں لٹکا دیں۔

غضب و غصہ دور کرنے کے لئے

ایک چھری پر اسماء ذیل حَقٌّ حَیٌّ بَاعِثٌ حَسِیْبٌ حَكِیْمٌ مُعِیْدٌ حَفِیْظٌ حَكِیْمٌ قُلْنَا یٰنَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا وَسَلَامًا وَسَلَامًا لکھ کر آگ پر گرم کر کے پانی میں بجھا کر پلائیں۔ ایضاً روٹی کے ٹکڑے پر سورۃ الم نشرح لکھ کر اس کو کھلا دیں تو بھی غصہ انشاء اللہ تعالیٰ جاتا رہے گا۔

چوپاؤں کے پاؤں کے پھوڑوں کا علاج

اسماء ذیل اس کے چاروں کُروں پر لکھ دیں
هَبْتَ دَيْتَ نَفَرْتَ مَرْتَ

دافع اثرِ سحر ہر قسم

چینی کی صاف طشتری پاک میں یہ آیت پاک سیاہی سے لکھ کر گھی سے محو یعنی مٹا کر مسحور کو چٹا دیں خواہ قدرے شکر بھی چھڑک دیں انشاء اللہ اثرِ سحر زائل ہو جائے گا اور مرتے دم تک نہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا پ نساء، ع ۱۴

(نوٹ) باوضو لکھیں۔ صبح چٹائیں ۳-۵-۷ ایام تک کریں

برائے تحصیل علم و حفظ قرآن

سورۂ مدثر پ ۲۹ صبح پڑھا کریں۔ اور سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ پوری چینی کی طشتری میں پاک قلم و دوات سے لکھ کر ۲۱ دن پیا کریں۔ لکھنے سے پہلے ۷۸۶، اوپر یعنی بسم اللہ شریف کے عدد یا بسم اللہ پوری لکھ لیا کریں۔ پانی سے دھو کر روزانہ پیا کریں۔ دیگر یہی سورت کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ علم نصیب ہوگا۔

برائے رفع کردن بدخوئی طفل

بچہ کی بدخوابی کے واسطے لکھ کر بچے کی گردن میں لٹکا دیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا

شادی شدہ عورت کا خاوند کو اپنی طرف راغب کرنے کیلئے

۷۸۶

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷
۶۰۱۲	۶۰۰۶	۶۰۰۵	۶۰۱۷

اس نقش کو عورت اپنے بازو پر باندھے

چور پکڑنے کا عمل

چور پکڑنے کی ترکیب نابالغ لڑکے یا لڑکی کے دونوں ہاتھوں پر سیاہی تیل میں ملا کر ملے اور یہ منتر ماش کے دالوں پر ایک ایک مرتبہ پڑھ کر ایک ایک دانہ ہاتھ پر مارتا جائے۔ ساتوں دانہ پر بچے کی ہتھیلی پر چور کی صورت نمودار ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ
عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ فَتْحُوْنَ فَتْحُوْنَ فَتْحُوْنَ جِسْتَكَ

جنتك جنتك شفيعًا شفيعًا عطيشا عطيشا عطيشا سهودًا سهودًا سهوزًا اقدوزًا اقدوزًا اقدوزًا سهلاً سهلاً نهلاً نهلاً نهلاً احضروا من جانب المشارق والمغارب بحق سليمان بن داؤد عليهما السّلام

جو بچہ ضد کر کے زیادہ روتا ہو

جو بچہ ضد کر کے زیادہ روتا ہو مندرجہ ذیل آیت لکھ کر گلے میں ڈالنا چاہیے اِذْ قَالَتِ امْرَاَةُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

برائے گریۂ طفل و ضد کردن بچۂ کوچک

جو بچہ بہت روتا ہو اور بظاہر تندرست ہو تو یہ نقش پاک سیاہی سے لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاء اللہ برے اثرات دور ہوں گے۔

٧٨٦	یابدوح	٧٨٦
یابدوح	اللہ	یابدوح
٧٨٦	یابدوح	٧٨٦

قید سے خلاصی کے لئے

سورۂ والطّور ﷺ قیدی ہر روز پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ

بہت جلد رہائی حاصل ہو گی۔ اور تلاوتِ قرآن کا ثواب یعنی دہرا فائدہ۔ استغفار اور درود شریف بھی ساتھ پڑھا کریں

استخارۂ مجرّبہ

عشاء کی نماز کے بعد تازہ وضوء کر کے پاک بستر پر بیٹھ کر یا لیٹ کر تین بار درود شریف پڑھیں، پھر دس بار الحمد شریف اور گیارہ بار قل شریف پڑھ کر سینہ پر دم کریں۔ اور رُو بقبلہ دائیں پہلو سوئیں نیت دل میں یہ کریں کہ اللہ کریم اپنے پاک کلام کی برکت سے خواب میں آگاہی بخشیں کہ یہ کام کروں یا نہ کروں۔ یا کون سا کام بہتر ہے انشاء اللہ تعالیٰ صحیح حال معلوم ہو گا۔ چند دن تک یہ عمل ضرور کریں

استخارہ کا مختصر طریقہ اور مختصر دعاء

اگر کام میں عجلت اور جلدی ہے اتنی مہلت باقی نہیں رہی کہ استخارہ مذکورہ کر سکے تو کام شروع کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ یہ دعاء ذیل پڑھے، جو کنز العمال میں ہے۔

اَللّٰهُمَّ خِرْ لِیْ وَاخْتَرْ لِیْ۔ ترجمہ: اے اللہ میرے لئے خیر کر اور جو صورت بہتر ہو اس کو ظاہر فرما اور پھر جس طرف قلب کا میلان دیکھے عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہی بہتر ہو گا۔

دراصل اگر کوئی شخص اس اسلامی تعلیم پر عمل کرے تو کبھی اور کسی حال میں پریشان نہ ہو گا۔ لیکن افسوس ہے کہ آج ہم مسلمان اپنے کاروبار میں ہر بچہ اور بڑے سے مشورہ کرتے ہیں، ظاہری تدبیروں اور

ان کی فکروں میں ہزاروں پریشانیاں اٹھاتے ہیں مگر چند منٹ
اس سنتِ حسنہ کے لئے صرف نہیں کئے جاتے اور اسی لئے اکثر
و بیشتر تدبیریں اپنی پریشانیوں میں اضافہ کا سبب ہو جاتی ہیں۔
حدیث میں ہے استخارہ کرنے والا نقصان نہیں اٹھاتا اور مشورہ
کرنے والا نادم و پشیمان کبھی نہیں ہوتا۔

علاج برائے عقیمہ۔ نسخہ مجربہ

حضرت حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ اگر کوئی
عورت برسوں سے بانجھ ہو اور اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے پندرہ
روز تک ایک ایک سپاری (پان والا) تر لائی جائے اور اس پر
تین بار یہ دعاء پڑھ کر بانجھ عورت کو کھلائی جائے ضرور نطفہ قرار
پکڑیگا اور خدا کے فضل سے لڑکا ہوگا۔ اور اگر نہ ہوگا تو قیامت کو
میرا دامن اور اس کا ہاتھ ہو۔
دعاء سے مراد کیمیائے سعادت ہے جو آپ کی خدمت میں پیش ہے

دعائے کیمیائے سعادت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ فَمَنْ يَّدْعُ الْعَبْدُ
اِلَّا الرَّبَّ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ
فَمَنْ يَّدْعُ الْمَخْلُوْقُ اِلَّا الْخَالِقَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

الْمَلِكُ وَاَنَا الْمَمْلُوْكُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَمْلُوْكُ اِلَّا
الْمَالِكَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَنِيُّ وَاَنَا الْفَقِيْرُ فَمَنْ
يَّدْعُ الْفَقِيْرُ اِلَّا الْغَنِيَّ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَوِيُّ وَاَنَا
الضَّعِيْفُ فَمَنْ يَّدْعُ الضَّعِيْفُ اِلَّا الْقَوِيَّ يَا رَبِّ
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَيُّوْمُ وَاَنَا الزَّائِلُ فَمَنْ يَّدْعُ الزَّائِلُ
اِلَّا الْقَيُّوْمَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَفُوُّ وَاَنَا الْمُسِيْءُ
فَمَنْ يَّدْعُ الْمُسِيْءُ اِلَّا الْعَفُوَّ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْغَفُوْرُ
وَاَنَا الْمُذْنِبُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُذْنِبُ اِلَّا الْغَفُوْرَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ
اَنْتَ الرَّحِيْمُ وَاَنَا الْخَاطِيْ فَمَنْ يَّدْعُ الْخَاطِيْ اِلَّا الرَّحِيْمَ
يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُغِيْثُ وَاَنَا الْمُسْتَغِيْثُ فَمَنْ
يَّدْعُ الْمُسْتَغِيْثُ اِلَّا الْمُغِيْثَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُجِيْبُ
وَاَنَا الدَّاعِيْ فَمَنْ يَّدْعُ الدَّاعِيْ اِلَّا الْمُجِيْبَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ
اَنْتَ الْمُجِيْرُ وَاَنَا الْمُسْتَجِيْرُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمُسْتَجِيْرُ اِلَّا
الْمُجِيْرَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَزِيْزُ وَاَنَا الذَّلِيْلُ فَمَنْ يَّدْعُ
الذَّلِيْلُ اِلَّا الْعَزِيْزَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُعْطِيْ وَاَنَا السَّائِلُ
فَمَنْ يَّدْعُ السَّائِلُ اِلَّا الْمُعْطِيْ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَهَّابُ
وَاَنَا الْيَائِسُ فَمَنْ يَّدْعُ الْيَائِسُ اِلَّا الْوَهَّابَ يَا رَبِّ
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُفَرِّجُ وَاَنَا الْمَغْمُوْمُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَغْمُوْمُ

اِلَّا الْمُفَرِّجُ یَارَبِّ اَنْتَ الْمُنْجِیْ وَاَنَا الْغَرِیْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْغَرِیْقَ
اِلَّا الْمُنْجِیْ یَارَبِّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّزَّاقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ فَمَنْ یَّدْعُ
الْمَرْزُوْقَ اِلَّا الرَّزَّاقُ یَارَبِّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفَّارُ وَاَنَا الْمُتَضَرِّعُ فَمَنْ
یَّدْعُ الْمُتَضَرِّعَ اِلَّا الْغَفَّارُ یَارَبِّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکَاشِفُ وَاَنَا الْمُضْطَرُّ
فَمَنْ یَّدْعُ الْمُضْطَرَّ اِلَّا الْکَاشِفُ یَارَبِّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّیِّدُ وَاَنَا
الْمُبْتَھِلُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمُبْتَھِلَ اِلَّا السَّیِّدُ یَارَبِّ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ
سَیِّدِیْ وَمَوْلَائِیْ فَاغْفِرْ ذُنُوْبِیْ وَاَعْتِقْنِیْ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِکَ
یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ
اَجْمَعِیْنَ (نقل شد از جواہر خمسہ کامل، دوسرا جوہر ص ۹۹ و ۱۰۰)

برائے دفع کاہلی در زُھد

اگر کسی کو زہد میں کاہلی اور سستی آتی ہو تو اس کے دفعیہ کے لئے یہ اسم دو سو مرتبہ پڑھے بفضلِ خدا کاہلی دور ہوگی۔ اسم یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
یَا کَلْکَائِیْلُ بِحَقِّ جَبَّارِ الَّذِیْ خَضَعَ کُلُّ جَبَّارٍ بِجَبَرُوْتِہٖ یَا کَلْکَائِیْلُ

برائے دفعِ خطرات بعوراتِ اجنبیہ

اگر کسی شخص کو خطرۂ نفسانی اجنبی عورتوں کی طرف سے پیش آئے یعنی اجنبی عورتوں کی طرف میلانِ خاطر ہو تو اس کو چاہیے کہ اس طرف سے یا جس کی طرف میلان ہو اس کے پاؤں کی مٹی لیکر اور یہ اسم اعظم پڑھ کر اس طرف ڈالدے اللہ تعالیٰ کے فضل وہ خطرہ دور ہوگا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا شَمْعِیَا الَّذِیْ یُقَلِّبُ الشَّمْسَ

مِنَ الْمَغْرِبِ اِلَی الْمَشْرِقِ

خاوند کا اجنبیہ کے ساتھ ناجائز تعلقات توڑنے کا علاج

اگر کسی کا خاوند غیر عورت سے ناجائز تعلق رکھتا ہو تو عورت کو چاہیے کہ اس آیت شریفہ کو عروج ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کرے۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور ایک ہزار بار اس آیت کو پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے گیارہ دن کھلائے، انشاء اللہ تعالیٰ خاوند موافق ہو جائے گا اور غیر عورت سے تعلق چھوڑ دے گا۔ آیت یہ ہے: قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ فَاتَّقُوا اللّٰہَ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

مُردہ یا زندہ کو خواب میں دیکھنے کا عمل

سونے سے قبل وضوء کرے اور پاک لباس پہنے، خوشبو اور عطر وغیرہ لگائے اور ایک مرتبہ سورۃ واللیل اور ایک مرتبہ سورۃ والتین پڑھے۔ اس کے بعد یہ دعاء پڑھے اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کذا او کذا وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ما استدل بہ علی اجابۃ دعوتی۔ لیکن یہ عمل کرنے میں کپڑوں اور بستر کا پاک ہونا ضروری ہے۔

ایضاً مردے یا زندوں کو خواب میں دیکھنے کا عمل

جس چیز کا خواب میں دیکھنے کا ارادہ ہو تو چاہیئے کہ سونے سے

قبل اس دعا کو ایک مرتبہ پڑھے۔

اللّٰھمّ یا ربّ ابراھیم وموسیٰ وربّ اسحٰق ویعقوب وربّ جبرائیل وربّ میکائیل وربّ اسرافیل وربّ عزرائیل مُنزِل التوراۃ والانجیل والزبور والفرقان العظیم ارنی فی منامی مافیہ الخیرات۔

برائے تسخیر و حُبّ

تسخیر کے لئے ذیل کا عمل دس بار پڑھ کر اپنے منہ پر مل کر جس کے پاس جائے گا وہ بے حد محبت کے ساتھ پیش آئے گا۔ اور اس میں بہت سے فوائد ہیں مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَقْصُوْدِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَطْلُوْبِیْنَ یَا خَیْرَ الْمَحْبُوْبِیْنَ۔ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْآ اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ۔

ایضًا برائے تسخیر۔ مجرب المجرب ہے

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ پانچسو مرتبہ پڑھے۔ اول آخر دس دس بار درود شریف خدا کے فضل وکرم سے تمام لوگ تابع رہیں گے۔ اس کے پڑھنے کے لئے کوئی وقت متعین نہیں۔ کوئی سا بھی وقت مقرر کرلے۔ مجرب المجرب

نقش برائے تسخیر خلائق اکسیر ومجرب ہے

۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

باوضو۔ لکھ کر اور عطر لگا کر سیدھے بازو پر باندھے

نقش برائے تالیف وتسخیر قلوب

۷۸۶

۲۸۹۵	۲۹۰۹	۲۹۰۶	۲۹۰۳
۲۹۰۷	۲۹۰۲	۲۸۹۶	۲۹۰۸
۲۹۰۱	۲۹۰۴	۲۹۱۱	۲۸۹۷
۲۹۱۰	۲۸۹۸	۲۹۰۰	۲۹۰۵

یہ نقش سیدھے بازو پر باندھے بے حد مجرب المجرب ہے

یہ نقش محبت کے لئے اکسیر ومجرب ہے

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

یہ نقش طالب اپنے سیدھے بازو پر باندھے

الحبّ یا جبرئیل بحق آدم وحوّا فلان بنت فلاں را مبتلا گردد بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح

نقش برائے محبت

مجرب المجرب ہے

اس نقش کو لکھ کر جس کو پلائے گا محبت کرے گا۔
ایک دن درمیان میں ناغہ کر کے پلایا جائے ورنہ تاثیر باطل ہو جائیگی

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

نقش برائے محبتِ زوجین

۷۸۶

۴۴۶	۴۴۱	۴۴۸
۴۴۷	۴۴۵	۴۴۳
۴۴۲	۴۴۹	۴۴۴

یہ نقش طالب اپنے سیدھے بازو پر باندھے

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے محبت و برائے کامیابی کیس عدالت

کالقیوم ۷۸۶ ھوالحی

۲۳	۲۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۱۸	۳۱	۲۴	۲۱
۲۵	۲۰	۱۹	۳۰

یا معز بعزتک یا مسر یز یا معز یز

اس نقش کو پگڑی وغیرہ میں موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ عدالت یا اپنے آقا کے پاس جائے تو انشاء اللہ سب لوگ اس کے مطیع ہوں گے۔

برائے پھوڑا پھنسی خارش اور صفائی خون کیلئے

ل	ل	ل	ل	ل
ل	ل	ل	ل	ل
ل	ل	ل	ل	ل
ل	ل	ل	ل	ل
ل	ل	ل	ل	ل

چینی کی پلیٹ پر مندرجہ بالا نقش کھانے کے زرد رنگ یا زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر پیئیں یا بڑی پلیٹ پر لکھ کر اور بالٹی میں دھو کر اس پانی سے غسل کیا جائے۔ معمولی پھوڑے پھنسیوں کے لئے گیارہ روز اور زیادہ کے لئے ایک مہینہ اور خون کی صفائی کے لئے ایک پلیٹ روزانہ چالیس ایام تک دھو کر پی لیں۔

بہن بھائیوں کا آپس میں جھگڑے کا علاج

اِنَّهُمْ يَكِيدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيدُ كَيْدًا

ایک تسبیح یعنی ایک سو مرتبہ پڑھ کر تکیوں پر چالیس روز تک دم کیا جائے لیکن یہ احتیاط ہو کہ دورانِ علاج ایک کا تکیہ دوسرا استعمال نہ کرے۔

مرضِ برص سے احتیاط اور اس کا علاج

علامہ سیوطی نے نقل کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ارشاد

فرمایا کہ دھوپ کے گرم پانی سے نہ نہلیا کرو کیونکہ یہ برص پیدا کرتا ہے۔

صُحبت کے وقت عورت کی شرمگاہ دیکھنے کی ممانعت

علاج : شرعۃ الاسلام میں لکھا ہے اور حدیث میں بھی آیا ہے کہ وقتِ قربت عورت کی شرمگاہ کو نہ دیکھا کرو اس لئے کہ اس میں خوف ہے کہ کہیں اولاد نابینا پیدا نہ ہو اور اس سے اولاد بے حیا اور بے غیرت بن جاتی ہیں۔ بوقتِ صحبت میاں بیوی دونوں یہ دعاء پڑھیں اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ عَلٰی مَا رَزَقْتَنَا۔ اس دعاء کے پڑھنے سے شیطان وہاں نہیں آسکتا۔ انشاء اللہ اگر مقدر میں اولاد ہو تو اولاد ضرور صحیح و سالم پیدا ہوگی۔

سخت دل کو نرم دل کرنے کا طریقہ

اسم اَلْمَلِكُ کو جو شخص کثرت سے ذکر کرتا رہے گا سرکش و سخت دل نرم دل اور مطیع اور فرمانبردار ہو کر رہے گا (شمس المعارف ص۹۸)

سَلَامٌ کے پڑھنے سے سانپ اور بچھو کو ہاتھ میں لینے سے بھی کچھ ضرر نہ ہوگا

اسم سَلَامٌ کا جو شخص کثرت سے ذکر کرے کُل آفات سے اللہ تعالٰی اس کو سلامت رکھے۔ اور جس پر اس کا حال غالب ہو جب وہ سانپ اور بچھو کو بھی ہاتھ میں لے تو بھی کچھ ضرر و نقصان نہ ہوگا

انشاء اللہ تعالٰی۔ اس کا ایک نقش مربع لکھ کر اپنے پاس رکھ کر ظالم کے پاس جائے اس کے شر سے محفوظ رہے اور کوئی ہتھیار اس پر اثر نہ کرے۔ شکل نقش سَلَامٌ مندرجہ ذیل ملاحظہ (شمس المعارف ص۹۸)

س	ل	ا	م
۲۹	۲	۳۹	۶۱
۲۸	۵۸	۴۰۲	۳
۴	۴۱	۲۹	۴۱

سُستی، تھکان اور درد کا علاج ایضاً فالج اور عرق النساء کیلئے شافی کافی ہے

جو شخص سورۃ فاتحہ کثرت کے ساتھ پڑھے اس کو تھکان اور سُستی اور درد نہ ہو۔ اور اگر اس کو پاکیزہ برتن میں لکھ کر گلاب سے دھوئیں اور درد والے کان میں ڈالیں تو درد آرام ہو جائیگا۔ اور اگر اس کو لکھ کر خالص روغنِ بکائن سے دھوئیں اور ستر مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھ کر اس پر دم کریں پھر فالج یا عرق النساء والے کو ملیں آرام ہوگا اور جس شخص کو کوئی حاجت ہو تو اس کو لازم ہے کہ اس سورت کو بترتیب و تنزیل ایمان اور صدقِ دل کے ساتھ قبلہ رو ہو کر ۷ مرتبہ پڑھے اور اس سے پہلے دو رکعت نماز میں فاتحہ اور سورۃ اخلاص سہ بار پڑھ چکا ہو پھر اللہ تعالٰی سے حاجت مانگے پوری ہوگی بارہا تجربہ ہے کہ جو شخص فرض و سُنتِ فجر کے درمیان ۴۱ بار سورۃ الفاتحہ چالیس

روز تک پڑھے اس کی حاجت ضرور ہوگی۔ (شمس المعارف ص ۱۱۶)

عہدہ دوبارہ حاصل ہونا

جس شخص کا عہدہ کم کر دیا ہو وہ اس کو چاندی کی تختی پر مع اسم متوکل کندہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ اور اسم جلیل کے ساتھ ذکر اسم مجید کا کرے تو عہدہ دوبارہ حاصل ہوگا۔

۷۸۶

ال	م	جی	د
۱۶	۱	۳۰	۳۱
۲	۱۵	۴۲	۲۹
۳۹	۳۳	۳	۱۴

کمزوری دور ہو قوت حاصل ہو

خلوت میں اسم قوی کا ذکر کر کے تمام حواس اور اعضاء میں قوت ظاہر ہوتی ہے۔ روزانہ نہار منہ بارہ ایام تک پیا کرے قوت آجاتی ہے۔

قوت اور چلنے پھرنے کی طاقت کیلئے اسم المتین

اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جس کی قوت کسی مرض کی وجہ سے جاتی رہی ہو قوت اور صحت دونوں واپس آئیں گی۔ جو بچہ چلنے پھرنے کی سکت نہ رکھتا ہو اس کے گلے میں باندھنے سے وہ جلد چلنے پھرنے کے قابل ہو جائے گا۔ (نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

۷۸۶

اسم المتین کا نقش

ال	م	ت	ین
۴۵۱	۵۹	۳۲	۳۹
۵۸	۱۹۸	۴۲	۸۳۳
۴۱	۳۴	۵۷	۳۹۹

برائے دفع گرگری اسپ

اگر کسی گھوڑے کا پیشاب پاخانہ بند ہو گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر اس گھوڑے کو پلائیں۔ ایک دو مرتبہ پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ کھل جائے گا۔

نقش ملاحظہ ہو

۷۸۶

یا نافع	۱۱۰	یا نافع
۲۰	یا نافع	یا نافع
یا نافع	یا نافع	یا نافع

باری کے بخار کے لئے

بخار ہونے سے قبل تین گھنٹہ پہلے ایک کاغذ پر یہ آیت لکھ کر مریض کے ہاتھ پر چسپاں کر دیں ان شاء اللہ تعالیٰ بخار نہ ہوگا۔ آیت یہ ہے وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط دیگر: ایسے ہی مریض کے دونوں ہاتھ دھلا کر دائیں ہاتھ کے ناخنوں پر ک ھ ی ع ص یعنی ک حرف انگوٹھے پر ھ انگشت شہادت

پر ی تیسری پر ع چوتھی پر ص آخر پر لکھیں اور بائیں ہاتھ کے ناخون پر یہ پانچ حروف ح م ع س ق لکھدیں۔ مریض ان کو گا ہے گا ہے دیکھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ پہلی بار ورنہ دوسری بار ضرور بخار رُک جائے گا۔

پہلے حرف کٓھیٰعٓصٓ اور دوسرے حٰمٓ عٓسٓقٓ ہیں۔

بچے کے رونے کے لئے

اگر بچہ بہت روتا ہو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھے شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کو فوراً سکون اور آرام ہوگا۔

فائدہ: حضرت مولانا شیخ محمد محدث تھانوی فرماتے ہیں کہ آیتِ بالا کا عمل مع نقش یا حفیظ حضرت سید امیر علی صاحب لکھنوی مہاجر مکی کی بیاض سے حاصل ہوا بنظر رفاہ عام یا رفاہ خلائق نقل کیا جاتا ہے بارہا آزمایا ہوا مجرب ہے۔

دیگر یہ نقش شیر خوار بچہ کے دانت آسانی سے نکلیں یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھیں اور یہی نقش نظر بند اور آسیب کے لئے بھی ہے اس نقش کے اوپر آیتِ مذکورہ عند اللہ الاسلام تک لکھے اور نیچے لکھے بحق یا حفیظ دارندۂ این نقش را از جمیع بلیاتِ ارضی وسماوی محفوظ دار۔ (نقش اگلے صفحہ پر ہے)

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ پ۳ آل عمران ۔ ع ۲

٧٩		٨٩٨	٩
١٣		ح	٨٩٧
٧		ى	٨١
٩٩		٨٢	١١

بحق یا حفیظ دارندۂ این نقش را از جمیع بلیاتِ ارضی وسماوی محفوظ دار

ایضاً بچے کے رونے کے لئے

اَسْكِنْ بِعِزَّةِ اللّٰهِ اَسْكِنْ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ اَسْكِنْ بِجَلَالِ اللّٰهِ لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ بچے کا رونا بالکل بند ہو جائیگا۔

خاصیت اسماء اصحاب کہف

زمین سرکاری پیمائش میں کم آئے اور دریا بردی سے محفوظ رہے ان دونوں اغراض کے لئے زمین میں دفن کرنا اور دریا کے کنارے گاڑنا مجرب ہے۔ اور ان اسماء کے مزید خواص یہ ہیں

① مال اور زمین غصب اور چوری سے محفوظ رہیں۔
② زمین کے دفینے غیر کی نظر سے بچے رہیں
③ حاملہ کے پیٹ پر باندھنے سے حمل محفوظ رہے۔
④ وضع حمل کے وقت بائیں ران میں باندھنے سے بچہ آسانی سے پیدا ہو
⑤ اگر کہیں آگ لگ جائے آگ میں ڈالنے سے آگ سرد ہو جائے۔

⑥ وبا کے زمانہ میں ان اسمار کی برکت سے محفوظ رہے گا۔ اور یہ اسمار یہ ہیں ملاحظہ فرمائیں :

الٰہی بحرمتِ ① یَمْلِیْخَا ② مَکْسَلْمِیْنَا ③ کَشْفُوْطَطْ ④ کَشَافَطْیُوْنَسْ ⑤ تَبْیُوْنَسْ ⑥ فَطْیُوْنَسْ ⑦ بَوَانَسْ بَرْنُسْ ⑧ وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ وَلَوْ شَآءَ لَھَدٰکُمْ اَجْمَعِیْنَ

برائے دریافتِ دزد۔ چور کے پیٹ میں ضرور درد ہوگا

ترنج کے پتے لاکر ہر ایک پتہ پر اس آیتِ کریمہ کو لکھے اور جن افراد پر شبہ ہو ان کے نام اس آیت کے نیچے لکھے اور آگ میں جلائے چور کے پیٹ میں شدید درد ہوگا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَۃُ فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَھُمَا جَزَآءً بِمَا کَسَبَا نَکَالًا مِّنَ اللّٰہِ۔

برائے دریافت دزد اور چور کے سر کے تمام بالوں کا گرنا

اگر کسی کے ہاں چوری ہو جائے اور اس کا چور معلوم نہ ہو تو عامل دس مرتبہ درود شریف شنگرف پر پڑھ کر اپنی ران پر ملے اور چالیس بار ان اسمار کو استرہ پر پڑھ کر اپنی ران کے بال مونڈے چور کے سر کے تمام بال خود بخود اتر جائیں گے۔ یہ ایک عجیب عمل ہے۔

چور معلوم کرنے کا عمل

جن کے اوپر چوری کا شبہ ہو ان کے نام علیحدہ علیحدہ کاغذ پر لکھ کر

گیہوں کے آٹے میں گولے بنالیں اور ایک طشت پانی سے بھر لیں۔ اور اس کے بعد آیت الکرسی اور چاروں قل ایک ایک مرتبہ پڑھ کر ان گولوں کو پانی میں ڈالیں۔ چور کے نام کا گولہ اوپر آئیگا اور باقی غرق ہو جائیں گے۔ لیکن حضرت شاہ ولی اللہ محدث دھلوی "القول الجمیل" میں رقمطراز ہیں کہ اس قسم کے اعمال پر یقین کا درجہ نہ رکھے اور خواہ مخواہ متہم شخص سے نہ اُلجھے۔ اگرچہ اس کا نام بھی عمل میں نکل آئے۔ اس لئے کہ معاملہ حقوق العباد کا ہے اور یہ اعمال ظنی اور یقینی نہیں جب تک قرینہ واضح طور پر نہ ہو۔

برائے بند نمودنِ مار و کژدم و بھڑ

یعنی سانپ کو کیل دینا جس سے وہ حرکت نہ کر سکے۔ جن کنکریوں پر پانی نہ لگا ہو ان پر سات مرتبہ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّاَکِیْدُ کَیْدًا [1] پڑھ کر دم کرے سانپ، بچھو اور بھڑ پر مارے ان میں سے کوئی بھی اپنی جگہ سے حرکت نہ کر سکے گا۔

برائے فرزند عقیمہ

۷۸۶

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

اس نقش کو عورت عقیم کی کمر میں باندھیں خدا کے حکم سے لڑکا پیدا ہوگا۔

[1] طارق

ایضاً برائے فرزند عورت عقیمہ

د ۴	ط ۹	ب ۲
ج ۳	ھ ۵	ز ۷
ح ۸	ا ۱	و ۶

اس نقش کو عورت کے بائیں ران پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ فرزندِ نرینہ پیدا ہوگا

مجرب نواب صدیق حسن مرحوم

پیپل کے تین پتوں پر ہر پتے پر بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ قُلۡنَا يٰنَارُ كُوۡنِىۡ بَرۡدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبۡرٰهِيۡمَ ۔ وَاَرَادُوۡا بِهٖ كَيۡدًا فَجَعَلۡنٰهُمُ الۡاَخۡسَرِيۡنَ لکھ دیں مریض وقت بخار سے تین گھنٹے پہلے ایک پتہ زبان سے چاٹ لے پھر ایک گھنٹہ بعد دوسرا پھر تیسرا، وقت سے پہلے چاٹ لے انشاء اللہ تعالیٰ باری کا بخار کبھی نہ ہوگا

نقش برائے عرق النسار یعنی لنگڑی کا درد

ہدایات اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں

پہلے مریض کو الٹا لٹا دیں پھر گری کے اوپر جو سخت لکڑی ہوتی ہے اس کی پیالی میں تعویذ کا نقش رکھیں اور سات پرت کپڑے کی گدی بنا کر مریض کے کولہے کی ہڈی پر رکھیں اوپر سے نقش کی پیالی رکھیں۔ اور کپاس کی لکڑی دو عدد لے لیں ایک لکڑی کے کنارے میں آگ لگا کر نقش پر رکھیں جب اس لکڑی کی آگ بجھ جائے تو دوسری لکڑی کو آگ لگا کر جو پہلے ہی سے تیار رکھی ہو اس نقش پر رکھ دیں۔ اسی طرح بار بار دونوں لکڑیوں کو نقش پر رکھیں مریض کو ایسے وقت میں سخت پریشانی ہوگی دو آدمی مریض کو پکڑے رہیں۔ پھر مریض کے مقامِ ماؤف پر اسی وقت چھالہ پڑ جائے گا کچھ دیر بعد چھالوں پر مکھن وغیرہ لگا دیں چھالہ ٹھیک ہو جائے گا۔ ایک ہی دفعہ اس عمل سے مریض اچھا ہو جاتا ہے۔ بعض مریضوں کو دوبارہ بھی اس عمل کی ضرورت پڑتی ہے

نقش برائے عارضہ پسلی طفلان

۷۸۶

یا ھادی	یا اللہ
یا ھادی	یا اللہ
یا ھادی	یا اللہ
یا فتاح	یا فتاح

ڈبہ اطفال یعنی بچوں کا مرض پسلی، جس بچہ کو پسلی کا عارضہ ہو جائے یہ نقش باندھیں۔

ایضاً برائے پسلی طفلان کوچکان

(نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

یاسلام	یاحفیظ	یامؤمن	یاشافی
۱۴۲	۱۰۰۹	۱۴۷	۳۱۰۲
۱۴۸	۳۱۰۱	۱۴۳	۱۰۰۸
۳۱۰۰	۱۴۵	۱۰۱۱	۱۴۴
۱۰۱۰	۱۴۶	۳۰۹۹	۱۴۶

یہ نقش واسطے تلی کے گلے میں ڈالیں

مرض مالیخولیا یعنی مرضِ وہم

درحقیقت یہ مرض مالیخولیا مرضِ وہم ہے جس میں مریض ہمیشہ دوست کو دشمن سمجھتا ہے یا دشمن کو دوست۔ اس بیمار پر ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ معوذتین اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کی جائے
مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ

ایضاً برائے مالیخولیا

مالیخولیا کے مریض کے سر پر یہ آیت تین سو تیرہ مرتبہ روغنِ چنبیلی پر دم کر کے مالش کیا جائے۔
فَانْظُرْ إِلٰى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

برائے اولادِ عقیمہ

جب عورت حیض سے فارغ ہو جائے تو بکری کا ایک موٹا فربہ بچہ

ذبح کر کے دیگچی میں پکا کر اس کی یخنی دن میں پی لے اور یہ آیت پاک و صاف برتن میں اس طرح لکھے کہ کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو اور پھر اسے دے کر وہ پانی بوقتِ جماع عورت پی لے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے استقرارِ حمل ضرور ہو جائیگا اور بچہ پیدا ہوگا۔

